روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
October'19
جلد نمبر 10
Rs.100
شمارہ نمبر 6
روحانی مسائل نمبر
جنات کا حملہ
کاروبار میں یقینی برکت
اللہ اکبر
وھو معکم این ما کنتم
اللہ اکبر
بندش، دشمنی، نظر بد اور حسد سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل
بیٹیوں کی شادی کا خاص وظیفہ
کاروبار رزق قرض روزگار نوکری کے مسائل اور ان کا روحانی حل
خطرناک عاملہ ساحرہ سے نجات
جادو اور جنات سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل
جان لیوا جادو سے والد کی وفات
گیارہ یوم میں جادو اور جنات سے نجات
محبت، شادی، زوجین، اولاد سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazina.ruhaniyaat
khazinaruhanyat

بدعاء پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مفتی محمد حسن صاحب دامت برکاتہم العالیہ

دار العمل چشتیہ کا سالانہ روحانی، اصلاحی، تربیتی عملیاتی

ان شاء اللہ حسب سابق صفر المظفر ۶، ۷، ۸ سنہ ۱۴۴۱ھ

بمطابق 6,7,8 اکتوبر سنہ 2019 کو منعقد ہوگا۔

❁ سخت سے سخت جادو، جنات کا علاج سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ بڑے بڑے اعمال کی ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ باموکل اعمال کی کامیاب ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ روحانی کلاسز و روحانی لیکچرز میں بہت کچھ سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ عملیاتی زندگی میں کامیابی کے اصول سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ مضبوط ترین روحانی معالج بننے کے خاص راز جانیے وہ بھی صرف 3 دن میں

نوٹ: قیام کرنے والے حضرات اپنا اصلی شناختی کارڈ ساتھ لائیں ٭ موسم کے مطابق بستر، کپڑے، مسواک، خوشبو، تسبیح اپنے ہمراہ لائیں ٭ عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہو جاتے ہیں۔ ٭ باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کر دیں۔ شکریہ۔

خوشخبری

اس سال دار العمل چشتیہ کے زیر اہتمام اجتماع حزب البحر لاہور کے علاوہ اسلام آباد اور کراچی میں بھی منعقد ہوگا! ان شاء اللہ

زیر نگرانی حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی

بیدیاں خاص جامع مسجد اللہ اکبر لاہور

0304-7772772

محترم عبد القیوم قاسمی صاحب

مسجد غنم، مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد

بلدیہ ٹاؤن سیکٹر 8/D کراچی

0341-2444682, 0334-3277892

زیر نگرانی مولانا ممتاز صاحب 0306-4758334

محترم جناب مولانا محمد قاری ابوبکر اعوان صاحب

(خطیب) جامع مسجد سیدنا اسماعیل سیکٹر، 1-10/3

گرڈ اسٹیشن، انڈسٹریل ایریا، اسلام آباد

0312-5347031, 0300-5347031

زیر نگرانی علی آفاق 0305-7772772

نوٹ: اسلام آباد اور کراچی کے تمام شرکاء اجتماع سے گذارش ہے کہ اپنے تمام کرنے والے اعمال روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ، لاہور سے وقت سے پہلے حاصل کرلیں تاکہ عین وقت پر کوئی دشواری نہ ہو شکریہ

رابطہ روحانی درسگاہ 0333-7772775

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: JazzCash (موبی لنک)، easypaisa (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0092-343-7772772 پر SMS کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa / UBL Omni 0092-343-7772772

JazzCash 0092-302-8401977

4 ڈیپازٹ: خزینہ روحانیات کے لئے نمبر 1 میں اور باقی تمام شعبہ جات کے لئے نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔

1 بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔

2 بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔

ادائیگی کی تفصیلات کے لیے: darulamal.org/Payment

ممبرشپ بذریعہ Email/ Whatsapp: 600 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 25 تاریخ کو رسالہ Email کیا جائے گا

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamalchishtia

darulamalchisht

موبائل: 0343-7772772 0322-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور 54570 فون: 042-35410586

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

صفر المظفر ۱۴۴۱ھ

اکتوبر 2019ء

روحانی مسائل نمبر

قارئین و ممبران ماہنامہ خزینہ روحانیات توجہ فرمائیں

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی 10 سال مسلسل اشاعت بلاشبہ ایک مشکل امر ہے۔ اور وہ بھی اتنی کم قیمت پر، مجلس مشاورت میں اس معیاری ماہنامہ کی قیمت کے اضافہ پر بات کی گئی ہے کہ آج ڈالر 157 کا ہو چکا ہے۔ مہنگائی کہاں سے کہاں پہنچ گئی۔ ماہنامہ خزینہ روحانیات کی تیاری ایک یا دو فرد کی بات نہیں، ماہنامہ خزینہ روحانیات کی تیاری مختلف مراحل سے گزر کر ہوتی ہے۔

پہلا مرحلہ: شروع ہوتا ہے تو رسالہ کے مضامین کی ترتیب، ایڈیٹنگ، کمپوزنگ، گرافکس، ڈیزائنگ وغیرہ۔

دوسرا مرحلہ: کاغذ کی خریداری، پرنٹنگ پریس پر چھاپنے کے اخراجات، رسالہ کی بائنڈنگ پھر۔

تیسرا مرحلہ: رسالہ کی ترسیل کا، ریلوے، محکمہ ڈاک، کوریئر کمپنی سے بھیجنے کا سلسلہ۔

چوتھا مرحلہ: اندرون ملک میں نامزد نیوز ایجنسیوں سے رقم کی وصولی، وہ بھی اس صورت میں ہوتی ہے کہ رسالہ کی فروخت کس حد تک ہوئی ہے۔

یہ مکمل ٹیم کا کام ہے، ادارے کے اپنے بھی اخراجات ہیں۔ جن میں ملازمین کی تنخواہ اور دیگر اخراجات شامل ہیں۔ یہ سب کچھ مفت میں نہیں ہوتا، لہٰذا ماہنامہ خزینہ روحانیات خرید کر پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ جن شہروں میں ماہنامہ نہیں ملتا ہمیں مطلع کریں، ہم ان تک پہنچانے کا بندوبست کریں گے یا پھر آپ ماہنامہ خزینہ روحانیات کے سالانہ ممبر بن جائیں۔ زیادہ سے زیادہ ماہنامہ خزینہ روحانیات اپنے دوستوں، عزیز واقارب کو متعارف کروائیں تاکہ آپ کے تعاون سے ادارہ مزید بہتر کارکردگی ثابت کر سکے۔ خود سوچیں جو علم آپ پڑھ رہے ہیں اس میں مکمل طور پر ادارہ کی محنت لگتی ہے اور یہ سرمایہ کے بعد شائع ہوتا ہے۔ مجلس مشاورت میں طے پایا ہے کہ نومبر 2019 سے ماہنامہ خزینہ روحانیات کے عام شمارے کی قیمت 50 روپے سے بڑھا کر 60 روپے کی جائے اور خاص نمبروں کی قیمت 80 روپے سے بڑھا کر 100 روپے کر دی جائے۔

خوشخبری: البتہ جو لوگ اکتوبر 2019 میں نئی ممبرشپ کروائیں گے یا جو ممبران ممبرشپ کی تجدید کروائیں گے اُن کیلئے پرانا ریٹ ہوگا یعنی عام ڈاک 600 روپے اور رجسٹرڈ ڈاک 1000 سالانہ ہوگی۔ اکتوبر 2019 کے بعد ممبرشپ عام ڈاک سے 800 روپے اور رجسٹرڈ ڈاک سے 1200 روپے ہوگی۔ امید ہے آپ حضرات بھرپور تعاون فرمائیں گے۔ شکریہ (ادارہ)

چند ضروری باتیں حزب البحر کے حوالے سے

مولانا سلیم اللہ صاحب

دارالعمل چشتیہ کا سالانہ تربیتی عملیاتی، روحانی اجتماع حزب البحر اس سال لاہور کے علاوہ اسلام آباد اور کراچی میں بھی ہوگا۔ اجتماع حزب البحر بزرگان دین کے بتلائے ہوئے طریقے کے مطابق تینوں مقامات پر ایک ہی مقررہ تاریخ یعنی 5 صفر نماز مغرب سے شروع ہو کر 8 صفر المظفر تا نماز مغرب جاری رہے گا۔ 8 صفر المظفر بعد نماز مغرب الوداعی، اجتماعی اور اختتامی دعا کے ساتھ اجتماع اختتام پذیر ہوگا۔ اسلام آباد کے اجتماع میں اسلام آباد، راولپنڈی اور ان کے مضافات اور قریبی شہروں کے علاوہ پورے صوبہ کے پی کے سے تشریف لانے والے احباب کیلئے انتظام ہوگا۔ اسلام آباد اجتماع جامع مسجد سیدنا اسماعیل گرڈ اسٹیشن آئی ٹین تھری میں منعقد ہوگا۔ اجتماع کے تمام تر انتظامات مولانا قاری محمد ابوبکر اعوان صاحب سرانجام دیں گے۔ اعمال کیلئے تشریف لانے والے احباب کو تمام اعمال کا طریقہ کار سمجھانے اور بتلانے اور تربیتی امور کیلئے مولانا علی آفاق صاحب دارالعمل سے تشریف لائیں گے۔ کراچی اجتماع میں اہالیان کراچی مضافات اور پورے صوبہ سندھ کے احباب کیلئے انتظام ہو گا۔ کراچی اجتماع جامع مسجد غنم مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد نمبر 8 بلدیہ ٹاؤن میں ہوگا۔ کراچی اجتماع کے تمام تر انتظامات کی ذمہ داری مفسر قرآن مولانا قاری عبدالقیوم قاسمی صاحب کے ذمہ ہوگی۔ شرکاء اجتماع کے تربیتی امور کیلئے دارالعمل سے مولانا قاری ممتاز صاحب تشریف لے جائیں گے۔ لاہور اجتماع حسب سابق پرانی جگہ جامع مسجد اللہ اکبر بیدیاں میں ہوگا۔ اجتماع کے انتظامات کی ذمہ داری احقر کی ہوگی اور سرپرستی استاد العاملین حضرت ڈاکٹر صاحب حفظہ اللہ فرمائیں گے۔

اجتماع میں دعائے حزب البحر، حزب النصر کی زکوۃ صغیرہ وکبیرہ کے علاوہ بے شمار نوری وعلوی اعمال کے علاوہ اعمال اولیاء کی زکوۃ نکلوانے کا انتظام ہو گا۔ اجتماع میں تشریف لانے والے احباب کیلئے ان کی سہولت، ان کے فائدے اور بہتری کیلئے جو جو بھی قواعد وضوابط یا اصول مرتب ہوں گے۔ ان کی پابندی لازمی ہوگی۔ بصورت دیگر اجتماع کی انتظامیہ آپ کی خدمت سے معذرت خواہ ہوگی۔

اجتماع میں شرکت کا ارادہ رکھنے والے احباب دارالعمل کی طرف سے جاری کردہ بروشرز یا خزینہ روحانیات کے سابقہ شماروں میں شائع کیے جانے والے اصول وضوابط اور اجتماع میں شرکت کی شرائط کا لازمی مطالعہ فرمائیں۔

اسلام آباد اور کراچی کے اجتماعات کے اعلان کے بعد کچھ احباب نے لاہور کے اجتماع میں آنے کی اجازت چاہی ہے۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ اعمال تو ہم نے کرنے ہی ہیں۔ یہاں کریں یا وہاں کریں، بات اعمال کی نہیں ہے اصل بات تو پیر طریقت استاد العاملین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب کی زیارت اور صحبت کی ہے۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ مصروفیات کے اس دور میں ویسے تو آنا مشکل ہوجاتا ہے۔ اجتماع ایک بہانہ ہے۔ اس بہانے سے استاد جی سے ملاقات، استاد جی کی زیارت اور استاد جی کے پاس رہنے کی سعادت نصیب ہوجاتی ہے۔ تو ایسے تمام احباب کو لاہور اجتماع میں شرکت کی اجازت ہے۔ باقی احباب اپنے اپنے علاقائی اجتماع میں شرکت کریں۔ مطلوبہ اعمال کی زکوۃ نکالیں۔ استاد جی کی طرف سے یہ حکم ہے ہر ساتھی حزب البحر کی زکوۃ ضرور نکالے۔ اجتماع میں رہ کر روحانی برکات کو سمیٹیں۔ اپنی بیاضوں اور اپنے اپنے اعمال کے متعلق جو سوالات ان کے ذہنوں میں ہیں ان کو آکر پوچھیں۔ اپنے اعمال کو مضبوط بنائیں۔ حفاظت وحصار کے اعمال کی طرف خصوصی توجہ دیں۔ آپ کی سہولت کے لیے ان اجتماعات کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ان اجتماعات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، تربیتی نشستوں میں حاضری کو یقینی بنائیں۔ جو احباب کسی مجبوری کی وجہ سے 3 دن شرکت نہ کرسکیں وہ اختتامی مجلس میں لازمی شریک ہوں۔ اجتماعات کی تمام تر تفصیلات اور معلومات کیلئے دیے گئے نمبرز پر رابطہ فرمائیں۔ یہ روحانی اجتماع فقط روحانی عاملین کیلئے ہی نہیں ہے۔ بلکہ اس اجتماع کو ہر وہ شخص جو دور حاضر میں جادو، جنات، نظر بد، اور مختلف قسم کے روحانی مسائل کا شکار ہے۔ غنیمت اور نعمت عظمیٰ سمجھتے ہوئے مختصر وقت میں تمام مسائل سے نجات، چھٹکارے اور حفاظت کے اعمال سیکھنے کیلئے ہر حال میں اپنی شرکت کو یقینی بنائے۔

مولانا علی آفاق

اداریہ

خاص نمبر ”آپ کے روحانی مسائل اور ان کا حل“

محترم قارئین کرام! الحمد اللہ آج آپ کے ہاتھوں میں ہمارے ادارے کے زیراہتمام شائع ہونے والے رسالے ”ماہنامہ خزینہ روحانیات کا اٹھارواں خاص نمبر“ ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کا جتنا شکرادا کیا جائے کم ہے۔ ان نو سالوں میں ہم نے بہت کچھ سیکھا اور قارئین تک پہنچایا۔ ہمارے ادارے دارالعمل چشتیہ لاہور کا امتیاز اور خوبی یہ ہے کہ ادارہ نہ صرف روحانی علاج، نفسیاتی مسائل کا حل، خواتین کے پیچیدہ مسائل کا حل ہی آپ کی خدمت میں پیش نہیں کرتا بلکہ تمام دنیا بھر سے قارئین کے مسائل کے حل اور مستقل حل کیلیے ان کو روحانی علوم کی تربیت بھی پچھلے تقریبا 25 سال سے بخوبی نبھار رہا ہے۔ اب ساری دنیا میں پھیلے ہوئے لاکھوں قارئین اور متوسلین اور شاگرد اور دیگر محبین اس کا منہ بولتا ثبوت دیں۔ میرے نزدیک علاج کردینا، تعویذات دے دینا، وظائف کی طرف راہنمائی کردینا، پرہیز، احتیاطی تدابیر اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بے بہرہ اور نابلد رکھنا اور مریض کی کمزوری اور تکمیل اپنے ہاتھ میں رکھ کر صرف پیسے بٹورنے کی نیت سے ہر کام کے پیسے طلب کرنا اخلاقی، معاشرتی اور سماجی عیب ہے۔ اس لئے ہمارے ادارے کی ہمیشہ سے یہ خواہش اور کوشش ہوتی ہے کہ آنے والے سائل اور مریض کو سحر مسلسل، بیماریوں، گھریلو ناچاقیوں، بے اولادی، بندش رشتہ، روزگار کے مسائل، اولاد کی نافرمانی، جادو کی ستم ظریفیوں، مثلاً کپڑے کٹنا، خون کے چھینٹے پڑنا، پانی کے چھینٹے پڑنا، بدبو یا خوشبو کے مسائل، ہڈیوں، مردہ جانوروں، مردہ پرندوں، خون یا تازہ گوشت کا ملنا، سمیت گھروں میں پتھروں کا آنا، جنات کے سائے، جنات کی موجودگی کا احساس، جنات کا جماع کرنا، گھر میں دل کا نہ لگنا، گھر سے باہر حالات، موڈ کا خوشگوار رہنا اور گھر سے بھاگ جانے، بیوی کو طلاق دینے یا بیوی کا طلاق کا مطالبہ کرنے کو دل کرنا، ساس، بہو کے مسائل، بیرون ملک سفر کا ممکن نہ ہونا، ہر کام میں بے جا رکاوٹ اور دیر ہو جانا، روپے پیسہ کے باوجود اس میں برکت کا اٹھ جانا، روپے پیسے کا تھانہ، کچہری، ہسپتال، ڈاکٹر، ٹیسٹ پر خرچ ہو جانا، کاروبار کا تباہ ہو جانا، کاروبار کرنے میں رکاوٹ آنا، سونے میں ہاتھ ڈالیں تو مٹی ہو جانے کا مسئلہ، شوہر کی بے اعتنائی، بیوی کی بے وفائی ایسے حالات ہیں کہ اس میں عامل مریض کو ہر لمحہ روپے پیسے کے ابھائے میں رکھتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مایوسی اور ناامیدی کے سوا مریض اور اہل خانہ کے ہاتھ کچھ نہیں آتا، لہٰذا ہمارے ادارے ”دارالعمل“ کی آواز غور سے سنیں اور یہ فیصلہ کریں کہ آئندہ حالات کے مقابلے اور درست سمت میں ہمیشہ کیلیے حفاظت، حصار کے اعمال اور دشمن کے خلاف ہتھیار اور ضدی اور ناعاقبت اندیش دشمن کے خلاف ”واپسی سحر کے اعمال“ ایسا لائحہ عمل ہے کہ جس کے بعد اچھے بھلے جادوگر کو پسینہ آجاتا ہے۔ لہٰذا ان تمام ”روحانی مسائل کے حل“ کے لئے اصل، حقیقی اور مستقل حل تو آپ کی خدمت میں پیش کردیا۔ باقی رہا اب ہمارے ”خاص نمبرز“ کی بات تو یہ ہمارا میگزین دنیا میں واحد مجلہ ہے کہ جس میں تمام ”روحانی مسائل“ کے حل الحمدللہ موجود ہیں۔ لہٰذا تمام قارئین اور ہمارے ادارے سے وابستہ شاگرد اور دیگر عام عاملین جو ادارے سے مشاورت میں ہوتے ہیں وہ اپنے سائلین اور اپنے تمام مسائل میں یہ سارے وظائف ہی پڑھیں جن کی عام اجازت ہے۔ انہیں جاری رکھیں اور سائلین کو بھی تجویز کریں۔ اس کی برکت سے آپ کے تمام سائل اور آپ کے سائلین نا صرف مطمئن ہوں گے بلکہ آپ کی پاک نامی کا باعث بنیں گے۔ یہ میگزین آپ کو ہزار ہا کتب، مستند عاملین، کاملین اور لوگوں کی احتیاج اور محتاجی سے بے نیاز کردے گا۔ آپ تمام دوستوں سے گزارش ہے کہ اس میگزین کے متعلق فیڈ بیک ضرور دیں تاکہ ہم اس طرح کی روحانی خدمت کو مزید بہتر بنائیں اور آخری بات یہ ہے کہ شاگرد حضرات اور سائلین و قارئین ادارے کی برکت، ترقی و کامیابی کے لئے دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری تمام خدمات میں اخلاص عطاء فرمائے اور ادارے کے فائدے کو عام و تام فرمائے۔ آمین

روحانی مسائل نمبر کی خصوصیات جاننے کے لیے ضرور پڑھیں

مولانا سلیم اللہ صاحب

معاشرے کا ہر فرد ہی روحانی مسائل کا شکار ہے۔ پورے کے پورے خاندان، فیملیز، ہر فیملی ممبر بے پناہ مسائل و معاملات کی دلدل میں پاؤں سے لے کر سر تک پھنسا ہوا ہے۔ ہر شخص کسی سچے مسیحا کی تلاش میں ہے جو اس کو اس کے مسائل سے نجات دلانے کا راستہ بتلائے، پریشانیوں سے اس کی جان چھڑائے۔ صبح سے شام تک وہ روحانی تعاون، روحانی مدد، روحانی سپورٹ کیلئے روحانی بزرگوں اور روحانی کتابوں، رسالوں کی جستجو میں رہتا ہے، جن سے اس کو کوئی ایسا مجرب، آزمودہ، وظیفہ یا عمل مل جائے کہ جس کے پڑھتے ہی اس کو اور اس کے پورے گھرانے کو راحت و سکون مل جائے اور ان کی خوشیاں واپس لوٹ آئیں۔

روحانیات کے شعبے سے منسلک روحانی معالجین چاہتے تھے کہ کوئی ایسی کتاب ہاتھ لگ جائے کہ جس میں صدری مجربات ہوں، تیر بہدف وظائف ہوں، اس کتاب میں ان وظائف و اعمال کا طریقہ استعمال بھی ہو کہ ہم ٹھیک طریقے سے اپنے متعلقین کو سمجھا بھی سکیں۔ ان دونوں چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے روحانی مسائل نمبر نکالا جا رہا ہے کہ اس کو سمجھنا، عوام کیلئے بھی آسان ہو اور عوام الناس کی روحانی خدمت کرنے والوں کیلئے بھی آسان ہو۔ اس خاص نمبر میں یہ خصوصیت ہے کہ اس میں تمام وظائف بہت ہی آسان، طریقہ آسان، پڑھنا آسان، سمجھنا آسان، عمل کرنا آسان اور اس میں سے تلاش کرنا آسان ہے۔ اور دوسروں کو سمجھانا، بتلانا بھی آسان ہے۔

امت کے خاص طبقات، جن سے لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے رجوع کرتے ہیں، ان سب یہ ایک کیلئے عظیم روحانی تحفہ ہے۔ یہ خاص نمبر ان سب حضرات کیلئے ایک بہترین رہنما بھی ثابت ہوگا۔

بعض حضرات ہر کسی کو ایک ہی وظیفہ دیتے رہتے ہیں یا پھر کام کچھ اور وظیفہ کچھ اور بتلاتے رہتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ ہر مرض کیلئے ایک ہی دوائی بہت کم فائدہ مند ہوتی ہے اور غلط دوائی سے نقصان بھی پہنچ سکتا ہے۔ دوا بھی ٹھیک ہو اور اسی مرض کی ہو۔ یہ نہ ہو کہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ اسی طرح ہر مقصد کیلئے ایک ہی وظیفہ یا ایک ہی عمل دینا یا بتلاتے رہنا ٹھیک نہیں ہوتا، الا ماشاء اللہ۔ اور غلط یا ٹھیک وظیفہ نہ بتلانا تو بہت ہی غلط کام ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہر وظیفہ کیلئے کچھ چیزوں کا خیال رکھنا بہت ہی ضروری ہوتا ہے۔ مثلاً (۱) کون سا وظیفہ دیا جائے؟ (۲) وظیفہ پڑھنے کی تعداد کیا بتلائی جائے؟ (۳) وظیفہ پڑھنے کا وقت کون سا بتلایا جائے؟ (۴) وظیفہ پڑھنے میں کون سا وقت زیادہ موثر رہے گا؟ (۵) وظیفہ پڑھنے کا طریقہ کیا ہونا چاہیے؟ (۶) وظیفہ پڑھنے کی ترتیب کیا ہونی چاہیے؟ (۷) وظیفہ پڑھنے کے آداب کیا ہونے چاہیں؟ (۸) وظیفہ پڑھنے کے اصول کیا ہیں؟ (۹) وظیفہ پڑھنے کے قواعد وضوابط کیا ہوتے ہیں؟ (۱۰) وظیفہ پڑھنے کے خواص کیا ہوں گے؟ (۱۱) وظیفہ پڑھنے کے فوائد کب تک سامنے آئیں گے؟ (۱۲) وظیفہ پڑھنے کے فوائد کس صورت میں بالکل نہیں ملیں گے؟ (۱۳) وظیفہ پڑھنے کے دوران کیا کام کرنے ہیں اور کون کون سے پرہیز ہیں وغیرہ وغیرہ۔ روحانی مسائل نمبر میں ذکر کیے گئے وظائف تمام افراد کیلئے بھی بہت ہی زبردست تحفہ ہیں اور عوام الناس کیلئے بہت ہی کامیاب لائحہ عمل ہے۔ اس کو لازمی اپنے پاس رکھیں۔ اپنے دوستوں کو گفٹ کریں، اپنے مریدوں، اپنے متعلقین، اپنے رشتہ داروں، اپنے عزیزوں، اپنے ساتھیوں کو گفٹ کریں یا منگوانے کی ترغیب دیں۔ فائدہ بتلائیں۔ روحانی نمبر کی خاص اور اہم بات یہ ہے کہ ان تمام وظائف کی ہر ایک کو عام اجازت ہے۔ روحانی مسائل نمبر کے تمام وظائف آپ کو خود کرنے کی، دوسروں کو بتلانے کی استاذ العالمین حضرت خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص اجازت ہے اور عام اجازت ہے۔

اللہ پاک امت مسلمہ کی تمام پریشانیوں کو اپنے خاص فضل و کرم سے دور فرمائیں۔ آمین ثم آمین

جنات سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

جنات کا معاملہ

سوال میری شادی اکتوبر 2007 کو ہوئی۔ دسمبر 2007 کو مجھے حمل ٹھہرا۔ دسمبر میں ہی ایک دن صبح اٹھ کر دیکھا تو بستر پر خون کے چھینٹے تھے۔ اور اگلے دن ہی میرا اسقاط ہوگیا۔ پھر میں پاکستان آئی اور لاہور میں مولانا عبدالرحمن صاحب سے علاج کروایا۔ انہوں نے پلیٹوں کا علاج دیا۔ کچھ میں نے پاکستان میں کیا اور باقی بحرین لے کر چلی گئی۔ وہاں بھی پلیٹیں استعمال کرتی رہی۔ ایک دن رات کو تین سے چار بجے کے درمیان وہ چیز میرے سامنے آگئی۔ میری رات کو آنکھ کھلی تو وہ میرے بستر کے ساتھ کھڑی تھی۔ بس ایک بار ایسا ہوا۔ پلیٹوں سے مجھے کافی فرق پڑا اور الحمدللہ مجھے حمل ٹھہرا اور بیٹا پیدا ہوا جو الحمدللہ ٹھیک ہے۔

کافی عرصہ سے میری کیفیت عجیب سی ہو رہی ہے۔ غنودگی رہتی ہے۔ پورا جسم سن رہتا ہے۔ آنکھیں بند ہوجاتی ہیں۔ کھولنے کی کوشش کروں بھی تو نہیں کھول سکتی۔ لوگوں کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ اور بند آنکھوں سے اپنے شوہر اور ساس کو بھی دیکھتی ہوں۔ یہ کیفیت عموماً صبح 12-9 بجے کے درمیان ہوتی ہے۔ اور عموماً اس وقت جب کہ میرے شوہر گھر پر نہ ہوں۔ ہر وقت لگتا ہے کہ کوئی کالی سی چیز موجود ہے۔ کھڑکیوں سے خوف آتا ہے۔ میں کھڑکیوں کی طرف نہیں دیکھ سکتی۔ کوئی چڑیل کی طرح کی چیز ہے۔ واش روم میں کوئی کالی سی چیز نظر آتی ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ میں نفسیاتی مریضہ بنتی جا رہی ہوں۔ روزانہ سورۂ بقرہ کی تلاوت لگاتی ہوں۔ اور یہ کیفیت دورانِ تلاوت بھی ہوجاتی ہے۔ پھر جیسے لاشعور میں آیت الکرسی پڑھنے لگ جاتی ہوں تو وہ چیز مجھ سے اتر جاتی ہے۔

برائے مہربانی یہ چیک کریں کہ میرے ساتھ کیا معاملہ ہے؟ کیا کوئی اثر ہے یا پھر میں ہی نفسیاتی مریضہ بنتی جا رہی ہوں؟ مجھے، میرے بچے، شوہر اور گھر کو بھی چیک کرلیں۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی اور اگر کوئی اثر ہے تو اس کا علاج بھی بتائیں۔ (سدرہ، بحرین)

جواب سب سے پہلے تو 1100 مرتبہ یاقویُ روزانہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کیا کریں۔ اس سے آپ کے اندر روحانی طاقت آئے گی۔ آپ کافی متاثر ہیں اور بزدل بھی۔ ساتھ ہی روزانہ سات سات مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ سوۂ فاتحہ، آیت الکرسی، چاروں قل پڑھ کر پانی پر، خود پر اور بچے پر دم کیا کریں۔ اور اس معمول کو جاری رکھیں۔

میری تشخیص میں آپ پر آسیبی اثر ہے۔ ساتھ ہی آپ نفسیاتی بیمار بھی ہوتی جا رہی ہیں۔ اس کا جلد علاج کروائیں۔

زانی جنات اور جادو

سوال میرا جب ایک مولانا سے علاج ہو رہا تھا تو میں یہ خواب دیکھتی تھی کہ جسم کے مخصوص حصہ سے خون آرہا ہے۔ اور ہوتا بھی زیادہ ہے۔ ان مولانا نے فرمایا تھا کہ آپ کے لئے نقصان کی علامت ہے۔ اب کچھ دنوں سے پھر یہی مسئلہ ہے۔ خواب آتا ہے۔ اور جب آنکھ کھلتی ہے تو ناف کے نیچے اور کمر میں شدید درد ہو رہی ہوتی ہے۔ (روزینہ اسماعیل خان)

جواب میرے رائے میں یہ جادو کا معاملہ ہے۔ آپ پر سحر کروایا جا رہا ہے۔ ساتھ ہی جو جنات اثر انداز ہو رہے ہیں، وہ آپ سے زنا بھی کر رہے ہیں۔ اس کے لئے باقاعدہ کسی عامل سے ہی علاج کروانا پڑے گا۔ خود سے جتنا بھی کرلیں، مکمل افاقہ نہ ہوگا۔ اور عامل بھی وہ، جس کے پاس جناتی طاقت ہو۔ تاکہ وہ آپ پر مسلط خبیث جنوں کو پکڑوا سکے یا ہٹا سکے۔ جب تک کسی عامل سے رابطہ نہ ہو، ہر نماز کے بعد اول و آخر سات بار درود شریف کے

ساتھ آیت الکرسی اور چاروں قل سات سات بار پڑھ کر اپنے اوپر اور پانی پر دم کیا کریں۔ دن بھر پانی پئیں۔ رات کو دروازے، کھڑکی اور بستر پر چھڑک کر سوئیں۔ نیز یہی عمل پڑھ کر حصار کر کے سوئیں۔

جنات کا حملہ

سوال رات کو میں گھر میں سوتے ہوئے بہت زور سے ڈری ہوں۔ ایک بجے کا وقت تھا۔ زور کے چیخی بھی۔ اور کچھ دیر بے ہوش ہوگئی تھی۔ اس کے بعد رات کو میں سوئی نہیں۔ پھر مجھے بخار چڑھ گیا اور ٹانگوں میں شدید درد ہے۔ بلکہ سارا جسم درد کر رہا ہے۔ (روبیرہ اسماعیل خان)

جواب آپ پر جنات کی طرف سے رات کو حملہ ہوا تھا۔ ان شاء اللہ معاملہ جلد ٹھیک ہو جائے گا۔ آپ کو جو علاج دیا ہے، وہ جاری رکھیں۔ نیز اپنی حفاظت کا اور رات کو اپنے کمرے اور گھر کے حصار کا خاص خیال رکھیں۔ جنات کو گھر آنے کا راستہ ہم خود دیتے ہیں۔ جب گھر روحانی طور پر کھلا ہوا ہو، تو جن آ جائے، اس میں غلطی کس کی؟ اگر ہم اپنے گھر کے دروازے کھلے چھوڑیں اور چور چوری کر جائے تو غلطی کس کی؟ اس طرف زیادہ دھیان دیں۔

جنات قابو کرنا

سوال میں آپ سے جنات کو قابو کرنے کا فن سیکھنا چاہتا ہوں تاکہ جن میرے حکم کے مطابق کام کریں۔ مہربانی فرما کر میری رہنمائی فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ (عبدالمتین، نامعلوم)

جواب آپ کی باتوں سے آپ کا بچپنا جھلکتا ہے۔ ایک ادنیٰ سا پرندہ اور جانور آپ قابو کر کے دکھائیں۔ جن تو ایک بڑی مخلوق ہے۔ اور آخر آپ کیا کام لینا چاہتے ہیں جو کہ جن کے بغیر ہو ہی نہیں سکتا؟ انسان کو عاجزی کی زندگی گزارنی چاہئے۔ خدا نہیں بننا چاہئے۔ میرا خیال میں آپ یہ چاہتے ہیں کہ جو آپ کہیں، جس وقت کہیں، جو حکم دیں، وہ جن پورا کرے۔ آپ اس سے یقیناً غلط کام بھی لیں گے جو کہ نہیں لینے چاہئیں اور پھر نقصان بھی ضرور ہوگا کیونکہ بہرحال قابو کیئے جن نقصان بھی دیتے ہیں۔ اور غلط کام لینے والے کو یا اس کے گھر والوں کو تو چھوڑتے نہیں۔ تفصیل سے دوبارہ لکھیں، پھر رہنمائی کی بات ہوگی۔ اور ساتھ یہ بھی لکھیں کہ آپ نے کون کون سے چلے کئے ہوئے ہیں۔ اور اگر آپ نے کوئی بھی بڑے چلے نہیں کئے تو جن قابو کرنے کے بارے میں رہنمائی سے معذرت۔

جنات قابو کرنا

سوال محترم! مجھے جنات سے بہت محبت ہے۔ مجھے کوئی ایسا عمل کروادیں جس سے یہ میرے قابو میں آجائیں۔ جب میں بلایا کروں تو آیا کریں۔ تاکہ میں لوگوں کی خدمت کر سکوں۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی کہ آپ میری یہ خواہش پوری کروادیں۔ (ریاض خان، کراچی)

جواب آپ نے بھی عجیب بات لکھی کہ جنات سے محبت ہے لہٰذہ قابو میں کروا دیں۔ یہ اچھی محبت ہے کہ اگلے کو غلامی میں لے لو۔ بھائی میرے! میرے پاس کئی فون اور خطوط اس قسم کے آتے رہتے ہیں کہ جنات قابو کروا دیں۔ رسالے میں جو عمل چھپتے ہیں، اس سلسلے میں لوگ فون کرتے ہیں کہ ہمیں اجازت دے دیں تاکہ ہم جنات و موکلات کو قابو کر سکیں۔ میں ہمیشہ یہی سوال کرتا ہوں کہ غرض کیا ہے؟ اور ہر مرتبہ اس کا جواب دنیاداری ہوتا ہے۔ کہنے کو خلق خدا کی خدمت کہتے ہیں مگر پس پردہ کوئی خدمت کا جذبہ نہیں ہوتا۔ خلق خدا کی خدمت کا جذبہ جس میں ہوتا ہے وہ کسی نہ کسی طرح خدمت خلق کرتا رہتا ہے۔ صرف عملیات سے ہی خدمتِ خلق نہیں ہوتی۔ صرف پیسے سے ہی خدمتِ خلق نہیں ہوتی۔ نبی کریم ﷺ کی زندگی کا مطالعہ کریں تو بخوبی اندازہ ہو جائے گا۔

رہی بات کہ جنات قابو کروانے کی تو عرض ہے کہ میں آپ کو جانتا نہیں۔ اور کسی انجان کو ایسی ننگی تلواریں دینے کا انجام برا ہی ہوتا ہے۔ اللہ جانے آپ کیسے استعمال کریں۔ اور گناہ میرے سر بھی آئے۔ یہ عمل تو صرف ان کو ہی کروائے جاتے ہیں جن کو عرصہ سے انسان جانتا ہو، پرکھا ہو اور امتحان بھی لیا ہو۔ مزید جنات کی تسخیر کی شریعت میں جو شرائط ہیں، وہ بھی

پوری ہوتی ہوں۔ اس کے بعد سوچا جا سکتا ہے۔ میں دوسرے عاملین کی طرح پیسے کمانے نہیں بیٹھا کہ اتنے ہزار یا لاکھ دو، ہم عمل کروا دیں گے۔ اس سے بھی انکار نہیں کہ جس کو تسخیر کا عمل کروانا ہو، اس سے اچھی رقم لیتے ہیں، لیکن ہر کسی کو نہیں۔

آپ کے لئے مخلصانہ مشورہ تو یہی ہے کہ سب سے پہلے استخارہ کریں کہ کیا جنات کی تسخیر آپ کے لئے فائدہ مند ہے یا نقصان دہ۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔ اگر جواب نفی میں آئے تو یہ خیال ترک کر دیں۔ بہت سے لوگوں کو جنات کی تسخیر میں سخت رجعت میں مبتلا دیکھا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ ہی بتا رہے ہیں کہ نقصان دہ ہے تو پھر کوئی جواز نہیں کہ یہ عمل کیا جائے۔ کامیابی بھی نہیں ہوگی اور سخت مریض بھی بن جائیں گے۔

نوٹ یہ جواب ان تمام لوگوں کے لئے ہے جو بار بار فون کر کے جنات، ہمزاد یا موکلات قابو میں کرنے کے اعمال پوچھتے ہیں۔

شیطان صفت زانی جن

سوال میری بیٹی کا نام نسیم ہے۔ اس کے ساتھ دو سال سے کوئی جن ہے جو اس کے ساتھ بہت برا کرتا ہے۔ وہ صبح اٹھ کر بہت روتی ہے، اس کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ میں نے جتنی بار بھی علاج کروانا چاہا، اس کی تکلیف میں بہت زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے اور ہمارا بہت نقصان ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اس لئے اب تو علاج کروانا ہی چھوڑ دیا۔ آپ کا کسی نے بتایا ہے اور بہت امید لے کر آپ کے پاس آئی ہوں۔ اس لئے مہربانی فرما کر اپنی بہن کی مدد فرمائیں۔ (ساجدہ، لاہور)

جواب آپ کی بیٹی کے ساتھ ایک عامل قسم کا شیطان صفت جن ہے۔ آپ کا کام خطرناک ہے۔ آپ کو اکیس تعویذ دے رہا ہوں۔ مغرب کے بعد ایک تعویذ کے اوپر اور نیچے کالا سوتی کپڑا رکھیں اور کوئلے جلا کر اس پر تعویذ رکھیں اور ساتھ ہی حرمل بھی ڈالتی رہیں اور اس کی دھونی آپ کی بیٹی اپنی شرم گاہ پر لیتی رہے۔ ایک تعویذ کی مکمل دھونی لینی ہے۔ ان شاء اللہ وہ جن آپ کی بیٹی سے وہ کچھ نہیں کر سکے گا، جواب تک کرتا آ رہا ہے۔

اکیس فلیتے ہیں۔ ان کو روزانہ نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر رات کو جلانا ہے اور تین سے چار گھنٹے جلانا لازمی ہے۔ پھر سو جائیں اور چراغ کو جلتا رہنے دیں۔ تیل کم ہی رکھیں تاکہ مکمل جل جائے۔ صبح اگر مکمل نہ جلا ہوا ملے تو چراغ سے باہر نکال کر مکمل جلا کر راکھ، تیل اور چراغ کو کسی لفافے میں ڈال دیں۔ رات کو پھر نئے چراغ پر عمل کریں۔ اسی طرح اکیس دن عمل پورا کریں۔

آپ سورۂ مزمل روزانہ اکیس یا اکتالیس بار پڑھیں اور یہی عمل آپ کی بیٹی بھی کرے۔ میں نے انتظام کر دیا ہے۔ ان شاء اللہ وہ جن ہمارے سورۂ مزمل والے جنات کا مقابلہ نہیں کر سکے گا۔ جلد ہی آپ کی جان چھوٹ جائے گی۔ کام ہونے اور نہ ہونے...... دونوں صورتوں میں اکیس دن لگاتار عمل کرنا ہے۔

سخت جنات کا بسیرا

سوال میرا کافی بڑا کاروبار تھا۔ کئی فیکٹریاں تھیں۔ مگر اب حالات یہ ہیں کہ سب کچھ بک گیا، نیلام ہو گیا۔ ایک گھر ہے جس میں اب سب رہ رہے ہیں اور وہ بھی گروی ہے۔ بہت علاج کروایا مگر کوئی فرق نہیں پڑا۔ اب تو علاج کروانے کے لئے پیسے بھی نہیں ہیں۔ لاکھوں روپے عاملوں پر خرچ کئے۔ کئی کئی بکرے صدقے دیے۔ لیکن نقصان ہوتے ہوتے اب نوبت یہ ہو گئی ہے کہ قرض پر گزارا ہو رہا ہے۔ آپ کا کافی نام سنا ہے۔ مہربانی فرما کر میری اس سلسلے میں مدد فرمائیں۔ (میاں سلیم، کراچی)

جواب محترم! آپ کا مسئلہ تفصیل سے دیکھا۔ آپ دو مسائل کا شکار ہیں۔ سخت بندش اور جنات کا بسیرا، جو آپ کے گھر میں ہیں۔ آپ نے جن عاملوں سے علاج کروایا، ان کا مجھے نہیں پتہ۔ لیکن یہ جنات کوئی عام جنات نہیں۔ یہ عامل قسم کے جنات ہیں اور آپ کے علاج کروانے سے بہت چڑ گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے اب وہ کوئی بات سننے کو تیار نہیں۔ اور آپ کا زیادہ سے زیادہ نقصان کرنا چاہتے ہیں۔ جان سے مارنا

نہیں چاہتے مگر تڑپانا چاہتے ہیں۔

غلطی آپ کی نہیں، ان عاملین کی ہے جو بلا سوچے سمجھے جنات سے جا کر لڑائیاں کرتے ہیں، ان کو جلاتے ہیں، مارتے ہیں وغیرہ۔ حالانکہ پہلے بات چیت سے معاملہ کو حل کرنا چاہیے۔ یہ حقیقت ہے کہ 95% عاملین کو پتہ ہی نہیں کہ جنات سے کیسے بات کرتے ہیں۔ خیر یہ ایک لمبی بحث ہے اور آپ سے متعلق بھی نہیں۔

فی الحال آپ یہ کام کریں کہ

۱ ......سات جمعرات کو گھر میں میٹھے چاول بنوائیں اور تھوڑے چھت پر، تھوڑے گھر کے باہر گیٹ کی دیواروں پر اور باقی نابالغ بچوں اور غریبوں میں بانٹ دیں۔ مقدار اپنے حساب سے رکھیں جتنی توفیق ہو۔

۲ ......روزانہ گھر کے اوپر والے حصے میں جا کر با آواز کہیں کہ ’’ہمیں معاف کر دیں، ہمیں نہیں پتہ کہ آپ کا کیا نقصان ہو گیا ہے۔ جو ہوا، اس میں میری کوئی مرضی نہیں تھی۔ عاملین نے کیا۔ اور مجھے کچھ علم نہیں کہ انہوں نے کیا کیا۔ مجھے اور میرے بچوں کو معاف کر دیں اور ہماری بندش جو آپ لوگوں نے لگائی ہے، وہ کھول دیں‘‘۔ یہ عمل مسلسل تین ہفتہ کہنا ہے۔

۳ ......ہر منگل کو ایک صدقہ والا کالا بکرا ذبح کریں۔ پیر کو صدقے کی نیت سے خریدیں اور شب منگل اوپر والے حصے میں باندھ دیں۔ اور صبح منگل کے روز زوال سے قبل ذبح کر دیں۔ یہ تین بار لگاتار کرنا ہے۔ خون اور چاروں پائے اور سری اکٹھی کر کے ویرانے میں دبا دیں۔ باقی گوشت کے تین حصے کریں۔ ایک پکا کر غریبوں کو دے دیں۔ ایک کسی مدرسہ میں بھجوا دیں۔ اور ایک کو کسی ویرانے میں رکھ دیں اور کہہ دیں کہ یہ ہماری طرف سے قبول کریں۔ جس دن بکرا اوپر حصہ میں باندھیں، یہ جملہ کہیں ’’ہماری وجہ سے آپ کا نقصان ہوا۔ یہ ہدیہ قبول فرمائیں‘‘۔

۴ ......روزانہ یہ عمل پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اپنے پورے گھر کے پاک کونوں اور دیواروں میں چھڑکیں۔ اور اپنی کاروباری جگہ پر بھی چھڑکیں۔ عمل یہ ہے:

- ......سورۂ بقرہ ایک بار
- ......سورۂ یٰسین دو بار
- ......منزل پانچ بار

ان شاء اللہ اکیس یوم میں حالات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ میں نے بھی آپ کے گھر والے جنات کو پیغام بھجوا دیا ہے۔ امید ہے کہ اب آپ مزید کوئی غلطی نہیں کریں گے۔

دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کے حال پر رحم فرمائے۔ کثرت سے استغفار کریں اور بچوں کو بھی بتائیں۔ روزانہ دو رکعت صلوۃ التوبہ لازم کر لیں۔ ان شاء اللہ، اب حالات مزید خراب نہیں ہوں گے۔

پورا جسم ٹوٹتا ہے

سوال میرا پورا جسم ہر وقت ٹوٹتا رہتا ہے۔ اگر سو جاؤں تو اٹھ کر طبیعت بہتر ہوتی ہے مگر جاگتے وقت پورے جسم میں درد رہتا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ اور علاج کیا ہے؟ **(فریحہ۔ لاہور)**

جواب آپ پر جناتی اثرات ہیں۔ اور یہ اثرات زیادہ پرانے نہیں ہیں۔ آپ کو روحانی علاج کے ساتھ ساتھ جسمانی علاج بھی کروانا ہوگا۔

روحانی علاج کے لیے آپ، سورۂ قریش ستر (۷۰) مرتبہ صبح اور شام کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں، ہاتھوں پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیں۔ اور ساتھ ہی پانی پر دم کریں۔ یہ پانی پئیں اور اپنے گھر میں چھڑکیں۔ اس دوران گھر سے زیادہ باہر نہ جائیں۔ نمازوں کی پابندی کریں۔ اور ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف اور ایک ایک بار آیت الکرسی چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کریں۔ یہی عمل سونے سے قبل اور باہر جانے سے قبل کیا کریں۔ اکیس دن بلا ناغہ کریں۔ ان شاء اللہ، شفاء ہو گی۔ اگر اکیس دن بعد تکلیف باقی رہے تو ناغہ نہ کریں۔ عمل جاری رکھیں اور چالیس یوم پورے کر لیں۔ جب آپ کے پڑھنے کے دن نہ ہوں تو کوئی اور سورۂ

قریش پڑھ لے۔ ناغہ نہ ہو۔

سکول میں اثرات

سوال ہمارے سکول میں پہلے کافی جنات کے مسائل تھے۔ آپ کے ادارے سے رجوع کیا تھا اور روحانی علاج گاہ والوں نے علاج کیا تھا۔ اللہ کا شکر ہے کہ چار سال سے کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ اب پچھلے دو ماہ سے عجیب باتیں ہو رہی ہیں۔ کبھی گوشت پڑا ملتا ہے، کبھی دال، کبھی انڈے کے چھلکے۔ سکول میں اب دل نہیں لگتا۔ ٹیچرز سے بلاوجہ غصہ ہو جاتی ہوں۔ کیا دوبارہ اثرات آ گئے ہیں؟ (ح، لاہور)

جواب دوبارہ جنات کا حملہ ہوا ہے۔ آپ ادارے سے رابطہ کر کے سکول کا عمل کروائیں۔ خود سے علاج کرنے کی کوشش نہ کیجئے گا۔ نقصان ہوگا۔

بیوی پر جنات کا اثر

سوال میری بیوی پر کافی عرصہ سے جنات کا اثر ہے۔ گھر میں بیوی کو ہر وقت اور ہر جگہ کسی نہ کسی غیبی مخلوق کی موجودگی کا احساس رہتا ہے۔ پورے جسم میں ہر وقت درد رہتا ہے۔ خصوصاً حیض کے دوران تو ہاتھوں اور پیروں میں بہت درد ہوتا ہے۔ میرے ساتھ بھی بیوی کا رویہ بہت خراب ہو گیا ہے۔ بہت لڑائی جھگڑا کرنے لگی ہے جس سے گھر کا ماحول ہر وقت خراب رہتا ہے۔ مہربانی کر کے کچھ حل نکالیں۔ (قاری نصیر، چیچہ وطنی)

جواب آپ کی تشخیص صحیح ہے کہ آپ کی بیوی پر جنات کے اثرات ہیں۔ اضافہ صرف اتنا ہے کہ یہ جنات آپ ہی کے گھر میں رہائش پذیر ہیں۔ اگر صرف آپ کی اہلیہ کا علاج کیا جائے اور گھر کا نہ کیا جائے تو مسئلہ پورا حل نہیں ہوگا۔ وقتی فرق پڑے گا، پھر وہی اثرات واپس آ جائیں گے۔

میرا پہلا مشورہ تو یہ ہے کہ آپ ہمارے روحانی علاج گاہ کے معالجین سے اپنے گھر کی روحانی صفائی کروائیں۔ اس طرح معاملہ بہت جلد حل ہو جانے کی امید ہے۔ جنات رہائش چھوڑ کر چلے جائیں گے۔ صرف اثرات کا ہی علاج کرنا ہوگا۔ اس علاج میں کافی خرچہ ہوگا۔

اگر یہ خرچہ نہ کر سکتے ہوں تو آپ کو ایک ماہ کا علاج بھیج رہا ہوں۔ ان شاء اللہ، کافی فائدہ ہوگا۔ تفصیل یہ ہے:

1. ...... چار تعویذ حروف والے ہیں۔ یہ تعویذ غسل اور پینے والے ہیں۔ ایک ہفتہ کا ایک۔
2. ...... 60 نقش جسم پر مل کر جلانے والے ہیں۔ ایک صبح اٹھ کر جسم سے مل کر جلانا ہے۔ دوسرا سونے سے قبل جسم سے مل کر جلانا ہے۔
3. ...... چار تعویذ اصحاب کہف والے ہیں۔ کلمات لکھے ہوئے ہیں اور ساتھ ہی تعویذ بھی لکھا ہے۔ یہ تعویذ ایک ہفتہ کا ہے۔ اس کو صبح و شام پورے گھر کی پاک دیواروں اور کونوں پر چھڑکنا ہے۔
4. ...... روحانی تیل نمبر 1 کی روزانہ رات کو اپنی بیوی کے جسم پر مالش کریں اور صبح تعویذ والے پانی سے غسل کریں۔ خصوصاً ان حصوں کی مالش ضرور کریں، جن میں درد ہوتی ہے۔
5. ...... چار فلیتے ہیں، ان پر سبز رنگ لگا ہوا ہے۔ ان پر روئی چڑھائیں۔ ایک فلیتہ ایک ہفتہ کا ہے۔ رات کو ڈیڑھ سے دو گھنٹہ ایک فلیتہ کو جلائیں۔ آدھا گھنٹہ آپ کی اہلیہ بھی اس کو دیکھیں۔ جلانا اس طرح ہے کہ ایک فلیتہ ایک ہفتہ چل جائے۔ اس کا طریقہ فون پر سمجھ لیں۔
6. ...... نماز کی پابندی کریں اور ہر نماز کے بعد سات بار آیت الکرسی پڑھ کر اہلیہ اپنے اوپر دم کریں۔ رات باوضو سوئیں اور سوتے وقت بھی سات بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں۔

پرہیز علاج کے دوران بیوی سے صحبت کرنے سے پرہیز کریں اور اہلیہ بڑا گوشت نہ کھائیں۔ کوشش کریں کہ ہر قسم کا گوشت کم سے کم استعمال کریں۔ نمک کا استعمال بھی کم کریں۔

اسکول میں کچا گوشت اور ہڈیاں

سوال میرا ایک اسکول ہے۔ اس کے باتھ روم اور گراؤنڈ میں ہڈیاں اور

کچے گوشت کے ٹکڑے ملے ہیں۔ یہ دو ہفتوں کے دوران ہوا ہے۔ انہی دو ہفتوں میں دو بار یہ ہوا کہ جب میں اسکول داخل ہوا تو میرے جوتوں پر جانوروں کے فضلات لگے ہوئے تھے۔ مجھے اس سے پریشانی ہوگئی ہے۔ مہربانی فرما کر یہ بتائیں کہ یہ کوئی جادو یا جنات کا معاملہ ہے یا کوئی اتفاق ہے؟ اگر ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟ (م۔ع۔ لاہور)

جواب: پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے۔ آپ کے اسکول میں جنات کا آنا جانا ہے۔ انہی کی شرارت ہے لیکن وہ آپ کے لیے نقصان دہ نہیں ہیں۔ اس لیے ان کو کچھ نہ کہیں۔

جوتوں والی بات اتفاق ہے۔ کوئی خطرے کی بات نہیں ہے۔ ہفتے میں ایک بار سورۂ بقرہ اسکول میں پڑھوالیا کریں اور پانی پر دم کروا کر اسکول کی پاک جگہوں پر چھڑک دیا کریں۔ چھڑکنے کا کام روزانہ کریں۔ احتیاط رہے کہ مقدس پانی ہے، بے ادبی نہ ہو۔

آسیبی اثرات کی وجہ سے ٹانگوں میں درد

سوال: میری بیٹی کی عمر پندرہ سال ہے۔ اس کی ٹانگوں میں کافی درد رہنا شروع ہوگیا ہے۔ ڈاکٹروں کو دکھایا ہے، کوئی وجہ سامنے نہیں آرہی۔ کوئی کمزوری بھی نہیں۔ خوراک بھی ٹھیک ہے۔ کوئی مشقت کا کام بھی ایسا نہیں ہے۔ مجھے بڑی پریشانی ہے۔ میری ایک ہی بیٹی ہے۔ مہربانی کر کے میری مدد فرمائیں۔ (ف۔ لاہور)

جواب: آپ کی بیٹی کی ٹانگوں میں درد کی وجہ طبی نہیں، روحانی ہے۔ اس پر آسیبی اثرات ہیں۔ آپ کو علاج بھیجا جا رہا ہے۔ جسم پر ملنے والے تعویذات، صبح اٹھنے کے بعد، نمازِ عصر اور مغرب کے درمیان اور رات کو سونے سے قبل، ٹانگوں کی اچھی طرح مالش کریں اور پھر اسی وقت جلا دیں۔ یہ عمل ایک ہفتہ مسلسل اور بلاناغہ کریں۔ ساتھ ہی روحانی تیل بھی ہے۔ اس کی رات کو ٹانگوں پر مالش کیا کریں۔ رات کو پہلے تعویذ ملنا ہے، پھر مالش کرنی ہے۔ ان شاء اللہ، ایک ہفتہ میں درد ختم ہوجائے گا۔

چوہا یا جنات

سوال: میرے بیڈروم کے ساتھ والے کمرے میں کافی سامان رکھا ہوا ہے۔ وہاں سے کئی بار مختلف طرح کی آوازیں آرہی ہیں۔ کبھی چوہے کا خیال ہوتا ہے تو کبھی جنات کا۔ میرے گھر میں جنات ہیں لیکن نقصان نہیں دیتے۔ مگر ایسا نہیں ہوتا تھا۔ آپ ایک بار دیکھ کر بتادیں کہ اصل میں کیا معاملہ ہے اور میں کیا کروں؟ (ر۔خ۔ لاہور)

جواب: آپ کے کمرے میں جنات کا آنا جانا ہے مگر نقصان نہیں دیتے۔ اور یہ جو چھیڑ خانی ہو رہی ہے یا آوازیں آرہی ہیں، یہ آپ کے گھر والے جنات کی وجہ سے نہیں ہے۔ آپ اچھی طرح دیکھیں، وہاں چوہا مل جائے گا۔ آپ کے گھر کے جنات کا کہنا یہی ہے۔ واللہ اعلم

عاملین و شائقین علوم روحانیہ کے لیے مولانا حسن الہاشمی مدظلہ کی مستند، مجرب، لاجواب تمام کتب

5	4	3	2	1
اعمال ناسوتی قیمت: 260 روپے	بچوں کے نام رکھنے کا فن قیمت: 430 روپے	سورۂ یٰسین کی عظمت قیمت: 200 روپے	اعداد کا جادو قیمت: 360 روپے	آیت الکرسی کی عظمت و افادیت قیمت: 200 روپے
10 مجموعہ آیات قرآنی قیمت: 230 روپے	9 سورۂ مزمل کی عظمت و افادیت قیمت: 380 روپے	8 علم الاسرار قیمت: 380 روپے	7 بسم اللہ کی عظمت و افادیت قیمت: 280 روپے	6 اعمال حزب البحر قیمت: 230 روپے
15 پتھروں کی خصوصیات قیمت: 360 روپے	14 جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے قیمت: 300 روپے	13 تعلقات اعداد قیمت: 300 روپے	12 علم الحروف قیمت: 400 روپے	11 کشکول عملیات قیمت: 550 روپے
20 تحفۃ العاملین قیمت: 550 روپے	19 کرشمۂ اعداد قیمت: 300 روپے	18 سورۂ فاتحہ کی عظمت و افادیت قیمت: 300 روپے	17 سورۂ رحمٰن کی عظمت و افادیت قیمت: 330 روپے	16 اسماء حسنیٰ کے ذریعے علاج (اول، دوم) قیمت: 1250 روپے
25 صنم خانہ عملیات قیمت: 800 روپے	24 عکس سلیمانی قیمت: 500 روپے	23 مشکلات کا روحانی حل قیمت: 250 روپے	22 اعداد بولتے ہیں قیمت: 500 روپے	21 اعداد کی دنیا قیمت: 360 روپے

عاملین و شائقین علوم روحانیہ کیلئے ماہنامہ طلسماتی دنیا کے تمام خاص نمبر
(مدیر: مولانا حسن الہاشمی مدظلہ)

5	4	3	2	1
حاضرات نمبر قیمت: 800 روپے	ہمزاد نمبر قیمت: 750 روپے	شیطان نمبر قیمت: 650 روپے	جادو ٹونا نمبر قیمت: 650 روپے	جنات نمبر قیمت: 550 روپے
10 ردِ اثرات نمبر قیمت: 500 روپے	9 روحانی مسائل نمبر قیمت: 650 روپے	8 امراض جسمانی نمبر قیمت: 750 روپے	7 روحانی ڈاک نمبر قیمت: 600 روپے	6 مجرب عملیات نمبر قیمت: 750 روپے
15 عملیات محبت نمبر قیمت: 800 روپے	14 درود و سلام نمبر قیمت: 550 روپے	13 موکلات نمبر قیمت: 800 روپے	12 پراسرار تحریریں قیمت: 250 روپے	11 استخارہ نمبر قیمت: 500 روپے
20 اعمال شر نمبر قیمت: 800 روپے	19 امراض روحانی نمبر قیمت: 600 روپے	18 علم جفر نمبر قیمت: 550 روپے	17 دست غیب نمبر قیمت: 750 روپے	16 خوفناک واقعات نمبر قیمت: 500 روپے
25 سلور جوبلی نمبر قیمت: 800 روپے	24 خاص الخاص نمبر قیمت: 600 روپے	23 دفینہ نمبر قیمت: 750 روپے	22 بندش نمبر قیمت: 750 روپے	21 عملیات اکابر نمبر قیمت: 750 روپے

جادو سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

جناتی جادو اور موت

سوال ہمارے گھر میں دو بزرگوں کی موت جادو کے ذریعے کی گئی ہے۔ ان کو گلا دبا کر کسی چیز نے مارا تھا۔ ہمارے گھر میں اور لوگوں کے بھی کوئی چیز گلے دباتی ہے۔ اور خون کے چھینٹے بھی پڑتے ہیں۔ گھر میں اچانک آسمان سے کسی نے انڈے بھی پھینکے تھے۔ یہ انڈے اپنے آپ ہی آکر ہمارے گھر میں گرے تھے۔ سارا گھر بہت ڈسٹرب ہے۔ ہمارے سارے کام ختم ہو گئے۔ روزگار، کاروبار، تعلیم...... سب تباہ ہو گئے۔ مہربانی فرما کر اس معاملے میں میری مدد فرمائیں۔ (کاشف فاروق، کراچی)

جواب آپ کے حالات پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔

جو حالات آپ نے لکھے ہیں، اس کے لئے میرا مشورہ تو یہ ہے کہ کسی قریبی اچھے عامل سے علاج کروائیں۔ آپ کا معاملہ جناتی جادو کا ہے۔ اور جو بھی عامل یہ کام کر رہا ہے، وہ کوئی معمولی عامل نہیں ہے۔ اس کے پاس حقیقی جنات وشیاطین ہیں۔ خود سے علاج کرنے کی غلطی بالکل نہ کریں۔

جب تک کسی عامل سے رابطہ نہ ہو تو یہ علاج کریں۔ گھر کے تمام افراد کو پہلے پابند کریں کہ وہ علاج میں تعاون کریں۔ سب مل کر علاج کریں۔ عمل یہ ہے:

درود شریف...... گیارہ بار

سورۂ فاتحہ...... گیارہ بار

آیت الکرسی...... گیارہ بار

سورۂ کافرون...... گیارہ بار

سورۂ اخلاص...... گیارہ بار

سورۂ فلق...... گیارہ بار

سورۂ ناس...... گیارہ بار

درود شریف...... گیارہ بار

زیادہ سا پانی لیں۔ ایک کلو چینی لیں۔ ایک پاؤ نمک لیں۔ ان سب پر ہر کلام گیارہ بار پڑھ کر دم کرتے جائیں اور ساتھ اپنے اوپر بھی دم کرتے جائیں۔ اگر یہ عمل گھر والے افراد مل کر کریں تو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ ہر کو مکمل عمل پڑھنا ہوگا۔ یعنی گیارہ بار پڑھنا ہوگا۔

یہ عمل روز کرنا ہے۔ پانی ہر نماز کے بعد تین گھونٹ پینا ہے۔ چینی اور نمک کو گھر کے استعمال ہونے والے چینی اور نمک کے مرتبان میں ڈال لیں۔ روزانہ اسی مرتبان سے مٹھی بھر چینی اور نمک نکال دم کر کے واپس ڈال دیا کریں۔

لیکن یاد رکھیں کہ اس علاج کو ہی کافی نہ سمجھا جائے۔ جلد از جلد قریبی اچھے عامل سے رابطہ کیا جائے۔

جادو کا سخت وار اور جناتی رہنمائی

سوال میرا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ میں ایک دن کچن میں ہانڈی پکا رہی تھی کہ میرے کان میں کوئی بولا۔ آواز مرد کی تھی، کہ ''شاہین! تیری دیورانی کی ماں آئی ہے۔ اس نے آج تیرا پورا کام کیا ہے۔ اپنا بندوبست پہلے سے کر لو'' یہ سن کر میں چونک سی گئی۔ آس پاس دیکھا، کوئی نہیں تھا۔ اسی سوچ میں جب کچن سے نکلی اور اپنے گھر کے نچلے پورشن میں جب دیکھا تو واقعی دیورانی کی امی کھڑی تھیں اور اپنی بیٹی کو کچھ دے کر سمجھا رہی تھیں۔ میں نے اس انجانی آواز کو اپنا وہم سمجھا اور کوئی خاص توجہ نہ دی۔ لیکن جب رات کے 12 بجے، میں سو رہی تھی، تو کسی نے میرے معدے میں کوئی چیز ماری جس کی تکلیف سے میں اٹھ کر بیٹھ گئی۔ پھر ایسا لگا جیسے کوئی میرے معدے

میں چھریاں مار رہا ہو۔ میرا سر برف کی طرح ٹھنڈا ہو گیا۔ پھر ایسا لگا کہ کوئی میرے دماغ میں لوہے کے پائپ مار رہا ہو۔ اتنی شدید تکلیف تھی کہ جب منہ سے آواز نکلتی، سارے جسم میں تکلیف کی شدت بڑھ جاتی۔ دونوں ہاتھوں سے سر پکڑ رکھا تھا۔ اسی طرح پوری رات گزر گئی۔

پھر اچانک وہی آواز آئی کانوں میں کہ ''اپنی بہن سے رابطہ کرو۔ اس سے اس جادو کا توڑ کرواؤ''۔ پھر بولا ''سسر کو بولو کہ پانی پر کچھ دم کر دیں''۔ مجھ سے بولا نہیں جا رہا تھا۔ sms نند کو کیا۔ انہوں نے فوراً دم شدہ پانی بھجوا دیا۔ اس پانی سے تھوڑا سا فرق پڑا لیکن تکلیف تھی۔ تکلیف بہن کے بتائے ہوئے وظیفے سے ٹھیک ہوئی۔ اس وظیفے کو کرتے ہوئے ہاتھوں اور پیروں سے جان سی نکل جاتی تھی۔ لیکن تین دن پورا کیا۔ اس کے بعد میرے جسم کو سکون ملا۔ مہربانی فرما کر دیکھیں کہ یہ سارا ماجرا کیا ہے اور مجھے کیا کرنا چاہیے؟ (شاکرہ، کراچی)

جواب محترمہ۔ جو کچھ آپ نے بتایا ہے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ آپ پر شدید جادو ہو رہا ہے۔ کرنے والے بھی آپ کو بتائے گئے۔ آپ کے ساتھ کوئی جناتی قوت ہے، جو آپ کی رہنمائی کر رہی ہے مگر صرف رہنمائی کی حد تک ہی معاملہ ہے۔ علاج کے معاملے میں آپ کو باقاعدہ علاج ہی کروانا پڑے گا۔ چونکہ آپ نے سوال صرف تشخیص کی حد تک کیا ہے، اس لیے اتنا ہی جواب آپ کو دے دیا ہے۔ علاج کروانا ہو تو دوبارہ رابطہ فرمائیں یا کسی بھی اچھے قریبی عامل سے علاج کروائیں۔ آپ کے حالات کے مطابق صرف اتنا عرض کرنا ضروری ہے کہ لازمی علاج کروائیں۔ ورنہ کسی بڑے نقصان کے لیے تیار رہیں۔

مدینہ میں والدین اور بہن بھائیوں پر شدید اثرات

سوال میرے والدین اور بہن بھائی معہ اپنے بیوی بچوں کے مدینہ میں رہائش پذیر ہیں۔ ان سب پر شدید اثرات کا معاملہ ہے۔ جب بھی پاکستان سے کوئی جاننے والا عامل حج یا عمرہ کو جاتا ہے تو میں بھائی سے کہہ دیتا ہوں اور وہ ان سے کچھ علاج لے لیتا ہے مگر مستقل اثرات سے جان نہیں چھوٹ رہی۔ رہنمائی فرمائیں کہ کیا کرنا چاہیے۔ میں بھی عالم ہوں اور میرے بھائی بھی عالم ہیں۔ (ع، لاہور)

جواب جس طریقہ کار پر آپ علاج کروا رہے ہیں، وہ قطعاً مناسب نہیں۔ شدید اثرات جادو کے ہوں یا جنات کے..... باقاعدہ علاج کرنے سے ہی جاتے ہیں۔ آپ کی مثال تو ایسی ہے کہ کوئی پاکستان سے جاتا ہے اور آپ کے بھائی کو اسلحہ دے دیتا ہے اور وہ اس کی مدد سے دشمنوں پر وار کر دیتے ہیں۔ پھر اسلحہ دینے والا پاکستان آ جاتا ہے۔ اب دشمن اُس وار کا بدلہ لیتا ہے اور معاملہ پھر خراب ہو جاتا ہے۔ پہلے آپ مارتے ہیں، پھر جب تک کوئی مدد کو نہ آئے مار کھاتے رہتے ہیں۔ یہ کیا علاج کا طریقہ ہوا؟

میرا مشورہ ہے کہ اپنے بھائی کو ہماری روحانی درسگاہ سے امنت باللہ کا عمل دلوا دیں۔ وہ عالم ہیں۔ پھر مدینہ میں ہیں۔ امنت باللہ والے بڑے جنات بھی سب سعودیہ میں ہی ہوتے ہیں۔ فیملی میں ایک بندہ تو تیار ہو جو باقاعدہ علاج کر سکے۔ ان شاء اللہ، چالیس دن کی محنت کے بعد وہ فیملی کا مکمل علاج کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ مزید کچھ اعمال بھی کروائے جائیں گے مگر پہلے امنت باللہ کا عمل کر لیں۔

اور ہر کسی سے تعویذات یا علاج لینے سے گریز کریں۔ اسی طرح خود سے پڑھائی کر کے جادو اور جنات کی کاٹ بھی نہ کریں۔ کسی نے بتا دیا، پڑھ لیا۔ پھر کسی نے بتا دیا، پڑھ لیا۔ اس طرح شروع میں فائدہ اور بعد میں سخت نقصان دیکھنے میں آتا ہے۔ کسی ماہر روحانی معالج کی نگرانی میں پڑھائی کریں اور اس کو حالات سے آگاہ کرتے رہیں۔ ایک ہی سے رہنمائی لیں ورنہ آپ کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔

سحر مسلسل کا معاملہ

سوال ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ دو سال سے حالات بہت خراب ہو گئے ہیں۔ گھر میں خوشبو اور بدبو آتی ہے۔ موٹر سائیکل چلاتے وقت پانی کے چھینٹے پڑتے

ہیں۔ خون کے چھینٹے اکثر گھر پر پڑتے رہتے ہیں۔ کپڑے بھی کٹ جاتے ہیں۔ حال ہی میں میری بیٹی کے کپڑے کٹے ہیں۔ اہلیہ کو محسوس ہوتا ہے کہ اس کے جسم میں چیزیں رینگ رہی ہیں۔ اس کو کبھی کبھار سانس رک رک کر آتا ہے۔ میں نے گھر کا عمل بھی آپ لوگوں سے کروایا ہے مگر مکمل نجات نہیں مل رہی۔ بیٹی کے کپڑے گھر کا عمل کرنے کے بعد کٹے ہیں۔ میں اب آپ سے ہی مشورہ کرنا چاہتا ہوں کہ ایسا کچھ کریں کہ مکمل نجات مل جائے۔ میں بہت ذہنی اذیت میں مبتلا ہوں۔ (ش۔ لاہور)

جواب محترم! ایسا بہت کم ہی ہوتا ہے کہ ہمارے روحانی معالجین گھر کا عمل کریں اور زیادہ فرق نہ پڑے۔ مکمل نجات کے لیے تو کئی بار ایک سے زائد عمل کرنے پڑتے ہیں مگر کافی حد تک فرق پڑ جاتا ہے۔ آپ کے سلسلے میں معاملہ سحر مسلسل کا ہے اور طاقتور عاملین پیچھے لگے ہوئے ہیں۔ عمل کروانے والا بھی خوب پیسہ خرچ کر رہا ہے کیونکہ جیسا جادو ہو رہا ہے، وہ مفت میں جادوگر نہیں بھیجا کرتے۔

جہاں تک مکمل نجات کا تعلق ہے، اس کے لیے یاد رکھیں کہ آپ سب گھر والوں کو محنت کرنی پڑے گی۔ جیسا کہا جائے، ویسا کریں، ان شاء اللہ، جادو کروانے والا توبہ کرے گا اور آپ پر جادو نہیں کروائے گا۔

میرے تجربے میں سحر مسلسل کا بہترین علاج واپسی سحر کے اعمال ہیں۔ آپ کو ایک عمل دے رہا ہوں۔ یہ سب گھر والے پابندی سے اکیس (۲۱) یوم پڑھیں۔ ساتھ ہی تین واپسی سحر کی ہانڈیاں کرنی ہیں۔ وہ تیار کر کے آپ کو روحانی علاج گاہ سے مل جائیں گی۔ تیسرا کام یہ کرنا ہے کہ سات مسجدوں کا پانی لا کر دیں جو ہم دم کر کے دیں گے۔ اکیس (۲۱) یوم تک اس کو پینا اور گھر میں چھڑکنا ہے۔ چوتھا اہم کام یہ ہے کہ آپ سات سلام اور چہل کاف کے عمل کی اجازت بھی لیں۔ یہ اس لیے کہ مجھے امید ہے کہ اکیس (۲۱) یوم کے بعد واپسی ہو جائے گی اور آپ سب لوگوں کو بہت فرق محسوس ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ کچھ عرصہ فرق ہی رہے مگر اس کے بعد کیا ہوگا، جب جادوگر سے دوبارہ عمل کروایا جائے گا؟ پھر وہی حالات۔ اس لیے علاج کے ساتھ آپ عمل لیں گے تو پھر غیبی جناتی معاونت آپ کو حاصل ہوگی اور بعد میں آپ خود ہی معاملات سنبھال سکیں گے۔ ہم سے رہنمائی لیتے رہیں گے اور جیسے جیسے حالات ہوں گے، ویسے ہی فوراً آپ عمل کر کے قابو پا سکیں گے۔

گھر میں خون

سوال حضرت جی! گھر میں صبح کے وقت باتھ روم میں خون پڑا ہوا تھا۔ نیز گھر میں پیسے صرف میرے گم ہو جاتے ہیں۔ کیا ہم گھر میں سورۂ بقرہ کی کیسٹ لگایا کریں؟ (روزیرہ اسماعیل خان)

جواب جی لگایا کریں۔ ساتھ ہی کسی قریبی عامل کو دکھائیں۔ خون کا پڑا ہونا اچھی علامت نہیں۔ خط لکھ کر تعویذ منگوا لیں جن سے باتھ روم کے اندر سے اثر ختم ہو جائے۔ غالباً اس باتھ روم میں کوئی ہوائی چیز موجود ہے۔

خون کا پڑا ہونے کا مطلب ہے کہ کوئی دشمن پیچھے لگا ہوا ہے۔ اس لئے جلد از جلد علاج کی طرف توجہ کریں ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔ جو عامل خون ڈلوا سکتا ہے، وہ کوئی چھوٹا عامل نہیں ہوتا۔ اس لئے توجہ دیں تاکہ کسی مصیبت میں گرفتار نہ ہو جائیں۔

گھر سے جادو دور کرنا

سوال ہمارے گھر میں جادو کا اثر ہے۔ کبھی خون کے چھینٹے پڑتے ہیں تو کبھی آوازیں آتی ہیں۔ ڈراؤنے خواب آتے ہیں۔ مہربانی فرما کر جادو سے نجات کی کوئی تدبیر کریں۔ (محمد ذیشان۔ لاہور)

جواب ''لوبان کوڑیا'' پنساری سے لے کر باریک سے تھوڑا موٹا پسوا لیں۔ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ سورۂ فلق اس پر پڑھ کر دم کریں۔ رات کو پورے گھر میں دھونی دیں۔ اکتالیس دن کا عمل ہے۔ ہر تیسرے دن عمل پڑھ کر لوبان پر دم کرنا ہے۔ رہی بات آپ گھر والوں کے علاج کی تو آپ مکمل

حالات جوابی لفافے کے ساتھ لکھیں۔

عمل کی وجہ سے بال گرنا

سوال میں نے خواب دیکھا کہ میرے سر کے ایک حصہ کے بال ٹوٹ گئے۔ کچھ عرصہ کے بعد دوبارہ وہی خواب دیکھا مگر سر کے دوسرے حصہ کے بال ٹوٹے۔ میرے بال اب بہت زیادہ ٹوٹتے ہیں۔ مجھے اس سے پہلے یہ مسئلہ کبھی نہیں تھا۔ مجھے یہ لگتا ہے کہ کسی نے میرے اوپر عمل کروایا ہے۔ (پوشیدہ)

جواب آپ 11 بار سورۂ مزمل روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر پانی اور بالوں کے لئے جو بھی تیل آپ استعمال کرتی ہیں، اس پر دم کیا کریں۔ یہ عمل کم از کم 21 دن تک کرنا ہے اور روزانہ پانی دن میں چار بار پینا ہے۔ اسی طرح تیل کو روزانہ سات کو سوتے بالوں میں لگانا ہے۔ خاص کر اس جگہ پر جس کی آپ نے نشاندہی کی ہے۔ آپ 21 دن کے بعد بھی عمل جاری رکھیں مگر 21 دن عمل کر کے حالات کی اطلاع کریں۔

چھ ماہ بعد نوکری ختم ہو جاتی ہے

سوال میرے شوہر کا نوکری کا معاملہ بہت عجیب ہے۔ چھ ماہ نوکری کرتے ہیں اور پھر کوئی نہ کوئی وجہ ہو جاتی ہے اور وہ چھوٹ جاتی ہے۔ تنگ آ کر اپنا زیور بیچ کر ان کے لئے پیسوں کا بندوبست کیا اور دبئی بھیجا، جہاں ان کی نوکری لگی۔ مگر وہاں بھی چھ ماہ بعد نوکری ختم ہو گئی۔ پھر ایک ملی لیکن وہ بھی چھ ماہ کے بعد ختم ہو گئی۔ اب ان کو وہاں کوئی نوکری نہیں مل رہی ہے اور وہ واپس پاکستان آ رہے ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ ہمارے گھر کا گزارا اب بہت مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ بہت زیادہ مالی مشکلات کا شکار ہیں۔

میں نے بیوٹی پارلر کھولا ہوا ہے۔ لوگ میرے کام کی تعریف بھی کرتے ہیں مگر میرا پارلر بالکل نہیں چلتا۔ بالکل ٹھپ ہو گیا ہے۔

آپ کی بہت مہربانی ہو گی، میری اس مشکل میں مدد کریں۔ میں ساری زندگی آپ کو دعائیں دوں گی۔ (ہما، لاہور)

جواب آپ دونوں کا معاملہ جادو کا ہے۔ دونوں ہی جادو کی لپیٹ میں ہیں۔ شوہر کو پاکستان آنے دیں تا کہ ان کا باقاعدہ علاج کیا جا سکے۔ جب تک وہ پاکستان نہیں آتے، آپ اپنا علاج جاری رکھیں۔ آپ کو جو تعویذات دیے گئے ہیں، ان کو جاری رکھیں۔

شوہر کو یہ وظیفہ پڑھنے کو دیں۔ اول درود شریف گیارہ بار، سورۂ مزمل گیارہ بار اور درود شریف گیارہ بار۔ بہتر ہے کہ یہ وظیفہ بعد نمازِ فجر پڑھا جائے۔ جب تک باہر ہیں، یہ وظیفہ پڑھتے رہیں۔

جادو کے سخت اثرات

سوال میری اور میرے شوہر کی دو ہفتے میں دو تین بار طبیعت خراب ہو جاتی ہے۔ ہمارے آپس میں فضول میں اختلافات ہو جاتے ہیں۔ دل میں ایک دوسرے کی محبت نہیں ہوتی۔ جمعرات والے دن ہمارے گھر گوشت کے ٹکڑے آئے۔ صبح باہر گیراج میں پڑے ہوئے تھے۔ ہمارے گھر میں پرندوں کے انڈے ٹوٹ جاتے ہیں اور یہ کئی عرصہ سے ہو رہا ہے۔ ہماری اولاد بھی نہیں ہو رہی۔

مہربانی کر کے یہ تشخیص کریں کہ یہ سب کیوں ہو رہا ہے اور وجہ کیا ہے؟ اور اس کا علاج بھی تجویز کریں۔ (نازیہ، لاہور)

جواب آپ کا معاملہ سخت جادو کا ہے۔ مسلسل جادو کا وار کیا جا رہا ہے۔ آپ درج ذیل عمل کریں۔ ان شاء اللہ جادو کے اثرات مکمل ختم ہو جائیں گے۔

سات مسجدوں کا پانی لے کر اس پر گیارہ مرتبہ درج ذیل آیات پڑھ کر دم کریں۔ ہر آیت گیارہ بار پڑھ کر دم کر دیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ اس پانی کو گیارہ دن پینے میں استعمال کریں۔ اور جس دن پانی بنائیں، اس دن کسی پاک جگہ کھڑی ہو کر (کپڑے پہنے ہوئے) اپنے اوپر پانی بہائیں۔ اگر شوہر بھی کر لیں تو بہت اچھا ہے۔ ان شاء اللہ گیارہ یوم میں ہی واضح فرق نظر آ جائے گا۔ آیات یہ ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ (یونس:۸۱-۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ (الاعراف:۱۱۸-۱۲۱)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ (طٰہٰ:۶۹)

خطرناک عاملہ ساحرہ سے نجات

سوال میں اور میری پوری فیملی پچھلے دس پندرہ سالوں سے از حد پریشان ہیں۔ ہم سب ایک خطرناک عاملہ ساحرہ عورت کا شکار ہوئے ہیں۔ ہم نے کافی علاج کروائے مگر کوئی خاص فائدہ نہیں ہوا۔ وہ عورت کافی طاقتور ہے۔ جنات اور سفلی موکلات کی عاملہ ہے۔ ہم نے کئی بار ہر قسم کے عملیات کیے لیکن کچھ اثر اس پر نہ ہوا۔ لہٰذا مہربانی فرما کر خدا کے لیے مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو خاص سفلی عاملہ کی تمام روحانی قوتوں اور اس کے پاس جتنی بھی تسخیر کی ہوئی مخلوق ہو، ساری کی ساری کو بے کار کردے۔ اور وہ سخت ترین رجعت میں مبتلا ہو کر ہمیشہ کے لیے ناکارہ یا دیوانی ہو جائے۔

میں نے اس سے پہلے بھی اُس پر کچھ عمل کیے لیکن کوئی اثر اُس پر نہ ہوا۔ میری آپ سے دلی درخواست ہے کہ مجھے ایسا کوئی جلالی عمل بتائیں جس سے میرا مذکورہ مقصد پورا ہو جائے۔ میں اس عورت کی تصویر آپ کو بھیجتا ہوں۔ پھر آپ خود ہی فیصلہ کرلیں۔ مہربانی ہوگی۔ (سید جنید۔ انڈیا)

جواب محترم! میں کبھی بھی عاملین سے لڑائی کا حامی نہیں رہا۔ آپ کے حالات پڑھ کر تو معاملہ یہ سمجھ میں آ رہا ہے کہ آپ علاج کرنے کی بجائے، اپنی دشمن سے بدلہ لینا چاہتے ہیں۔ یہی معلوم ہو رہا ہے کہ آپ علاج کروا کروا کر تھک گئے ہیں۔ بات بھی صحیح ہے کہ اگر علاج کروا کروا کر انسان تھک جائے اور جادو ختم نہ ہو تو جادو کرنے والے کو ہی ختم کر دو تاکہ نجات مل جائے۔ مگر یہ اتنا آسان نہیں، جتنا آپ سمجھ رہے ہیں۔

کالے اور سفلی علم کے عاملوں سے لڑنے کے لیے خود بھی اپنی دنیوی زندگی داؤ پر لگانی پڑتی ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ آپ ایک غنڈوں اور بدمعاشوں کے گروپ سے لڑائی لے رہے ہیں۔ دنیوی طور پر ایسا کوئی بھی کرنے کو تیار نہ ہو لیکن روحانی طور پر پتہ نہیں کیوں لوگ تیار ہو جاتے ہیں؟ شاید ان کو نتائج کا اندازہ ہی نہیں یا پھر وہ اللہ جل جلالہٗ پر بہت زیادہ توکل کرتے ہیں۔ میرے تجربے میں کئی ایسے واقعات ہیں کہ لوگوں نے لڑائی شروع تو کر دی مگر اب وہ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی۔

یہ سفلی عامل بہت زیادہ انا پرست ہوتے ہیں۔ ان کے اندر تکبر بھرا ہوتا ہے۔ کوئی ان کو ہاتھ بھی لگائے، ان کو یہ برداشت نہیں۔ جب کوئی ان پر حملہ کرتا ہے تو یہ اپنی انا کا مسئلہ بنا کر کسی بھی حد تک چلے جاتے ہیں۔ مذہب اور اخلاقیات کا تو ان کے ہاں کوئی ذکر ہی نہیں، پھر ماننا کیسا؟

یہ بات بھی نہیں کہ ایسے شیطان صفت عاملین کا کوئی بندوبست نہیں ہو سکتا۔ بالکل ہو سکتا ہے مگر لڑنے والا کم از کم میدان چھوڑ کر بھاگنے والا نہ ہو۔ جو بھی حالات ہو جائیں، ثابت قدم رہیں۔ آخر ایک جنگ لڑنے جا رہے ہیں اور جنگ میں تو بہت بڑے بڑے نقصان ہوا کرتے ہیں۔

سب سے پہلے کچھ سوالات لکھتا ہوں، ان کے جواب دیں۔ پھر مزید راہنمائی کروں گا۔

۱ ...... گھر میں کُل کتنے افراد رہتے ہیں؟ پڑھنے میں کتنے افراد آپ کا ساتھ دیں گے؟

۲ ...... کیا کوئی دم شدہ چیز اُس عورت کو کھلائی جا سکتی ہے؟

۳ ...... جس جگہ وہ عمل کرتی ہو، کیا اس جگہ کوئی چیز پھینکی جا سکتی ہے؟

۴ ...... کیا اس کے گھر کے باہر اور اس کے راستے میں، جہاں سے وہ گزرتی ہو، کوئی چیز دبائی جا سکتی ہے؟

۵ ...... آپ نے لکھا کہ آپ نے کچھ عمل اس پر کیے۔ ان کی تفصیل

بتائیں۔

۶...... جو عمل آپ نے اس عاملہ پر کیے، کیا آپ ان کے عامل ہیں؟ یا کسی عامل کی نگرانی میں اس عاملہ پر کیے؟

۷...... کیا آپ باقاعدہ کسی عمل/اعمال کے عامل ہیں؟ اگر ہیں تو کون سے؟

۸...... جو لوگ آپ کا پڑھنے میں ساتھ دیں گے، ان میں سے کسی کو عربی پڑھنے میں مشکل تو نہیں؟

آپ کے جواب کا منتظر رہوں گا۔

بیماری اور نوکری کے مسائل

سوال میں اکثر بیمار رہتی ہوں۔ جسم پر وزن پڑتا ہے۔ کافی ڈاکٹری علاج کروائے ہیں مگر خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ رپورٹس بھی تقریباً صحیح ہیں۔ ڈاکٹرز بھی پریشان ہیں کہ کیا معاملہ ہے۔ سات سال سے مسلسل میں نوکری کی کوشش کر رہی ہوں۔ کئی جگہ آخری مرحلے میں جا کر انکار ہو جاتا ہے۔ نماز پابندی سے نہیں پڑھ پاتی۔ مہربانی فرما کر مجھے میرے معاملے کا کوئی حل بتائیں۔ (روحینہ۔ امریکہ)

جواب آپ پر جادو کا اثر ہے۔ اس سلسلے میں باقاعدہ علاج کروایا جائے تو بہتر ہے۔ باقاعدہ علاج سے مراد کسی روحانی معالج سے رابطہ کر کے جادو کی باقاعدہ کاٹ کروائیں۔ جب تک ایسا ممکن نہ ہو، یہ اعمال کریں:

۱...... سورۂ فلق ایک سو اکیس بار، اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھ کر پانی، چینی، نمک اور کسی بخور (گھر میں دھونی دینے کے لیے) پر پڑھ کر دم کریں۔ ساتھ ہی اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں۔ اس عمل کو مسلسل ایک ماہ جاری رکھیں۔ ناغہ کے دنوں میں گھر کا کوئی دوسرا فرد پڑھے۔ ناغہ بالکل نہ ہو۔

پانی پینے میں استعمال کریں اور گھر میں مغرب کے وقت چھڑکیں۔ چینی اور نمک کو گھر کے کھانے پینے میں استعمال کریں۔ بخور کی دھونی، گھر پانی چھڑکنے کے بعد دیں۔

۲...... دو رکعت صلوۃ الحاجت پڑھ کر سورۂ مزمل روزانہ گیارہ بار پڑھ کر اپنی نوکری کے لیے دعا کیا کریں۔

شوہر کسی طرح علاج پر راضی نہیں ہوتے

سوال میری شادی کو تیرہ سال کا عرصہ ہو گیا ہے۔ مگر ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم ہوں۔ ڈاکٹروں کو دکھایا تو ہر بار میری رپورٹ ٹھیک آئی۔ شوہر دکھاتے ہی نہیں تھے۔ ایک بار بہت مجبور کرنے پر چیک اپ کرایا تو پتہ لگا کہ شوہر میں ہی مسئلہ ہے۔ اس دن کے بعد سے آج تک، وہ کسی طرح بھی علاج پر راضی نہیں ہوئے۔ بالکل انکار بھی نہیں کرتے۔ دوائی شروع کرتے ہیں مگر ایک ہفتہ سے زیادہ نہیں لیتے۔

عاملین کو بھی دکھایا۔ انہیں نے سحر کا اثر بتایا ہے۔ سحر کا علاج کروانے پر تو کسی صورت راضی نہیں ہوتے۔ میں بہت پریشان ہوں۔ کوئی وظیفہ کسی عامل سے لے کر پڑھنے کو دوں تو دو تین دن بعد پڑھنا چھوڑ دیتے ہیں۔

میری مدد فرمائیں تاکہ کسی طرح میرے شوہر روحانی اور جسمانی علاج پر راضی ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ ہمیں اولاد کی نعمت سے نوازے۔

(س س ع)

جواب آپ کو عاملین نے ٹھیک ہی بتایا کہ معاملہ سحر کا ہے۔ سحر کے معاملے کی وجہ سے بھی ممکن ہے کہ شوہر علاج کی طرف نہ آ رہے ہوں۔ بہتر ہے کہ آپ کسی اچھے عامل سے کاٹ کروائیں، جو وہ عامل خود کرے۔ اس کے لیے آپ کو اس کی فیس ادا کرنی پڑے تو کریں۔ جب مریض علاج ہی نہیں کر رہا ہے تو یہی ایک مناسب راستہ ہے۔ ممکن ہے کہ سحر کا اثر ختم ہونے پر وہ علاج کی طرف آ جائیں۔

جب تک کسی عامل سے علاج شروع نہ ہو، یہ وظیفہ کریں:

بروز جمعہ بعد از نماز فجر درود شریف سو مرتبہ پھر سورہ یٰس (لفظ یٰس ہر بار تین دفعہ) آخر میں درود شریف پھر سو مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں جا کر اللہ رب العزت سے اپنی حاجت طلب کریں۔ اسی طرح یہ عمل سات روز تک

دہرائیں۔ مگر ہر دفعہ جب اس سورۂ شریف کو پڑھیں تو امام مبین، و محضرون، و یسبحون پر اپنی حاجت کو تصور میں لائیں اور آیت سلام قولا من رب رحیم کو ۱۴ یا ۳۴ مرتبہ دہرائیں اور ہر مرتبہ اپنی حاجت کا تصور کریں۔ جب یہ سورۂ شریف ختم ہو جائے تو یہ دعا پڑھیں:

سُبحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ کُلِّ مسجونٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ کُلِّ مَدْیُونٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ عَنْ کُلِّ مَکْنُونٍ. سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَہُ بَیْنَ الْکَافِ وَ النُّوْنِ سُبحَانَ مَنْ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ. فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ. اَللّٰھُمَّ افتح لی اَبْوَابَ رَحمتك وَ ابوَابَ خَزَائِنِ بِفَضْلِكَ وَ کَرَمِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بِحقِ سورۃ یٰس۔

پھر اس کے بعد دس منٹ تک خشوع و خضوع سے اپنے مقصد کی دعا مانگیں۔

اس عمل کو نئے چاند کی پہلی پیر، جمعرات یا جمعہ سے شروع کریں۔ سات دن تک کریں۔ پھر اگلے مہینے کریں۔ ان شاء اللہ، تین بار سے زیادہ کرنے کی نوبت نہیں آئے گی۔

شوہر کی ملازمت کی پریشانی

سوال میرے شوہر ایک فیکٹری میں کام کرتے ہیں۔ اس فیکٹری کے حالات دن بدن خراب ہوتے جا رہے ہیں۔ مالکان کی آپس کی لڑائیوں کی وجہ سے وہاں کام کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ ہر وقت خطرہ لگا رہتا ہے کہ کسی بھی وقت نکال دیا جائے گا۔ اس وجہ سے میرے شوہر بہت ٹینشن میں ہیں۔ کوئی ایسا وظیفہ عنایت فرما دیں جس سے اس مشکل سے نجات مل جائے اور کسی اور جگہ نوکری ہو جائے کیونکہ اب مزید اسی فیکٹری میں کام کرنا بہت مشکل ہے۔ جب بھی میرے شوہر فیکٹری سے گھر آتے ہیں، بہت غصہ کرتے ہیں۔ لگتا ہے کہ پورے ہفتہ کا فیکٹری کا غصہ مجھ پر نکالتے ہیں۔ یہ بھی چیک کر لیں کہ کہیں جادو تو نہیں ہے؟ (س۔ فیصل آباد)

جواب جادو کا معاملہ تو آپ کے شوہر کے ساتھ کافی عرصے سے ہے۔ کروانے والا اسی فیکٹری میں کام کرتا ہے۔ کروانے کا مقصد یہ ہے کہ فیکٹری سے کام چھوڑ جائیں، بیمار رہیں اور گھر میں لڑائیاں رہیں، گھر والے بھی بیمار رہیں۔ سخت حاسد ہے۔

یہ تو اللہ ﷻ کا کرم ہوا کہ فیکٹری کے خود حالات ہی اس طرح کے ہو گئے کہ آپ کے شوہر کا کام کرنا مشکل ہو گیا ورنہ کچھ عرصہ بعد ان کو نکال دیا جاتا۔ باقاعدہ جادو کی کاٹ کروائیں اور ادارے سے چالیس روزہ جادو کی کاٹ کا کورس منگوائیں۔

کسی نئی جگہ ملازمت کیلئے ایک مجرب وظیفہ دے رہا ہوں۔ اس کو اکیس یوم کریں۔ ان شاء اللہ، کسی اچھی جگہ کوئی بات بن جائے گی۔ عمل یہ ہے کہ روزانہ ایک وقت مقررہ پر تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ درج ذیل آیت کو پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَھْدِیْنِ ﴿سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ:۶۲﴾

ترجمہ پر خاص دھیان دیں۔ ترجمہ یہ ہے "بیشک میرے ساتھ میرا رب ہے، وہ ابھی مجھے راہ (نجات) دکھا دے گا۔"

ان شاء اللہ، اکیس یوم کے اندر اندر ہی آپ کو اللہ ﷻ نئی راہ دکھا دیں گے۔ کوئی خواب آ سکتا ہے، کوئی دوست رشتہ دار کوئی جگہ بتا سکتا ہے، کہیں سے کوئی آفر آ سکتی ہے۔ اسی دوران مختلف جگہ میں Apply بھی کرتے رہیں۔

سخت جادو اور سخت امراض

سوال میری والدہ کی حالت بہت زیادہ خراب ہوتی جا رہی ہے۔ ان کو سب سے پہلے بریسٹ کینسر ہوا۔ پھر آہستہ آہستہ طرح طرح کی بیماریاں ہوتی رہیں۔ وہ باقاعدہ کینسر کا علاج بھی کرواتی رہیں۔ کینسر ختم تو نہیں ہوا مگر خطرناک حد سے کم ہو گیا۔ مگر اس کے ساتھ بہت سے دوسرے امراض ان کو لگ گئے ہیں۔ پچھلے مہینے ان کو فالج کا حملہ ہو گیا۔ جب ہسپتال لے گئے تو

ان کو I.C.U. میں رکھا۔ وہاں تین دن تک کومہ میں چلی گئیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ تین دن بعد کومہ سے باہر آئیں۔ ایک ہفتہ I.C.U. میں رہنے کے بعد ان کو کمرے میں رکھا۔ ڈھائی ہفتہ بعد گھر منتقل ہو گئیں۔ فالج میں بہتری تو ہے مگر ان کی یادداشت کبھی بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ بہت تھوڑا اور مشکل سے بولتی ہیں۔ خدارا میری مدد کریں۔ (م، لاہور)

جواب بہن، اللہ جل شانہ سے پُر امید رہیں۔ ہونا وہی ہے، جو اللہ جل شانہ کی مرضی ہے۔ آپ کی والدہ کی جو تشخیص میرے سامنے آئی ہے، اس کے مطابق وہ بہت پرانی جادو کی مریضہ ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹری علاج پر بہت وقت اور پیسہ لگایا مگر روحانی علاج برائے نام ہی کیا۔ خود ہی پڑھ پڑھ کر اپنا علاج کرتی رہیں۔ اب موجودہ روحانی حالات کے مطابق سحر کے اوپر بیماری حاوی ہو چکی ہے۔ ایک بیماری نہیں، مجموعہ ہے بیماریوں کا۔ جب جادو بہت پرانا ہو جائے اور جادو کی پیدا کردہ بیماریاں کو بھی کافی وقت گزر جائے تو پھر روحانی علاج کا بیماریوں میں خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ روحانی علاج کرنے سے شفاء کا بند راستہ کھلنا شروع ہو جاتا ہے۔ یعنی طبی علاج سے جو خاطر خواہ فائدہ نہیں ہو رہا ہوتا، وہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

ایک بیماری وہ ہوتی ہے جو معمولی نوعیت کی ہوتی ہے۔ علاج شروع کرتے ہی فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے اور جلد ختم ہو جاتی ہے۔ آپ کی والدہ کا معاملہ یہ ہے کہ بیماریاں خطرناک صورتحال اختیار کر چکی ہیں۔

پھر ایک اور مسئلہ کہ جو علاج اس وقت کرنا چاہئے، وہ ہو نہیں سکتا۔ ان کی کیفیت یہ ہے کہ کسی بھی وقت ایمرجنسی پڑ سکتی ہے۔

میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ ادارے سے "بڑے سے بڑے امراض سے شفاء کا کورس" منگوا لیں اور روزانہ کے حساب سے شروع کروا دیں۔ جہاں تک جادو کا معاملہ ہے، اس کے متعلق زیادہ پریشان نہ ہوں۔ جادو اب بہت کم ہے۔ جو نقصان جادو نے کرنا تھا، وہ بہت پہلے کر چکا ہے۔

جادو کیلئے صرف ایک عمل کریں۔ روزانہ تین چار بغیر ہڈی کی بوٹیاں لے کر ان پر اکیس (۲۱) بار معوذتین پڑھیں۔ اور روزانہ صبح سات بار والدہ پر سے وار کر چھوٹی چھوٹی بوٹیاں کر کے اپنی چھت پر پرندوں کیلئے ڈال دیا کریں۔ یہ عمل مسلسل اکیس (۲۱) یوم کریں۔

ان شاء اللہ، یہ فرق ہوگا کہ اندر کی حالت بہتر ہونا شروع ہو جائے گی۔ آپ کو بھی فرق نظر آئے گا مگر مکمل شفایابی کے لیے بہت زیادہ وقت درکار ہے۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ جل شانہ آپ کی والدہ پر خاص کرم فرمائیں اور جلد از جلد شفائے کامل عطا فرمائیں۔

جادو کا حملہ

سوال میرا ایک بیٹا ہے، دو سال کا ہے۔ دو ہفتے پہلے ایک رات کو میری اور میرے بیٹے، دونوں کی طبیعت بہت خراب ہو گئی۔ مجھے الٹیاں ہونے لگیں، چکر آنے لگے، کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا کروں۔ میرے شوہر مجھے ہسپتال لے گئے جہاں مجھے ڈرپ لگی۔ گھر واپس آئی تو بیٹے کی طبیعت خراب ہو گئی۔ اس کو بھی الٹیاں ہونے لگیں۔ اس کو منزل دم کی اور پانی دم کر کے پلایا تو طبیعت تھوڑی سنبھل گئی۔ مہربانی فرما کر دیکھ لیں کہ یہ سب کیا ہوا تھا؟ اس دن کے بعد بیٹے کی طبیعت مسلسل خراب ہے۔ زیادہ خراب نہیں ہے مگر گم سم ہو گیا ہے، کھانا پینا برائے نام کر دیا ہے۔ (ن، لاہور)

جواب آپ پر جادو کا حملہ ہوا ہے۔ بروز منگل، سوا پاؤ چھوٹا گوشت لیں اور اس پر منزل ایک بار، اول و آخر ایک ایک بار درود شریف پڑھ کر دم کر کے اپنے اور اپنے بیٹے کے اوپر سے سات بار وار کر نہر میں پھینک دیں۔ یہ عمل لگاتار تین منگل کریں۔

روزانہ تین بار صبح اور تین بار مغرب کے بعد منزل پڑھیں۔ پہلے اپنا حصار کریں، پھر منزل پڑھیں۔ پانی، چینی، نمک اور آٹے پر دم کریں۔ پانی پینا ہے اور گھر کے تمام پاک کونوں اور پاک دیواروں پر چھڑکنا ہے۔ باقی اشیاء اپنے کھانے پینے میں استعمال کریں۔ ان شاء اللہ، حالات صحیح ہو جائیں گے۔ جادو ختم ہوگا۔

بیٹے کی مسلسل سات یوم تک نظر اتاریں۔ اس کو شدید نظر بھی لگی ہوئی ہے۔ نظر اتارنے کا طریقہ آپ ہمارے بلاگ سے دیکھ سکتی ہیں۔

ruhaniwazaif.blogspot.com

جادو کے معمولی اثر کا علاج

سوال میری طبیعت کافی عجیب سی ہو رہی ہے۔ چکر آتے ہیں، گھبراہٹ ہوتی ہے۔ عمرہ کرنے گیا تھا، وہاں بھی چکر آنے کا سلسلہ نہیں رکا۔ ڈاکٹری علاج کروا رہا ہوں لیکن خاطر خواہ فرق نہیں پڑ رہا۔ کہیں جادو کا معاملہ تو نہیں؟ (ک۔ لاہور)

جواب جادو کا اثر بہت معمولی ہے۔ بیماری بھی ہے۔ آپ ڈاکٹری علاج جاری رکھیں۔ صبح و شام گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ اول و آخر ایک بار درود ابراہیمی۔ اکیس یوم تک۔ آیت یہ ہے:

وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى (سورۃ طٰہٰ: ۶۹)

عامل پر جادو کا حملہ

سوال کافی دنوں سے عجیب سی حالت ہو رہی ہے۔ کچھ بھی پڑھنے کو دل نہیں کرتا۔ کوئی مریض بھی نہیں آ رہا۔ لگتا ہے کہ عمل بھی بند ہو گئے ہیں۔ اپنے معمولات بھی نہیں کر پا رہا ہوں۔ میری مدد فرمائیں تا کہ میں اس صورتحال سے نکل سکوں۔ (پوشیدہ)

جواب آپ پر جادو کا حملہ ہوا ہے۔ سب سے پہلے تو یہ بات یاد رکھیں کہ عاملین پر جادو کے حملے ہوتے رہتے ہیں۔ جتنا آپ جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں، اتنے ہی جادوگر، شیاطین اور جنات آپ کے دشمن بنتے ہیں۔ جو عاملین جنات و شیاطین کو مارنے یا جلانے کا کام کرتے ہیں، ان پر، ان کے اہل و عیال اور کاروبار پر جادو کے حملوں کے علاوہ جنات و شیاطین خود بہت حملے کرتے ہیں تا کہ بدلہ لے سکیں۔ اس لیے عامل کو اپنی حفاظت کا بہت اہتمام کرنا چاہیے۔ جب کہ عاملین سب سے زیادہ اپنی حفاظت سے ہی غافل رہتے ہیں۔ بڑے بڑے علاج کرتے ہیں مگر اپنی اور اپنے اہل و عیال کی حفاظت سے غافل رہتے ہیں۔

یاد رکھیں کہ عامل پر کبھی بھی فوری جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔ جادو پہلے راستہ بناتا ہے، پھر حملہ کرتا ہے۔ جب حملہ ہو جائے اور عامل متاثر ہو جائے تو پھر اس کے عمل بھی اس کے علاج کے لیے خاطر خواہ نہیں چلتے۔ اس کی وجہ ہے کہ جو جادو یا جنات عامل پر حملہ آور ہوتا ہے، وہ عامل کے اعمال کا بندوبست کر کے آیا ہوتا ہے۔ اس لیے عامل کو ایسے وقت میں فوراً اپنے استاد سے رابطہ کرنا چاہیے اور اس کی نگرانی اور تجویز میں اپنا علاج کرنا چاہیے۔ اس طرح اس کا علاج بھی ہو جاتا ہے اور اس کے اعمال بھی خراب یا ضائع نہیں ہوتے ورنہ کئی عاملین اپنا علاج کرنے کے چکر میں اپنے اعمال سے ہی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ یہ ساری باتیں اس لیے لکھی ہیں تا کہ آئندہ آپ ہوشیار اور محتاط رہیں۔ یاد رکھیں! سب سے پہلے اپنی حفاظت، پھر باقی کسی کی۔ اب علاج کی طرف آتا ہوں۔

1. ......سات بتیاں دے رہا ہوں۔ ان کو روزانہ گھر میں مغرب کے بعد جلا دیں اور تھوڑا تھوڑا آگے کرتے رہیں۔ تین چار گھنٹے جل جائیں اور بتی ختم ہو جائے۔ پھر اگلے دن اسی چراغ میں دوسری بتی۔ اس طرح سات دن کرنا ہے۔
2. ......سات کالے رنگ کی سیاہی والے تعویذ ہیں۔ روز کا ایک ہے۔ پانی میں گھول کر بانس کی جھاڑو سے اپنے گھر کو دھونا ہے۔ یہ خاص تعویذ ہے۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے استعمال کے بعد آپ کے گھر سے جادو نکل جائے گا۔
3. ......سات دن تک روزانہ سورۂ بقرہ پڑھنی ہے۔ زیادہ پانی دم کرنا ہے۔ اس پانی سے تین کام لینے ہیں۔ پینا ہے، گھر میں چھڑکنا ہے اور پاک جگہ پر روزانہ اپنے اوپر بہانا ہے۔ یہ عمل بھی سات دن کرنا ہے۔ اگر خود پڑھ سکیں تو سب سے بہتر ہے ورنہ کسی سے پڑھوا لیں۔

۴ ...... تین دن لگاتار پانچ گھنٹے والی ھانڈی کرنی ہے۔ ھانڈی کا عمل منگل، بدھ اور جمعرات کو کرنا ہے۔

۵ ...... پہلے دن اور ساتویں دن ایک پاؤ چھوٹا گوشت لے کر اپنے اوپر سے سات بار وار کر ویرانے میں یا چلتے پانی میں پھینک دیں۔

ان شاء اللہ، سات دن میں جادو کی کاٹ ہو جائے گی۔ اس کے بعد صحیح طرح حفاظت کا اہتمام کریں۔ جادو کی کاٹ کے بعد مریضوں کی آمد کے معاملے کی طرف آئیں۔ ابھی صرف اور صرف اپنا خیال رکھیں اور جادو اور جنات سے نجات کی طرف توجہ دیں۔

جان لیوا جادو سے والد کی وفات

سوال میرے والد صاحب پر عرصے سے بہت سخت سحر تھا۔ کافی عرصہ پہلے آپ نے فرمایا تھا کہ "جان لیوا جادو ہے، کسی قریبی عامل سے جلد علاج کروائیں"۔ مگر روحانی علاج کروایا ہی نہیں۔ ڈاکٹروں کے حوالے ہی رہے۔ اور آخر کار میرے والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ سنا ہے کہ جادو سے اگر کوئی مرجائے تو وہ جادو اس کی اولاد پر آجاتا ہے۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری رہنمائی فرمائیں۔ (رشید)

جواب آپ کے والد کے انتقال کا بہت افسوس ہوا۔ بھائی! میں نے اسی لیے کہا تھا کہ قریبی عامل سے علاج کرواؤ کیونکہ مجھے کوئی اچھا اشارہ نہیں ملا تھا۔ آپ لاہور سے بہت دور ہیں، اس لیے پابندی سے مریض کا لانا یا آپ کا آنا بھی ممکن نہیں تھا۔ اور اس طرح کے کیسز میں قریبی عامل ہی فائدہ مند رہتا ہے کیونکہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں آپ ان کے پاس جا سکتے ہیں۔ میرے پاس تو ویسے ہی وقت کی شدید قلت ہے۔ فون بھی پابندی سے نہیں سن پاتا۔ بہر حال، جو ہونا تھا، وہ ہو گیا۔ صبر سے کام لیں اور اللہ ﷻ پر یقین رکھیں۔ اللہ ﷻ اُن کی مغفرت فرمائیں اور ان کو درجاتِ عالیہ عطا فرمائیں۔

جہاں تک آپ کے سوال کا تعلق ہے، آپ کے والد کی وفات کے ساتھ ہی جادو کا معاملہ بھی ختم ہو چکا ہے۔ البتہ کافی عرصہ وہ بیمار رہے اور اسی گھر میں رہے، اس وجہ سے گھر اور گھر والوں پر اثرات ہیں۔ اس کے لیے آپ پابندی سے "منزل" تین بار صبح وشام پڑھ کر پانی پر دم کریں اور سب گھر والے پانی پئیں اور گھر میں چھڑکاؤ کریں۔ گیارہ یوم بعد پڑھنے کی تعداد ایک کر دیں اور مسلسل اکیس یوم مزید علاج کر کے اطلاع کریں۔

سخت جادو کی وجہ سے شدید سر درد

سوال میرے سر میں رات تین بجے سخت درد اٹھتا ہے جو کسی بھی طرح کنٹرول نہیں ہو رہا ہے۔ میں نے کئی ڈاکٹروں کو دکھایا ہے۔ مگر کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ میری مرنے والی حالت ہو جاتی ہے۔ ناقابل برداشت درد ہوتا ہے۔ مجھے کسی نے روحانی طور پر چیک کروانے کا کہا ہے تاکہ پتہ لگ جائے کہ کہیں جادو کا معاملہ تو نہیں؟ مہربانی فرما کر آپ تشخیص فرما دیں۔ اور اگر معاملہ ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟ (ث۔ف، کراچی)

جواب آپ کے حاسدین بہت ہیں۔ آپ پر سخت جادو کا حملہ ہوا ہے۔ یہ جادو صرف وظائف سے دور نہیں ہو سکتا۔ فوری طور پر کسی قریبی عامل سے رجوع فرمائیں یا ہمارے ادارے کی روحانی علاج گاہ سے رابطہ فرمائیں تاکہ باقاعدہ کوئی روحانی معالج آپ پر کیے ہوئے جادو کی کاٹ کر سکے۔

وقتی علاج کے لیے مکہ کی اذان سر میں درد ہونے سے قبل یعنی رات تین بجے سے قبل، تین یا پانچ مرتبہ سنیں۔ کانوں میں ہیڈ فون لگا کر سنیں تاکہ پوری آواز صحیح طرح سن سکیں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے اس دن درد نہیں ہوگا۔

عاملین و شائقین علوم روحانیہ کے لیے خوشخبری
ہر عمل کے مکمل سیٹ کی خریداری پر خصوصی ڈسکاؤنٹ حاصل کریں

1 لاحول ولا قوۃ الا باللہ کے اعمال پر کتاب (1) کتاب عام قیمت: 80 روپے رعائتی قیمت: 64 روپے	**2** منزل کے اعمال پر کتب (2) کتب عام قیمت: 300 روپے رعائتی قیمت: 265 روپے	**3** حسبنا اللہ ونعم الوکیل کے اعمال پر کتب (4) کتب عام قیمت: 630 روپے رعائتی قیمت: 550 روپے	**4** آیت کریمہ کے اعمال پر لاجواب کتب (3) کتب عام قیمت: 190 روپے رعائتی قیمت: 150 روپے
5 درود تنجینا کے اعمال پر مجرب کتاب (1) کتاب عام قیمت: 60 روپے رعائتی قیمت: 45 روپے	**6** آیت الکرسی کے اعمال پر کتب (6) کتب عام قیمت: 760 روپے رعائتی قیمت: 620 روپے	**7** سورۂ یٰسین کے اعمال پر کتب (12) کتب عام قیمت: 2090 روپے رعائتی قیمت: 1670 روپے	**8** ناد علی کے اعمال پر لاجواب کتب (6) کتب عام قیمت: 560 روپے رعائتی قیمت: 420 روپے
9 سورۂ کوثر کے اعمال پر لاجواب کتب (6) کتب عام قیمت: 430 روپے رعائتی قیمت: 340 روپے	**10** بسم اللہ کے اعمال پر لاجواب کتب (6) کتب عام قیمت: 910 روپے رعائتی قیمت: 700 روپے	**11** معوذتین کے اعمال پر لاجواب کتب (8) کتب عام قیمت: 630 روپے رعائتی قیمت: 460 روپے	**12** سورۂ فاتحہ کے اعمال پر لاجواب کتب (9) کتب عام قیمت: 1025 روپے رعائتی قیمت: 850 روپے
13 سورۂ اخلاص کے اعمال پر لاجواب کتب (8) کتب عام قیمت: 600 روپے رعائتی قیمت: 460 روپے	**14** حزب البحر کے اعمال پر لاجواب کتب (6) کتب عام قیمت: 2715 روپے رعائتی قیمت: 2375 روپے	**15** سورۂ رحمٰن کے اعمال پر لاجواب کتب (4) کتب عام قیمت: 540 روپے رعائتی قیمت: 460 روپے	**16** سورۂ مزمل کے اعمال پر لاجواب کتب (9) کتب عام قیمت: 1450 روپے رعائتی قیمت: 1266 روپے
17 چہل کاف کے اعمال پر لاجواب کتب (2) کتب رعائتی قیمت: 740 روپے	**18** شفائے امراض کے اعمال پر 11 بہترین کتب	**19** تکمیلِ حاجت کے اعمال پر 14 کتب رعائتی قیمت: 2200 روپے	**20** تحفۃ العاملین کے موضوع پر 18 کتب
21 نظر بد کے اعمال پر 14 کتب	**22** فراخی رزق کے اعمال پر 17 کتب	**23** تسخیر خلائق کے اعمال پر 47 کتب	**24** اعمالِ قرآنی کے اعمال پر 52 کتب
25 عملیات دشمن پر 20 کتب	**26** علمِ جفر کے اعمال پر 59 کتب	**27** کالے جادو کے اعمال پر 14 کتب	**28** اعجاز قرآنی کے موضوع پر 9 کتب

روحانی علاج گاہ کی تفصیل
darulamal.org/ruhaniilajgah

جادو اور جنات سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

جنات و جادو کی وجہ سے سخت لڑائیاں اور معاشی نقصان

سوال ہمارے گھر میں ہر وقت لڑائیاں رہتی ہیں۔ میرے شوہر بہت غصہ والے ہیں۔ ان ہی کی وجہ سے زیادہ لڑائیاں ہوتی ہیں۔ میرے بچوں کے درمیان بھی اب شدید لڑائیاں ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ میرے لڑکے والد سے بہت زیادہ پریشان ہیں۔ وہ میرے بیٹوں کو بہت بری طرح ڈانٹتے اور گالیاں دیتے ہیں۔ میرے لڑکے اب بڑے ہوگئے ہیں۔ ان سے بھی برداشت نہیں ہوتی۔ میرے شوہر نے حقیقت میں بچوں کو پیار دیا ہی نہیں۔ شروع ہی سے غصہ والا رویہ اپنایا ہے۔

دوسرا مسئلہ ہمارے کاروباری حالات کا ہے۔ پچھلے دو سالوں میں بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔ یہ سمجھ لیں کہ اب مسلسل نقصان ہی ہو رہا ہے۔ حالات کسی طرح بھی سنبھلنے میں نہیں آرہے۔ میری اس سلسلے میں رہنمائی کریں۔ (س، لاہور)

جواب میری تشخیص میں مسئلہ جنات اور جادو کا ہے۔ جادو سے زیادہ جناتی معاملہ اب ہوگیا ہے۔ اور جنات آپ کے گھر رہائش پذیر ہیں۔ یہ جو گھر کا ماحول مسلسل خراب ہو رہا ہے، یہ انہی کی کارستانی ہے۔ اور کاروباری نقصان میں زیادہ دخل جادو کا ہے۔ قدرتی معاملہ بھی ہے۔

میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ باقاعدہ کسی عامل سے ہی علاج کروائیں۔ سب سے پہلے اپنے گھر والے جنات سے نجات حاصل کریں ورنہ جادو بھی ختم نہیں ہوگا اور معاملہ زیادہ سے زیادہ بگڑ جائے گا۔

گھر والے جنات کو نکالنا بھی آسان نہیں کیونکہ وہ بھی لڑنے والے ہیں، بات ماننے والے نہیں۔ اس لیے خود سے کچھ پڑھ کر ان کو نکالنے کی کوشش سوائے نقصان کے، کچھ نہیں دے گی۔ اور میرے علم کے مطابق آپ پہلے بھی اس طرح کی کئی کوششیں کر چکی ہیں، جن کی وجہ سے جنات بھی اب بات سننے کو تیار نہیں۔ لہٰذا، ہماری روحانی علاج گاہ کے کسی بھی معالج سے رابطہ کرکے ان کو گھر بلوائیں اور گھر والے جنات کا معاملہ انہی کے سپرد کریں۔

گیارہ یوم میں جادو اور جنات سے نجات

سوال میرے ایک مریض ہیں۔ ان کے گھر پر کافی جادو کا اثر ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ گھر والے علاج نہیں کر سکتے۔ وہ لوگ جادو یا جنات کے اثرات کو نہیں مانتے۔ اس لیے میں ان کا علاج نہیں کر سکتا۔ ان کی بیگم صرف واحد فرد ہیں، جو علاج کرنا چاہتی ہیں مگر سوائے پانی پلانے اور کوئی وظیفہ کرنے کے، وہ گھر میں کوئی اور عمل نہیں کر سکتیں۔ گھر میں شیطانی اثرات بھی بہت ہیں۔ میں ان کا علاج کیسے کروں؟ (اوشید)

جواب آپ ایسا کریں کہ ان سے بات کریں کہ ایک بار آپ کو گھر پر بلا کر گھر کیل کرنے کا عمل کروائیں۔ پھر گیارہ دن کا ایک خاص عمل بتا رہا ہوں۔ اس کو کرنے سے صرف گیارہ دن میں ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات مل جاتی ہے۔ آپ کا چونکہ مدرسہ ہے، اس لیے گیارہ افراد کا بندوبست کریں جو گیارہ یوم آپ کے مریض کے گھر جا کر گیارہ بار سورۂ بقرہ پڑھیں۔ ہر کوئی اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھ کر پانی، چینی، نمک، آٹا اور اچھے عربی بخور پر دم کریں۔ روزانہ پانی، چینی اور نمک استعمال کروائیں اور بخور کی گھر میں دھونی دلوائیں۔ عمل کے آغاز اور اختتام پر چھوٹے گوشت کا صدقہ لازمی دیں۔ گیارہ کلو چھوٹا گوشت دیں یا گیارہ پاؤ دیں۔ مجھے لازمی اطلاع کرنی ہے کہ کب عمل شروع کرنا ہے تاکہ میں پیچھے پیغام دے دوں۔ ان شاء اللہ، گیارہ یوم میں آپ کے مریض کے گھر سے

ہر طرح کا جادو، جنات اور شیطانی اثر ختم ہو جائے گا۔

ٹریکٹر کی ورکشاپ پر جادوئی اور آسیبی اثرات

سوال میں ٹریکٹر ٹھیک کرنے کا کام کرتا ہوں۔ تین چار ماہ سے ورکشاپ پر عجیب حالات ہو رہے ہیں۔ ٹریکٹر کی چھوٹی چھوٹی خرابیاں بہت مشکل سے ٹھیک ہو رہی ہیں۔ جو ٹریکٹر ٹھیک ہو کر جاتا ہے، بہت جلدی واپس وہی شکایت یا کوئی دوسری شکایت لیے واپس آ جاتا ہے۔ میرے گاہک بھی اب خراب ہونے لگے ہیں جب کہ میں بہت اچھا کام کرتا ہوں۔ ایمانداری اور محنت سے ٹھیک کرتا ہوں۔ میرا کام مشہور ہے، اس لیے دور دور سے لوگ ٹریکٹر ٹھیک کروانے آتے ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری ساکھ متاثر ہو رہی ہے۔ مہربانی فرما کر کچھ کریں۔ دیکھیں کیا معاملہ ہے۔ جو بھی وجہ ہے، اس کا کوئی حل نکالیں۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ (ن، بورے والا)

جواب آپ کی ورکشاپ پر جادو کے ذریعے آسیبی قوتوں کو مسلط کیا گیا ہے جس کی وجہ سے یہ سب حالات پیش آ رہے ہیں۔ آپ کو دو خاص تعویذ بھیج رہا ہوں۔ پندرہ دن کا ایک ہے۔ ایک تعویذ کو پانی میں بھگوئیں۔ رات بھر بھیگا رہنے دیں۔ پھر صبح و شام/رات اپنی پوری ورکشاپ پر اس کا چھڑکاؤ کریں۔ زمین پر بھی اور دیواروں اور کونوں میں بھی۔ ان شاء اللہ، یہ اثرات ختم ہو جائیں گے۔ صبح جب کھولیں، تب چھڑکیں۔ شام/رات کو جب بند کریں، تب چھڑکیں۔

سورۂ بقرہ اور جادو جناتی مسئلہ

سوال میرے ساتھ جادو کے کافی مسائل رہے ہیں۔ میں نے باقاعدہ کسی سے علاج نہیں کروایا کیونکہ ہمارے گھرانے میں عاملین کو اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ کسی نے سورۂ بقرہ کی تلاوت سننے کا کہا۔ میں نے چالیس روز تک تلاوت سنی۔ پہلے کندھوں پر بہت وزن رہتا تھا۔ تلاوت سننے کے بعد کافی کم ہو گیا۔ پھر دوسری بار چالیس دن کی نیت سے آغاز کیا تو ایک ہفتہ بعد ہی ڈراؤنے خواب شروع ہو گئے۔ پھر نیند آنا بالکل بند ہو گئی۔ پھر بھی میں نے دوسرا کورس پورا کیا۔ مگر حالات وہی رہے۔ ڈراؤنے خواب بھی آتے رہے اور رات کو نیند نہیں آتی تھی۔ جب سے دوسرا کورس پورا ہوا ہے، اس کے بعد دوبارہ سورۂ بقرہ کی تلاوت سننا شروع نہیں کی۔ اس سے اب تھوڑا فرق ہے۔ آپ کا کسی جاننے والے نے بتایا تھا کہ آپ روحانی علاج کرتے ہیں۔ ان کا آپ نے علاج کیا تھا اور وہ لوگ بہت مطمئن تھے۔

مجھے آج کل جو زیادہ مسئلہ ہے وہ یہ کہ میری طبیعت ہر وقت بوجھل اور گری گری رہتی ہے۔ غصہ زیادہ آتا ہے۔ رونے کو دل چاہتا ہے۔ کسی کام میں دل نہیں کرتا۔ بچوں کو بھی بلاوجہ مارتی ہوں اور بعد میں روتی ہوں۔ میرے شوہر میری شکل کو دیکھ کر کہتے ہیں کہ میری شکل بہت عجیب ہو گئی ہے۔ دیکھنے کو بھی دل نہیں کرتا۔ جب کہ میں خوش شکل ہوں۔ میری رہنمائی فرمائیں کہ میں کیا کروں؟ (ع، لاہور)

جواب آپ کو جس نے بھی بتایا کہ آپ پر جادو کا اثر ہے، وہ صحیح بتایا۔ اضافہ یہ ہے کہ ساتھ شیطانی اثرات بھی ہیں۔ آپ نے جو خود سے سورۂ بقرہ کا سننے کا علاج کیا، وہ صحیح نہیں کیا۔ ہمیشہ علاج اس فن کے جاننے والے سے پوچھ کر کیا جاتا ہے۔ خود سے علاج کا فائدہ بھی ہو سکتا ہے پر جادو جنات کے معاملے میں میرا تجربہ ہے کہ خود سے علاج نقصان دہ ہی ثابت ہوتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ کسی کو نقصان فوری ہوتا ہے اور کسی کو بعد میں۔ سورۂ بقرہ کے عمل کی وجہ سے ہی شیطانی معاملہ زیادہ بڑھ گیا ہے۔ سورۂ بقرہ ایک بہت بڑا عمل ہے۔ اس سے شیاطین کو کافی نقصان ہوا اور اب وہ اپنا بدلہ لے رہے ہیں۔ یہی فرق ہوتا ہے خود سے علاج کرنے اور کسی جاننے والے کے کہنے پر علاج کرنے میں۔ دورانِ علاج کوئی بھی مسئلہ ہو تو جس طرح ڈاکٹر کو بتایا جاتا ہے، اسی طرح روحانی معالج کو بتایا جاتا ہے۔ نہ کہ اگر دوا سے فائدہ کی بجائے نقصان ہو رہا ہو اور ڈاکٹر نے چالیس دن کھانے کا کہا ہو تو چالیس دن لازمی پورے کیے جائیں اور پھر جا کر ڈاکٹر کو بتایا جائے۔

فی الحال آپ کے لیے علاج یہ ہے کہ "منزل" کے عمل کو تین بار صبح اور تین بار شام کو پڑھ کر اپنے پانی پر، پھر اپنے اوپر دم کریں۔ یہ پانی پینا ہے

اور تمام گھر کی پاک دیواروں اور پاک کونوں پر چھڑکنا ہے۔ تین بار رات کو سونے سے قبل پڑھ کر صرف اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیرنا ہے۔ پھر سو جائیں۔ باوضو سونا ہے۔ سونے والے کمرے میں کوئی بت، جاندار کی تصویر یا گانا بجانا نہ ہو۔

دم شدہ پانی سے دن میں دو بار چہرہ بھی دھونا ہے۔ چہرہ دھوتے وقت دھیان رہے کہ پانی گندی یا ناپاک جگہ نہ جائے۔

دو ہفتہ یہ عمل کر کے اطلاع کریں۔ "منزل" کا عمل بہت بڑا عمل ہے۔ ہم نے کئی چلے کیے ہوئے ہیں۔ اس لیے آپ اس کو عام نہ سمجھیے گا کہ منزل کا عمل پڑھنے کو دے دیا جو سب دیتے ہیں۔ "منزل" کے عمل کی غیبی قوتیں پیچھے سے غائبانہ کام کریں گی۔

نمازوں کی پابندی اور اللہ ﷻ سے علاج میں کامیابی کے لیے خوب دعائیں کریں۔ انسان صرف تدبیر کر سکتا ہے۔ نتیجہ کسی انسان یا جن کے ہاتھ میں نہیں، صرف اور صرف اللہ ﷻ کے ہاتھ میں ہے۔

سخت جادو اور جنات کا بسیرا

سوال میرے شوہر عرصہ چھ سات سال سے بے روزگار ہیں۔ نوکری ملتی ہی نہیں، اگر کبھی مل جائے تو دو تین دن میں چھوٹ جاتی ہے۔ میں خود کماتی ہوں اور بڑی مشکل سے گزارا کر رہی ہوں۔ میں اپنے سسرال میں رہتی ہوں۔ گھر میں ساس، سسر، میری فیملی اور دو دیور ہیں۔ ایک شادی شدہ ہیں، ایک پڑھ رہے ہیں۔ میرے دیور اور سسر ہمارے ساتھ مالی تعاون کرتے ہیں مگر میرے شوہر کو بہت طعنے بھی دیتے رہتے ہیں کہ کام نہیں کرتا، گھر پر بیٹھا رہتا ہے۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ میرے شوہر اچھے پڑھے لکھے اور تجربہ کار ہیں مگر نوکری ملتی ہی نہیں۔

دو کاروبار بھی کیے مگر چلتے ہوئے کاروبار، ہمارے خریدنے کے بعد چلنا بند ہو گئے۔ تب سے کئی لوگوں نے بندش کا بتایا اور میرے شوہر نے کافی علاج بھی کروایا مگر کوئی حل نہ ہوا۔ ایک آنٹی بھی ہمارے گھر آئیں اور انہوں نے کہا کہ ہمارے گھر پر غلط چیزیں ہیں، گھر چھوڑ دو ورنہ حالات ٹھیک نہ ہوں گے۔ بہت عرصہ سے گھر بیچنے کی کوشش کر رہے ہیں مگر بک ہی نہیں رہا۔ جب پارٹی خریدنے پر آتی ہے تو ہمیں آگے گھر نہیں ملتا۔ میری دوست نے آپ کا بتایا ہے۔ مہربانی فرما کر میرے لیے دعا کریں اور رہنمائی فرمائیں کہ میں کیا کروں؟ (ش، لاہور)

جواب میری تشخیص میں سخت جادو کا معاملہ ہے اور آپ کے گھر میں کافی جنات کا بسیرا ہے۔ ان کی تعداد پچاس کے قریب ہے، فیملیز ہیں۔

میرا مشورہ تو یہ ہے کہ آپ علاج نہ کروائیں اور سارا زور اس بات کی طرف دیں کہ گھر بک جائے اور آپ لوگ نکل جائیں۔ اگر کوئی اچھا گھر نہ ملے تو وقتی طور پر کرائے پر چلی جائیں مگر اس گھر سے نکلنے کی کریں۔ جب اس گھر میں رہنا ہی نہیں، تو وہاں کے رہائشی جنات سے لڑائی کا کیا فائدہ۔ پہلے ہی آپ کی زندگی میں مشکلات ہیں، پھر اور زیادہ بڑھ جائیں گی۔ اگر جنات ذاتیات پر آ گئے تو پھر وہ ہر جگہ آپ کا پیچھا کریں گے۔ رہائشی جنات بہت سخت مزاج ہیں اور لڑائی پر نقصان دینے والے ہیں۔ آپ اپنے شوہر اور ساس سسر سے بات کر لیں تا کہ بیچنے پر سب راضی ہو جائیں۔ پھر رابطہ فرمائیں۔ ہمارے ادارے کی جماعت العاملین کی خدمات حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، وہ عمل کر دیں گے اور گھر بکنے اور خریدنے میں جادو اور رہائشی جنات دخل نہ دیں گے۔ جب نئے گھر میں شفٹ ہونے لگیں تو پہلے جماعت العاملین سے عمل کروائیں، پھر شفٹ ہوں۔ اس کے بعد آسانی سے جادو کا علاج ہو جائے گا کیونکہ جادو کا علاج اس گھر میں رہتے ہوئے کافی مشکل ہوگا۔ رہائشی جنات بہت دخل اندازی کریں گے۔

بد اثرات کی وجہ سے مسلسل پریشانیاں

سوال میری فیملی مسلسل پریشانیوں کا شکار ہے۔ میرے شوہر کی بہت اچھی نوکری تھی۔ ان کو بہت گھبراہٹ ہونے لگی اور مسلسل یہی خیال کہ نوکری چھوڑ دیں۔ آخر کار انہوں نے بہت اچھی نوکری کو چھوڑ دیا۔ بچے بھی اچھی نوکریوں

پر ہیں مگر حالات ہمیشہ تنگ ہی رہتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت کوئی نہ کوئی پریشانی رہتی ہے۔ تقریباً بیس پچیس سال سے اسی طرح کے معاملات ہیں۔ اپنا گھر بھی بک گیا ہے۔ اب کرائے پر رہتے ہیں۔ بچوں کی تعلیم پر بہت پیسہ لگ گیا۔ اب ان کی شادیاں بھی کرنی ہے لیکن ہر جگہ رکاوٹیں ہی رکاوٹیں۔ میرے شوہر اور بچے کسی سے روحانی علاج نہیں کروانے دیتے۔ وہ ان چیزوں کو مانتے ہی نہیں۔ بس کہتے ہیں کہ نماز پڑھو اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرو۔ بہت ہی پریشان ہوں۔ مہربانی فرما کر کوئی حل نکالیں۔ (پوشیدہ، کراچی)

جواب محترمہ! آپ پر بد اثرات کا معاملہ ہے۔ اور یہ سلسلہ بھی کافی پرانا ہے۔ لگتا یہ ہے کہ آپ کے شوہر اور بچوں کے ذہنوں کی بھی بد اثرات کی وجہ سے بندش ہو گئی ہے، اسی لیے وہ روحانی علاج کی طرف بالکل نہیں آتے۔ آپ کا علاج صحیح طریقے سے کوئی اچھا روحانی معالج کر سکتا ہے اور میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ اپنے گھر کا علاج پہلے کروائیں، افراد کا نہیں۔ جب گھر سے برے اثرات نکلیں گے تو ہر طرف سے آسانیاں شروع ہو جائیں گی، مشکلات ختم ہوں گی۔ اگر کسی خاص فرد کا علاج کروایا تو وقتی فائدہ ہوگا، مکمل نہیں۔ آپ فی الحال یہ علاج کریں اور نیت یہ کریں کہ گھر کے افراد پر سے اتنا اثر تو ختم ہو کہ وہ باقاعدہ روحانی علاج کروانے پر آمادہ ہوں۔

بروز جمعرات، ہفتہ میں ایک بار سورۂ بقرہ پڑھ کر زیادہ پانی پر دم کریں۔ اس پانی کو روزانہ صبح و شام پورے گھر میں چھڑکیں اور سب گھر والے پئیں۔ دوسرا کام یہ کریں کہ پانی، چینی، نمک اور اگربتیوں پر سورۂ فلق ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ، اول و آخر گیارہ بار درود شریف، روزانہ پڑھ کر دم کریں۔ چینی اور نمک کھانے میں استعمال کریں۔ پانی صبح کو یا شام کو پئیں۔ اگر صبح کو سورۂ فلق کا پانی پینا ہے تو شام کو سورۂ بقرہ کا پانی پئیں۔ اگربتیوں کی دھونی شام کو بوقت مغرب پورے گھر میں دیں۔ لگاتار یہ عمل دو ہفتہ کر کے اطلاع کریں۔ علاج کا آغاز جمعرات سے کریں۔ علاج سے قبل حسب استطاعت صدقہ ضرور دیں۔

آلۂ یکسوئی

کوئی دعویٰ نہیں کوئی وعدہ نہیں

حضرت انسان علم الخیال کی اتھاہ گہرائیوں کو سمجھنے کی کوشش صدیوں سے کر رہا ہے مگر جن علماء نے قوت خیال کو سمجھ لیا، انہوں نے بہت سے علوم کی بنیاد رکھی۔ اگر یہ کہا جائے کہ تمام روحانی علوم میں قوت خیال ہی کلید اعظم ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ قوت خیال تمام دنیاوی طاقتوں سے زبردست طاقت ہے۔ اجتماع خیالات سے ہی قوت ارادی اور تصور پختہ ہوتا ہے۔ پوشیدہ قلبی طاقتوں میں کامل عروج حاصل کرنے کے لیے خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطہ پر مرکوز کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے اس کے بغیر یکسوئی کی مخفی طاقت حاصل نہیں ہو سکتی۔ قیام نگاہ ہی اصل راز ہے۔

آلہ یکسوئی بڑی محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ جو خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطے پر مرکوز کر دیتا ہے اور انسان کے اندر غیب میں دیکھنے والی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ عملیات میں یقینی کامیابی کے لیے آج ہی آلہ یکسوئی براہ راست ہم سے طلب فرمائیں۔ طریقہ استعمال تفصیلاً ہمراہ ارسال کیا جائے گا۔

قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ

EMF Meter (Ghost Meter)

یہ میٹر کسی بھی جگہ جنات اور غیبی مخلوق کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ پاکستانی مختلف ٹی وی چینلز میں ویران اور آسیب زدہ جگہوں پر جو پروگرام بنتے ہیں، ان کی ٹیم دوسرے آلات کے ساتھ یہ لازمی استعمال کرتی ہے کیونکہ اس کے بغیر موجودگی کا پتہ نہیں لگتا۔ اسی طرح دنیا کے مختلف ٹی وی چینلز پر جنوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کے جو پروگرام لگتے ہیں، ان میں بھی اسی طرح کے میٹرز استعمال کیے جاتے ہیں۔

آج سائنس کے دور میں بہت سے لوگ جنات سے انکاری ہیں۔ کچھ مانتے ہیں مگر یہ ماننے کو تیار نہیں کہ ہمارے گھر میں جنات کا اثر بھی ہے یا جنات موجود ہیں۔ اس میٹر کے ذریعے ہر کوئی چیک کر سکتا ہے کہ گھر میں کس کس جگہ پر جنات کا اثر ہے اور کس جگہ جنات موجود ہیں۔ بہت آسانی سے تھوڑی دیر میں پورا گھر چیک کیا جا سکتا ہے۔ گھر کے علاوہ کسی بھی جگہ کو چیک کیا جا سکتا ہے اور مریض کو مطمئن کیا جا سکتا ہے۔ عاملین کے لیے یہ آلہ بہت ہی مفید ہے۔ اور جعلی قسم کے فراڈ عاملین کو بے نقاب بھی کرنے کے لیے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فلاں کے گھر میں خطرناک جنات ہیں، فوری عمل کرواؤ ورنہ نقصان ہو جائے گا۔ اگر جنات ہوں گے تو اس میٹر سے ضرور پتہ لگے گا۔ خریدنے والے کو مکمل تربیت دی جاتی ہے کہ کس طرح اس کو استعمال کرنا ہے اور کیا کیا ضروری حفاظت کا بھی انتظام کرنا ہے۔

سادہ 14,500 روپے — ڈیجیٹل 18,000 روپے

ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات

آج کے مشینی دور میں وقت کی کمی کی سبھی کو شکایت ہے۔ روحانی علاج کے سلسلے میں تعویذات لکھنے میں بھی یہی مسئلہ ہے۔ وقت کی کمی اور افرادی قوت کی کمی کی وجہ سے عموماً پرنٹڈ تعویذات استعمال کروائے جاتے ہیں۔ جب کہ ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات کی تاثیر پرنٹڈ تعویذات سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔

اسی ضرورت کو دیکھتے ہوئے "روحانی دکان" میں ہاتھ سے لکھے ہوئے چند تعویذات دستیاب ہیں اور عاملین/ روحانی معالجین کے لیے یہ سہولت ہے کہ وہ جو تعویذ، جس سیاہی سے، زیادہ تعداد میں لکھوانا چاہیں، لکھوا سکتے ہیں۔

تعویذات کن چیزوں پر لکھے جاتے ہیں

سفید کاغذ، نیوز کاغذ، روغنی کاغذ، رنگین کاغذ، بھوج پتر، ہرن کی جھلی، ہرن کی کھال۔ نیز تانبے، پیتل اور مختلف دھاتوں کو مکس کر کے پترے بنا کر ان پر، مختلف قسم کے پتھروں پر۔

مختلف اقسام کے تعویذات لکھواسکتے ہیں

اسماء الحسنیٰ، قرآنی سورتیں اور آیات، درود شریف، مسنون دعائیں، نورانی، روحانی درسگاہ کی کاپیوں والے تعویذات، مختلف قسم کے فلیتے اور دیگر کئی طرح کے تعویذات۔ نیز عاملین کوئی خاص تعویذات لکھوانا چاہیں تو نمونہ بھیج کر وہ تعویذ لکھوا سکتے ہیں۔

درج ذیل قسم کی سیاہی سے تعویذات لکھے جاتے ہیں

1. زعفران
2. مشک و زعفران
3. زعفران، مشک اور عنبر
4. عام کالی سیاہی
5. کالی سیاہی...... خاص برائے اعمال شر
6. لال سیاہی
7. عاملین اگر کوئی خاص سیاہی سے لکھوانا چاہیں

سورۃ القریش کے عامل بنیں

تعارف: سورۂ قریش کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ یہ ایک کثیر الفوائد سورت ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ بفضل تعالیٰ، بہت تیز اثر کرنے والی صورت ہے۔ عاملین میں بھی بہت مقبول ہے مگر اس کے باقاعدہ عامل بہت کم ملتے ہیں۔ اس سورت سے ہر طرح کا جائز کام لیا جا سکتا ہے۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ جس عامل نے سورۃ قریش کے عمل کی بڑی منزلیں طے کی ہوں، اگر وہ کسی آسیب زدہ کو اپنا سلام کہہ کر بھیج دے تو آسیب فورا بھاگ جائے گا۔ اس عمل کے عامل کا جنات پر بہت رعب و دبدبہ ہوتا ہے۔ اس کے عامل کو جنات تنگ نہیں کرتے۔

کیسے سیکھا جائے؟: اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس سورت کا عامل بننے اور درج ذیل فوائد حاصل کریں:

......ہر طرح کے آسیب و جن کا علاج	......آسیب و جن کو حاضر کرنا اور قید کرنا	......ہر طرح کے آسیب و جن سے حفاظت
......ہر طرح کے دشمن سے نجات	......ہر طرح کے دشمن سے حفاظت	......کھانے میں بہت برکت
......حاکم، افسر یا کسی فرد سے کام نکلوانا	......فراخی رزق و کاروبار	......پریشانیوں اور مشکلات سے نجات
......بیماریوں سے نجات	......زہر کھانے والے کا علاج	......اور بہت کچھ

عمل کے کُل درجے: اس عمل کے کُل چھ درجے ہیں۔ ہر درجے میں مختلف چلہ کشی کروائی جاتی ہیں (گھر اور گھر سے باہر)۔ پہلے درجے کا کوئی ھدیہ نہیں، صرف خزینہ روحانیات کا ممبر ہونا شرط ہے۔ دوسرا درجہ ہر کوئی کر سکتا ہے۔ باقی درجے بڑے عاملین کے لیے ہیں۔ ان سب کی فیس بھی الگ ہے۔

اجازت کے لیے اھلیت: اجازت لینے والے چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جا سکتی ہے۔

پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں۔

فیس (درجہ دوم) 2100 روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "**آگے سکھانے کی خاص اجازت**" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہو گا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

کاروباری مسائل اور ان کا روحانی حل

دکان میں برکت ہو

سوال میرا مسئلہ یہ ہے کہ دکان نہیں چلتی، گاہک نہیں آتا یا آکر چلا جاتا ہے۔ اس لئے گھر کے اخراجات پورے نہیں ہوتے اور گھر میں تکلیف بہت ہے، کچھ سمجھ نہیں آتی۔ مہربانی فرما کر میرے اس مسئلہ کا کچھ حل نکالیں۔

(مقبول احمد، گجرات)

جواب آپ ''یامغنی اور سورۃ مزمل'' کا وظیفہ کریں۔ طریقہ آپ کو ارسال کردیا گیا ہے اور ساتھ ہی دکان و مکان کی خیر و برکت و حفاظت کے تعویذ بھی آپ کو ارسال کردیے ہیں۔ دکان میں برکت کے لئے سورۃ البقرۃ کی کیسٹ والا عمل بھی چالیس دن دکان پر کریں۔ اگر ممکن نہ ہو تو سورۃ یٰسین کا کیسٹ والا عمل روزانہ صبح دکان پر کریں۔ ان شاء اللہ برکت شروع ہو جائے گی۔

کاروبار میں برکت

سوال میرے کام میں بالکل برکت نہیں ہے۔ مسلسل نقصان پر نقصان ہو رہا ہے۔ کاروبار میں برکت کا کوئی عمل ارشاد فرمادیں۔ (حارث، گوجرانوالہ)

جواب اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ صَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ۔ پابندی سے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے۔ ان شاء اللہ بہت جلد کاروبار ترقی کرے گا۔

کاروبار میں برکت

سوال میرا چلنے پھرنے والا کاروبار ہے۔ کبھی کوئی چیز لا کر بیچ دی، کبھی کوئی۔ مگر برکت نہیں ہے۔ مہربانی فرما کر برکت کے لئے کچھ پڑھنے کو فرمادیں۔

(غلام عباس، لاہور)

جواب روزانہ پانچ سو مرتبہ (۵۰۰) بار سلام قولاً من رب رحیم (یس:۵۸) پڑھ کر دعا کریں۔

سلائی کا کام نہیں چل رہا

سوال میں سلائی کا کام کرتی ہوں۔ آج کل کام بالکل نہیں آرہا ہے۔ مہربانی کر کے بتائیں کہ کیا کوئی بندش تو نہیں؟ اور سلائی کا کام چلنے کے لئے کیا کروں؟ (شاہدہ، لاہور)

جواب تشخیص میں کسی قسم کا اثر نہیں آرہا ہے۔ آپ تین ہفتہ درج ذیل وظیفہ کر کے دوبارہ تشخیص کروائیں۔

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ اور ''یَا مُغْنِیُ'' گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اور سورۃ مزمل چالیس (۴۰) بار۔ ایک وقت، ایک جگہ۔ جب پاک ہوں، اسی دن سے شروع کریں تاکہ اکیس یوم لگاتار وظیفہ ہو جائے۔ تین ہفتے بعد وظیفہ اس وقت تک نہیں چھوڑنا جب تک مزید ہدایت نہ دی جائے۔

دکان مسلسل خسارے میں

سوال میرا کاروبار 2002 سے بہت اچھا چلا۔ پھر آہستہ آہستہ کام کم ہوتا گیا۔ میں بیکری کا کام کرتا ہوں۔ اب تو یہ حالات ہیں کہ نہ تو گھر کا خرچہ نکلتا ہے اور نہ دکان کا۔ مہربانی فرما کر کچھ کریں۔ میں یہ سوچ رہا ہوں کہ دکان بیچ دوں۔ آپ اس بارے میں کیا کہتے ہیں؟ (محمد سلیم، لاہور)

جواب آپ کے اوپر اور دکان پر سخت نظر اور حسد کا معاملہ ہے۔ بندش بھی لگائی گئی ہے۔ اس کے لیے باقاعدہ علاج کریں۔ جہاں تک دکان فروخت کرنے کا معاملہ ہے، اس کے بارے میں استخارہ کریں۔ اللہ جل جلالہ ہی بہتر جانتے ہیں کہ فروخت کرنا بہتر ہے یا نہیں۔

دکان اور آپ پر سے اثرات دور ہونے کے لیے یہ عمل کریں:

۱......ہماری روحانی دکان سے جادو اور جنات کو جگہ سے دفع کرنے والی اگربتی منگوائیں۔ صبح دکان کھولنے کے بعد اور مغرب کی نماز کے فوری بعد پوری دکان میں دھونی دیں۔

۲......ہفتہ میں ایک بار سورۂ بقرہ پڑھیں اور وافر مقدار پانی پر دم کریں۔ جس دن پڑھیں، اس دن گھر میں پاک جگہ پر (جیسے چھت، باغ) کھڑے ہو کر اپنے اوپر پانی بہائیں۔ شلوار پہنے رہیں اوپر کے کپڑے اتار دیں۔ خیال رہے کہ پانی کسی گندی نالی میں نہ جائے۔

باقی پانی صبح و شام گھر اور دکان کے پاک کونوں اور دیواروں پر چھڑکیں۔ اور پینے میں بھی یہی پانی استعمال کریں۔

۳......تین دن لگاتار اکتالیس بار سورۂ مزمل کو دکان پر بیٹھ کر پڑھیں یا پڑھوائیں۔ تین دن بعد اکیس دن، اکیس مرتبہ پڑھیں یا پڑھوائیں۔ پھر گیارہ بار معمول رکھیں۔ پڑھنی دکان پر ہی ہے۔

۴......اپنے اوپر سے روز نظر اتاریں اور اس وقت تک اتارتے رہیں، جب تک نظر نہ اترے۔ نظر اتارنا نہ آتا ہو تو فون کر کے طریقہ سمجھ لیں۔

۵......روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ کی عادت ڈالیں۔ چاہے کسی غریب بچے کو ایک کیلا ہی دے دیں۔ کچھ ٹافیاں ہی دے دیں۔ صدقہ جب دیں تو اسی وقت اللہ ﷻ سے دعا بھی کریں اس معاملے کے لیے، جس کی وجہ سے آپ نے صدقہ دیا ہے۔

۶......رزق کی تنگی کی ایک بڑی وجہ گناہوں کی کثرت ہے۔ کوشش کریں کہ اللہ ﷻ کو ناراض کرنے والے کاموں سے دور رہیں اور گھر کے ماحول پر بھی توجہ دیں۔ دکان پر کوئی بھی ایسی چیز فروخت نہ کریں، جو شریعت میں منع ہو۔ حرام آمدنی، حلال کو بھی خراب کر دیتی ہے۔

دعا کرتا ہوں کہ اللہ ﷻ آپ کے حالات میں جلد بہتری کے اسباب پیدا فرما دے۔ (آمین)

کاروبار بند ہو گیا ہے

سوال میرا کاروبار چلنا بالکل بند ہو گیا ہے۔ آہستہ آہستہ کم ہوتا گیا مگر اب تو حالات بہت خراب ہو گئے ہیں۔ خرچے جیب سے ادا کرنا پڑ رہے ہیں۔ مال بکتا ہی نہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری مدد فرمائیں۔ (م۔ لاہور)

جواب آپ کے اوپر سحر کا اثر ہے۔ بہت سخت نہیں مگر بندش کی صورت بن گیا ہے۔ کاروبار کی بندش ختم کرنے اور رزق بڑھانے کے لیے ایک خاص عمل لکھ رہا ہوں۔ ایک ہی نشست میں سورۂ واقعہ کو چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل شب جمعہ کو کر لیا کریں۔ اگر ایک ہفتہ لگاتار کر لیں، پھر ہر شب جمعہ کو کر لیا کریں تو بہت زیادہ فائدے کی امید ہے۔ سات شب جمعہ لگاتار یہ عمل کیا جائے۔ ان شاء اللہ، رزق کی فراخی کے سلسلے میں جو بھی رکاوٹیں ہوں گی، وہ ختم ہو جائیں گی۔

دکان پر گاہک نہیں آ رہے

سوال میرے شوہر کی دکان لندن میں ہے۔ کافی عرصے سے اس میں گاہکوں کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ اس وجہ سے سیل بھی برائے نام ہوتی ہے اور اب تو اخراجات بھی پورے کرنا مشکل ہوتے جا رہے ہیں۔ مہربانی فرما کر دیکھ لیں کہ کیا معاملہ ہے؟ میری اور میرے شوہر کی بھی روحانی تشخیص کر دیں۔ (س۔ UK)

جواب آپ دونوں پر ذاتی تو کوئی خاص اثرات معلوم نہیں ہوئے البتہ دکان پر بد اثرات کا کافی معاملہ ہے۔ اس کے لیے آپ چار ہفتے یہ عمل کریں: ہفتہ میں ایک دن مخصوص کر کے دکان پر ہی کسی قاری صاحب کو بلوا کر سورۂ بقرہ پڑھوائیں اور اس کا پانی ایک ہفتہ تک صبح دکان کھولتے وقت، درمیان وقت میں اور رات کو بند کرنے سے پہلے دکان پر چھڑکوائیں۔ نیز صبح دکان کھولتے وقت باہر دروازے پر بھی چھڑکوائیں۔ دھیان رہے کہ پانی کسی ایسی جگہ نہ گرے کہ بے ادبی ہو۔ چار ہفتے بعد اطلاع کریں۔

برائے ترقی روزگار

سوال ترقی روزگار کے لیے نقش عنایت فرمائیں۔ (عبدالرحیم۔ ملتان)

جواب اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھیں۔ دوسرا تعویذ دوکان میں لگائے یا غلہ میں رکھیں۔ اس تعویذ کی برکت سے کاروبار میں خوب ترقی ہوگی، ان شاء اللہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَاوَهَّابُ	يَابَاسِطُ	يَافَتَّاحُ	يَارَزَّاقُ
يَارَزَّاقُ	يَافَتَّاحُ	يَابَاسِطُ	يَاوَهَّابُ
يَابَاسِطُ	يَاوَهَّابُ	يَارَزَّاقُ	يَافَتَّاحُ
يَافَتَّاحُ	يَارَزَّاقُ	يَاوَهَّابُ	يَابَاسِطُ

کاروباری رکاوٹیں

سوال میرا چائنہ میں اچھا کاروبار تھا۔ پچھلے چھ ماہ سے عجیب کام ہو رہا ہے۔ جو بھی کاروباری معاملہ کرتا ہوں، فائنل ہونے کے قریب ہوتا ہے کہ اچانک سب ختم ہو جاتا ہے۔ کوئی وجہ بھی سمجھ نہیں آتی۔ میری مدد فرمائیں اور دیکھیں کہ کیا معاملہ ہے؟ (ا، چائنہ)

جواب آپ کا معاملہ "بندش" کا ہے۔ کسی طرح سے ہماری روحانی علاج گاہ سے بندش کے علاج کا کورس منگوالیں۔ جب تک کورس پہنچ نہیں جاتا، ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ ایک وقت مقرر کر کے سورۂ فلق پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔

چاکلیٹ مشین مسلسل خراب ہو رہی ہے

سوال میں نے ایک چاکلیٹ مشین لی ہے۔ جب سے مشین لی ہے، اس وقت سے مسلسل اس پر خرچہ ہو رہا ہے۔ میرا بہت نقصان ہو رہا ہے۔ مہربانی کر کے چیک کرلیں کہ کیا معاملہ ہے؟ (دل محمد، لاہور)

جواب کوئی جادو اور جنات کا معاملہ نہیں ہے۔ قدرتی معاملہ ہے۔ اللہ جل جلالہ کا کلام بکثرت پڑھا کریں۔ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات ستر (۷۰) مرتبہ بعد نمازِ عشاء پابندی سے پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ ان شاء اللہ، حالات میں بہتری آجائے گی۔

کاروباری ڈیل کامیاب ہو

سوال میری کچھ لوگوں سے کاروبار کے سلسلے میں ڈیل چل رہی ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ بتادیں کہ ڈیل کامیاب ہو جائے۔ (ر ج، لاہور)

جواب عشاء کی نماز کے بعد آیت کریمہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ، اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر اللہ جل جلالہ سے دعا کریں اور جب تک ڈیل کا کوئی فیصلہ نہ ہو جائے، پڑھتے رہیں۔

دوکان چلنے کے لیے...... دوکان کی بندش کا علاج

سوال مجھے اپنی دکان پر بندش معلوم ہوتی ہے۔ پہلے بہت اچھی چلتی تھی، اب دو ماہ سے کام بہت کم ہو گیا ہے۔ دو عاملین سے تشخیص کروائی ہے تو انہوں نے بھی بندش بتائی ہے۔ کوئی تعویذ عنایت فرمائیں۔ (ع، لاہور)

جواب مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھیں اور دوکان میں اس طرح لگائیں کہ تعویذ دروازے کے مقابل ہو۔ اگر بندش ہوگی، کھل جائے گی۔ جادو سفلی ہوگا، اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔ دوکان خوب چلے گی۔ منافع بہت ہوگا۔ یہ نقش کچی کالی روشنائی اور لکڑی کے قلم سے موٹے حروف سے لکھے۔

نقش معظم یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَارَحِيْمُ	يَارَحْمٰنُ	يَااَللّٰهُ
يَاقَادِرُ	يَارَزَّاقُ	يَامَالِكُ
يَارَزَّاقُ	قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	يَارَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	يَارَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
يَارَزَّاقُ	اَللّٰهُ الصَّمَدُ	يَارَزَّاقُ

روزگار/نوکری کے مسائل اور ان کا روحانی حل

نوکری مل جائے

سوال میرے والد صاحب کی سرکاری نوکری تھی۔ ان کے انتقال کے بعد والدہ نے سرکاری نوکری کے لئے apply کیا مگر تین سال ہو گئے ہیں، کچھ نہ کچھ رکاوٹ آ جاتی ہے اور کام نہیں بنتا۔ اس کے لئے کوئی وظیفہ دے دیں۔ (ام سلمٰی، انڈیا)

جواب والدہ کو کہیں کہ یہ وظیفہ کریں:

اول و آخر ایک ایک سو مرتبہ درود شریف۔ درمیان میں پانچ سو مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿سورۃ آلِ عمران: ۱۷۳﴾

روزانہ پڑھنا ہے۔ حتیٰ کہ مقصد حل ہو جائے۔ اس ختم کا ثواب بروح پرفتوح حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو بخش کر اپنی حاجت کے لئے بواسطہ حضرت رحمۃ اللہ، بارگاہِ الٰہی میں عرض کریں۔ ان شاء اللہ نوکری مل جائے گی۔ کم از کم مدت اکیس یوم اور زیادہ سے زیادہ چالیس یوم۔

نوکری مل جائے

سوال میرا چھوٹا بھائی ہے۔ اس نے انجینئرنگ کی ہے مگر اس کو کوئی نوکری نہیں مل رہی۔ ہر جگہ سے ناکامی ملتی ہے۔ اس کے لئے کوئی وظیفہ بتا دیں۔ (ام سلمٰی، انڈیا)

جواب بھائی کو کہیں کہ یہ وظیفہ کریں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ

درود شریف کو بسم اللہ کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ پھر کلمہ طیبہ کو بسم اللہ کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ پھر عاجزی سے دعا کریں۔ یہ عمل مسلسل تین رات (شب بدھ، شب جمعرات اور شب جمعہ) کرنا ہے۔ اگر کام نہ ہو تو ایک اور بار کریں۔ ان شاء اللہ تین بار سے زیادہ کی نوبت نہیں آئے گی۔

ملازمت کے لیے

بعض لوگ بے روزگاری سے تنگ آ کر خودکشی کر لیتے ہیں۔ بعض مرتبہ مایوس ہو کر چوری، ڈاکے اور غلط لائن میں لگ جاتے ہیں۔ جس کے سبب اہل خانہ اور پورا خاندان متاثر ہوتا ہے اور بعض مرتبہ جیل میں بند ہو جاتے ہیں اور بعض لوگ کسی سخت جرم میں پھانسی چڑھ جاتے ہیں۔ نوکری اور ملازمت کے لیے یہ عمل بہت مناسب اور کارآمد ہے۔ سات (۷) روز تک مسلسل بلا ناغہ جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار، پیر، منگل، بدھ کے دنوں میں مغرب کی نماز کے بعد مسجد میں اعتکاف کی نیت کر کے بیٹھ جائیں اور یہ عمل کریں۔ تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ پڑھیں:

يَا كَافِيُ يَا غَنِيُّ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ

اس کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور دل میں ملازمت ملنے کی نیت رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سات دن پورے ہونے سے پہلے ہی ملازمت مل جائے گی۔ ورنہ ایک ہفتہ یہ عمل اور کر لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اگلے ہفتے تک کوئی روزگار ضرور مل جائے گا۔

شوہر کی ملازمت کا مسئلہ

سوال آپ سے ایک مہینہ پہلے جادو سے نجات کا کورس منگوایا تھا اور آپ نے میرے شوہر کے لیے ایک وظیفہ دیا تھا، تین سو تیرہ (۳۱۳) بار سورۃ شعراء کی آیت ۶۲ پڑھنے کا۔ الحمدللہ، ایک دوسری فیکٹری سے میرے شوہر کو آفر آئی ہے۔ اور ان کے مزاج میں بھی بہت بہتری آ گئی ہے۔ اب گھر آ کر لڑتے نہیں ہیں۔ پہلے گھر آتے ہی طبیعت بھی خراب ہو جاتی تھی، اب

الحمدللہ، ایسا نہیں ہے۔ کبھی کبھی طبیعت خراب ہوتی ہے۔ فیکٹری کے حالات بہت زیادہ خراب ہو گئے ہیں، اب میرے شوہر مزید وہاں کام نہیں کرنا چاہ رہے۔ جو آفر آئی ہے، وہ دوسرے شہر سے ہے۔ آپ بتادیں کہ کیا وہیں جانا بہتر ہے۔ اور جادو کتنا ختم ہو گیا ہے؟ (س، فیصل آباد)

جواب الحمدللہ، آپ کو اللہ جل شانہٗ نے نیا راستہ دکھایا ہے۔ بہتر ہے کہ آپ استخارہ کریں کہ اُس شہر میں جانا بہتر ہے کہ نہیں۔ روحانی مشورے کے لحاظ سے وہاں جانا بہتر ہے۔ باقی اللہ بہتر جانتے ہیں۔

آپ کے شوہر پر سے جادو 60 % ختم ہو گیا ہے۔ علاج جاری رکھیں۔ جب کورس ختم ہو جائے تو پھر پتہ کریں۔ دوسرے کورس کی ضرورت نہیں ہے۔ مزید دو ہفتہ کا علاج اور دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ، جادو ختم ہو جائے گا۔

ملازمت میں ترقی

سوال مجھے ملازمت کرتے کافی عرصہ ہو گیا ہے مگر مجھے جو ترقی ملنی چاہیے، وہ نہیں مل رہی۔ کچھ لوگوں کی مخالفت بھی ہے۔ مہربانی فرما کر مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں۔ (نوید، لاہور)

جواب آدھی رات گزرنے کے بعد باوضو دو نفل ادا کر کے ننگے سر، قبلہ رخ کھڑے ہو کر تین سو (۳۰۰) مرتبہ یَا عَزِیْزُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ دعا کریں۔ ان شاء اللہ ملازمت میں ترقی نصیب ہو گی۔

روزگار کا حصول

سوال میں نوکری تلاش کر کے تھک گیا ہوں۔ ابھی تک مجھے کوئی نوکری نہیں ملی۔ دل چاہتا ہے کہ خودکشی کر لوں۔ مجھے کوئی حل بتائیں۔

(عامر رضا، گوجرانوالہ)

جواب اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ ۝ وَهَبْ لَنَا اَللّٰهُمَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْهَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ ۝ وَاجْعَلْ لَّنَا اَللّٰهُمَّ اِلَيْهِ طَرِيْقًا سَهْلًا مِّنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ وَّلَا مِنَّةٍ وَّلَا تَبِعَةٍ ۝ وَ جَنِّبْنَا اَللّٰهُمَّ الْحَرَامَ حَيْثُ كَانَ وَ اَيْنَ كَانَ وَ عِنْدَ مَنْ كَانَ وَ حُلْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ اَهْلِهٖ ۝ وَاقْبِضْ عَنَّا اَيْدِيَهُمْ وَاصْرِفْ عَنَّا قُلُوْبَهُمْ ۝ حَتّٰی لَا نَتَقَلَّبَ اِلَّا فِيْمَا يُرْضِيْكَ وَ لَا نَسْتَعِيْنَ بِنِعْمَتِكَ اِلَّا عَلٰی مَا تُحِبُّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

طریقہ: ہر نماز کے بعد سات بار اور مغرب کی نماز کے بعد اکہتر (۷۱) بار یہ درود شریف پڑھ کر خوب آہ وزاری سے دعا کریں۔

باس ترقی نہیں ہونے دے رہا

سوال میرے باس میری ترقی میں بہت بڑی رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ میرے ساتھ والے تمام سٹاف کی ترقی ہو گئی ہے جب کہ ان سب میں میں سینئر ہوں۔ مجھ سے آہستہ آہستہ کام بھی واپس لے کر دوسروں کو دینا شروع کر دیا ہے۔ مجھے لگ رہا ہے کہ مجھے نکال دیں گے۔ میری مدد فرمائیں۔ میرے لیے یہ نوکری بہت اہم ہے کیونکہ اس میں تنخواہ اچھی ہے اور عہدہ بھی۔ (ر، لاہور)

جواب آپ کے باس کو آپ سے راضی رکھنے کے لیے دو عمل لکھ رہا ہوں۔ دونوں ہی کرنے ہیں۔ اگر آپ دونوں نہ کر سکیں تو ایک آپ کر لیں اور ایک آپ کی والدہ یا زوجہ کر لیں۔

(۱) سورۃ والضحیٰ اکیس (۲۱) بار، اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر تصور میں اپنے باس پر دم کریں۔

(۲) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (اٰل عمران:۱۷۳) کو چار سو پچاس (۴۵۰) بار، اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تصور میں اپنے باس پر دم کریں۔

خوشخبری عاملین کیلئے حزب البحر کی نایاب کتب کا سیٹ
۱ اعمال حزب البحر — مصنف: مولانا حسن الہاشمی — قیمت: 230 روپے
۲ تسخیر مہر و قہر (فوٹو کاپی) — مصنف: خواجہ حسن نظامی — قیمت: 575 روپے
۳ اعمال حزب البحر (مجموعہ) (فوٹو کاپی) — مصنف: محبوب علی شاہ، مفتی حسین بخاری — قیمت: 380 روپے
۴ شرح حزب البحر باموکل — مصنف: شیخ ابوالحسن شاذلی — قیمت: 500 روپے
۵ قلائد النحر فی حزب البحر (فوٹو کاپی) — مصنف: محمد منصور احمد خان — قیمت: 380 روپے
۶ رموز النصر فی شرح حزب البحر — قیمت: 650 روپے
مکمل سیٹ کی قیمت: 2715 روپے — عوام کیلئے رعائتی قیمت: 2525 روپے
ممبران و شاگردوں کیلئے رعائتی قیمت: 2375 روپے
0323-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif

نئی کتاب
برکاتِ کاف در شرح چہل کاف
منسوبہ قطب ربانی سیدی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
مرتب صوفی ایاز اعلمی
برکاتِ کاف شرح چہل کاف کی نمایاں خصوصیات
خواص اعمال و نقوش — قیمت: 700 روپے — پیپر اعلیٰ کوالٹی
★ سیدی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مختصر و مستند ترین تعارف ★ شرح حرف کاف، حرف کاف کے خواص، دعوت صغیر باموکل، دعوت کبیر باموکل، دعوت اکبر الکبائر بطریق جفر جامع، حرف کاف کے اعمال و تسخیر خلائق کی دعوت اور حرف کاف کی الواح و نقوش ★ اسم الٰہی یا کافی کی شرح، خواص، دعوت صغیر، کبیر، اکبر الکبائر کے چھ طریقے، الکافی کے اعمال، نقوش و الواح ★ چہل کاف کا تعارف، چہل کاف کس کے اشعار ہیں مع حوالہ جات، چہل کاف کی صرفی و نحوی شرح، چہل کاف کی شرح باوزن عروضی، چہل کاف کی صوفیانہ شرح، چہل کاف کے خواص، شرائط چلہ کشی، چہل کاف کے ہر مصرع کے علیحدہ خواص، چہل کاف کے اشارات، چہل کاف کی اقسام، چہل کاف سادہ و چہل کاف باموکل کی زکات ادا کرنے کے بیس سے زائد مستند و مشائخ سے اجازت شدہ طریقے ★ چہل کاف کے اعمال، نقوش و الواح، چہل کاف سے تشخیص کے طریقے، حاضری کے اعمال، جنات کو قید کرنا، جادو کا توڑ، دنیا میں کہیں بھی حاضری کو بند کرنے کا طریقہ، دفن شدہ تعویذات نکالنے کا عمل، دفع اعداء کے اعمال، امراض کو ختم کرنے کے نقوش وغیرہ وغیرہ
0323-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ
+maktabatulaarif

رزق کے مسائل اور ان کا روحانی حل

فراخی رزق کی مجرب دعا

سوال میرے ساتھ رزق کی تنگی کا معاملہ ہے۔ کوشش کے باوجود فراخی نہیں ہورہی۔ مہربانی فرما کر کوئی مجرب دعا بتائیں۔ (احمد مختار، کراچی)

جواب آپ نے دعا کا پوچھا ہے تو "دعائے حزب البحر" فراخئ رزق کے لیے بہت مجرب دعا ہے۔ روزانہ بعد نمازِ عصر تین یا ایک بار معمول رکھیں۔ آپ کو پڑھنے کی اجازت ہے۔

رزق میں برکت ہو

سوال میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے رزق میں بالکل بھی برکت نہیں ہے۔ یہ نہیں کہ رزق کی کمی ہے۔ اللہ کا شکر ہے۔ پیسہ بھی آتا ہے۔ مگر آ کر کہاں کہاں خرچ ہو جاتا ہے، پتہ ہی نہیں لگتا۔ مہربانی فرما کر مجھے رزق میں برکت کا کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (وسیم احمد، کراچی)

جواب ہر جمعہ کی رات (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد والی رات) میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَا عَظِيْمَ الْجَلَالِ وَ يَا وَاسِعَ النَّوَالِ وَ يَا بَدِيْعَ الْاَعْمَالِ وَ يَا رَازِقَ الْعِبَادِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف تین تین بار۔ ان شاء اللہ رزق میں برکت ہوگی۔

رزق میں برکت ہو

سوال پچھلے دو سالوں سے رزق کی تنگی اور بے برکتی کا شکار ہوں۔ تنگی تو اتنی زیادہ نہیں مگر بے برکتی بہت ہی بڑھ گئی ہے۔ پہلے تھوڑے میں بھی اچھا گزارا ہو جاتا تھا مگر اب نہیں ہوتا۔ مہربانی فرما کر مجھے کوئی مجرب وظیفہ بتائیں۔ (ابراہیم، کراچی)

جواب روزانہ بعد نمازِ عشاء، مندرجہ ذیل کلمات پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور رزق وافر ملے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں اور ان کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے:

۱۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار

۲۔ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ يَا ذَا الطَّوْلِ۔ ایک ہزار چھیاسٹھ (۱۰۶۶) بار

۳۔ يَا فَتَّاحُ چار سو نواسی (۴۸۹) بار

۴۔ يَا رَزَّاقُ تین سو اسی (۳۸۰) بار

۵۔ يَا كَافِيْ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار

۶۔ يَا مُغْنِيْ ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) بار

رزق میں برکت کے لیے

سوال رزق میں برکت کے لیے کوئی ایسا عمل بتادیں جس کو کرنے سے رزق کے معاملے میں، ہر کام میں آسانی ہو۔ کوئی کام نہیں ہے۔ کاروبار میں بھی نقصان اٹھا کر بند کر دیا ہے۔ اب سمجھ نہیں آرہی کہ کیا کروں؟ آپ سے راہنمائی درکار ہے۔ (وقار، لاہور)

جواب آپ کو ایک ہی وظیفہ دیتا ہوں۔ بس شرط یہ ہے کہ تمام زندگی اس کو پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ، رزق کے معاملے میں ہر کام میں آسانیاں بھی ہونا شروع ہو جائیں گی اور رکاوٹیں بھی نہیں آئیں گی۔

سورۂ مزمل کو زبانی یاد کرلیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ گیارہ بار وقت مقررہ پر پڑھ لیا کریں اور پھر اللہ ﷻ سے اپنے رزق کے معاملات میں آسانی کی خوب دعائیں مانگیں۔

آسان اور برکت والا رزق

سوال السلام علیکم! مجھے رزق میں کشادگی کے لیے وظیفہ بتادیں۔ اللہ کا کرم تو رہتا ہے مگر برکت نہیں ہوتی۔ قرضے چڑھے ہوئے ہیں۔ زکوٰۃ اور خیرات

کے لیے بھی پیسے نکالنا مشکل ہوتا ہے۔ میں اور میرے شوہر اسٹوڈنٹ ہیں۔ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے آسانی سے اور برکت والا رزق میسر ہو۔ (پوشیدہ)

جواب "یَا مُغْنِی" روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار کوئی سا درود شریف پڑھیں۔ اسی پر پابندی کریں، ان شاء اللہ آپ کی ساری مالی مشکلات دور ہو جائیں گی۔

جہاں تک برکت کی بات ہے تو بس ایک ہی بات یاد رکھیں، اللہ جل جلالہ کی نافرمانی جہاں ہوتی ہو، وہاں برکت نہیں ہوا کرتی۔ صرف وظائف سے برکت نہیں آتی، اعمال کا دخل سب سے زیادہ ہوتا ہے۔

فراخی رزق کا خاص عمل

سوال میرا پہلے کافی وسیع کاروبار تھا، الحمدللہ اب بھی کاروبار بہتر ہے۔ رزق کی بہت فراوانی تھی۔ اب کچھ عرصہ سے رزق کے معاملے میں کافی زیادہ پریشانیاں سامنے آتی رہتی ہیں۔ نقصان بھی بہت ہونے لگے ہیں۔ کبھی تو قرضے کی نوبت بھی آجاتی ہے۔ میں الحمدللہ نمازی ہوں اور وظائف کی پابندی بھی کرتا ہوں۔ مجھے کوئی ایسا خاص عمل بتائیں کہ اللہ میرے رزق میں فراخی کردے اور پہلے جیسے حالات ہو جائیں یا اس سے بھی بہتر ہو جائیں۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔ (چوہدری پرویز، سیالکوٹ)

جواب آپ کو رزق کی ترقی کے لیے ایک خاص وظیفہ دے رہا ہوں۔ یہ وظیفہ جناب عبدالرؤف نظامی صاحب کا عطا کردہ ہے۔ رزق کے معاملے کے لیے بہت ہی خاص ہے۔

رات 12 بجے کے بعد، بعد از غسل، معطر و پاک صاف لباس میں دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ الحمد شریف کے بعد

پہلی رکعت میں سورۃ اخلاص 10 بار

دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص 10 بار

بعد سلام درود شریف 11 بار

پھر بیٹھ کر ننگے سر یَا وَهَّابُ 300 بار، پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں۔ پھر بیٹھ کر یَا وَهَّابُ 400 بار، پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں۔ پھر بیٹھ کر یَا وَهَّابُ 3420 بار، پھر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ پھر سجدے میں گڑگڑا کے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ بتیس (۳۲) شب پڑھنے سے رزق میں بہت فراخی نصیب ہوگی۔

فراخی رزق کا خاص عمل

سوال میں رزق کے معاملے میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ مجھے کوئی وظیفہ بتائیں تاکہ میرا رزق بڑھ جائے۔ (عمیر احمد، ساہیوال)

جواب آپ یہ وظیفہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کرم فرمائیں گے۔ وظیفہ کرنے سے پہلے دو رکعت نماز نفل برائے توبہ پڑھیں اور کثرت کے ساتھ استغفار پڑھا کریں۔ یہ وظیفہ کسی بھی نوچندی جمعرات یا اتوار سے شروع کریں۔ جب کامیابی ہو جائے تو کچھ مسکینوں کو کھانا کھلائیں۔ صدقہ و خیرات کریں۔ وظیفہ مندرجہ ذیل ہے:

۱ نماز فجر کے بعد لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقِّ الْوَهَّابُ الْحَفِيْظُ۔ 313 مرتبہ

۲ نماز ظہر کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ بِحَقِّ يَا رَافِعُ يَا بَاسِطُ روزانہ 313 مرتبہ

۳ نماز عصر کے بعد لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ روزانہ 313 مرتبہ۔

۴ نماز مغرب کے بعد وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ بِحَقِّ يَا تَوَّابُ۔ 313 مرتبہ روزانہ

۵ نماز عشاء کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ يَا غَفَّارُ يَا عَزِيْزُ 313 مرتبہ

ان وظائف کیلئے پانچ وقت نماز پڑھنا لازمی ہے۔ اللہ پاک چند دنوں میں غیب سے اسباب پیدا کرے گا، جس سے آپ کی عقل حیران ہوگی۔

قرض کے مسائل اور ان کا روحانی حل

قرض واپس لینا

سوال میں نے ڈھائی لاکھ روپے نو سال قبل دیے تھے۔ مگر وہ لوگ اب پیسے واپس نہیں دے رہے اور الٹا مجھے دھمکیاں دے رہے ہیں۔ اس کا کوئی روحانی حل بتائیں۔ (قیصر بشیر، گوجرانوالہ)

جواب عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) بار آیت الکرسی پڑھ کر کریں اور ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر لیں۔ اس کے بعد قرض وصول ہونے کی دعا کریں۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ قرضداروں کے پاس پیسہ ہونا چاہیے۔ اگر پیسہ نہیں ہے، تو عملیات سے پریشان نہ کریں۔

قرض ادا ہو

سوال میرے اوپر قرضے کا بہت بوجھ ہے۔ بہت کوشش کر رہا ہوں مگر انتظام نہیں ہو رہا۔ آپ سے التماس ہے کہ کچھ پڑھنے کو بتا دیں تا کہ میرا مسئلہ حل ہو جائے۔ (محمد علی، دیپالپور)

جواب سورت الم نشرح (پ ۳۰) مکمل اکہتر (۷۱) مرتبہ ایک وقت مقرر کر کے پڑھیں۔ ان شاء اللہ قرض سے جلد خلاصی ہوگی۔

قرض ادا کرنے کا مجرب عمل

سوال میرے اوپر کافی قرض ہے۔ بہت کوشش کی مگر قرض ادا ہونے کا کوئی ذریعہ نظر نہیں آ رہا۔ آپ سے گذارش ہے کہ اس سلسلے میں میری مدد فرمائیں۔ میں الحمد للہ نمازی ہوں۔ آپ جو پڑھنے کو دیں گے، میں وہ پابندی سے پڑھوں گا۔ (م، لاہور)

جواب قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں میرا اپنا آزمودہ عمل یہ ہے کہ فجر و مغرب کی نماز کے بعد سورۃ ال عمران کی آیات نمبر ۲۶-۲۷ کو سات بار پڑھ کر دعا مانگیں۔ اول و آخر ایک ایک بار درود شریف۔ ان شاء اللہ، چند دنوں میں کوئی نہ کوئی وسیلہ بن جائے گا۔ دنیاوی تدبیر جاری رکھیں۔

قرض ادا ہو

سوال قرض کا بوجھ حد سے زیادہ بڑھ گیا ہے۔ مہربانی فرما کر میری روحانی مدد فرمائیں۔ (عمران، لاہور)

جواب نماز فجر کے بعد سورۂ فاتحہ کو ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ اور درود شریف پانچ سو مرتبہ (۵۰۰) پڑھ کر آسمان کی طرف دم کر کے دعا کریں۔ ساتھ ہی اللہ تعالیٰ سے رو رو کر استغفار بھی کرتے رہیں۔

عمل ادائیگی قرض

سوال قرض کی ادائیگی کے لیے کوئی وظیفہ فرمائیں۔ بہت کوشش کرتا ہوں مگر قرض اترنے کی بجائے چڑھتا ہی جا رہا ہے۔ (نوید، لاہور)

جواب پوری سورۃ نصر (پ ۳۰) کو بعد طلوع فجر صادق، چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھے۔ تمام قرض ادا ہو جائے گا اور بہت آمدنی ہوگی۔ اس وظیفے کو کم از کم چالیس یوم ضرور پڑھنا چاہیے۔

قرض ادا کرنے کا خاص عمل

سوال قرض کے بوجھ تلے عرصہ سے دبا ہوا ہوں۔ جن سے قرض لیا ہے، ان سے چھپتا پھرتا ہوں۔ ایک عزت کی زندگی تھی جو اب ذلت میں بدل گئی ہے۔ کئی کاروبار کیے مگر نفع کی بجائے الٹا نقصان کر بیٹھا اور مزید مقروض ہو گیا۔ دل کرتا ہے کہ خودکشی کر لوں مگر حرام موت نہیں مرنا چاہتا۔ بہت دعائیں کیں مگر قبول نہ ہوئیں۔ اب مایوسی بہت بڑھ گئی ہے۔ آخری امید سمجھ کر آپ سے رابطہ کر رہا ہوں۔ خدارا مدد فرمائیں۔ (ریحان، دبئی)

جواب سورۂ مزمل 41 بار، 41 یوم، اول و آخر 41 بار درود ابراہیمی...... اگر یہ عمل آپ نے کر لیا تو پھر ان شاء اللہ ضرور قرض ادا ہو جائے گا۔

زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے، ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لیے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

1 لوح شرف مریخ
ہدیہ: 3500 روپے

لوح شرف مریخ حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور موذی جانوروں و آسیب سے تحفظ کیلئے موثر تر ہے۔

2 لوح شرف مشتری
ہدیہ: 3500 روپے

حصول مال و دولت اور اسباب مال کیلئے.....خواتین و حضرات کے لیے یکساں مفید انتہائی سعد اور پر تاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ۔

3 لوح زحل
ہدیہ: 3500 روپے

تسخیر سلطنت و فتوحات نامور، حکمت اور قیام و استحکام مرتبہ کے لیے ہر قسم کی رکاوٹ کو دور کرنے میں موثر۔ مخلوق پر تسلط کے لیے لاجواب ہے۔

4 لوح شرف شمس
ہدیہ: 3500 روپے

حامل لوح کی عزت وشہرت عروج و ترقی کمال بلندیوں تک پہنچ جاتی ہے۔ سب دشواریاں اور مشکلیں حل ہوجاتی ہے۔

5 لوح بیرون ملک
ہدیہ: 1100 روپے

جن لوگوں کو بیرون ملک جانے کا شوق ہے اور ویزہ نہیں مل رہا، وہ چاہتے ہیں کہ وہاں ملازمت بھی مل جائے تو یہ لوح ان کے لیے خوشی کا پیغام ثابت ہوگی۔

6 لوح خاص برائے کامیابی امتحان
ہدیہ: 1200 روپے

علمی میدان میں قدم قدم پر کامیابی سے ہمکنار ہونے کیلئے۔

7 حصول علم و ترقی علم کیلئے خاص نقش

اس نقش کے پہننے سے حصول علم اور ترقی علم میں جتنی بھی رکاوٹیں ہیں، وہ بحکم خداوندی دور ہوجاتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اگر زعفرانی سیاہی سے 41 نقوش تیار کروا کے پی لیے جائیں تو ذہن، حافظہ، لاجواب بن جاتے ہیں۔ (تمام نحس اثرات، جو حصول علم اور ترقی علم میں رکاوٹ ہوں، وہ ختم ہوجاتے ہیں)۔

ہدیہ نقش: 600 روپے، ہدیہ کورس: 1600 روپے

8 لوح ترقی دولت
ہدیہ: 1600 روپے

ہر انسان چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے خوب مال و دولت نصیب فرمائیں اور آپ کی اس ضرورت کو لوح ترقی دولت پورا کرکے دکھائے گی۔

9 لوح تسخیر مستورات (اہل خانہ)
ہدیہ: 1100 روپے

گھریلو اختلافات اور لڑائی جھگڑوں کو ختم کرنے والا روحانی تحفہ فتنہ و فساد، کیلئے اس لوح کا آپ کے پاس ہونا انتہائی ضروری ہے۔

10 لوح ترقی رزق
ہدیہ: 1600 روپے

ایسے پریشان حال والدین اور تمام ایسے احباب جو رزق کی کمی کی وجہ سے پریشان ہیں، لوح ترقی رزق پورے اعتماد سے منگوائیں۔

11 لوح شفاء امراض
ہدیہ: 1100 روپے

لوح شفائے امراض ہر مرض سے باذن اللہ مریض کو چھٹکارا اور نجات دلاتی ہے۔ نت نئی بیماریوں کے اس ماحول میں لوح شفاء امراض کا ہر شخص کے پاس ہونا ضروری ہے۔

12 لوح تسخیر خاص و عام
ہدیہ: 1100 روپے

آپ عوام کی توجہ حاصل کرنا چاہتے ہیں، آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی بیٹھک پر ڈیرے پر عوامی رش رہے۔ تو خاص اوقات میں تیار کردہ اس لوح سے فائدہ اٹھائیں۔

13 لوح حصول ملازمت
ہدیہ: 1250 روپے

ان شاء اللہ اس لوح کی برکت سے آپ کے سامنے جتنی بھی رکاوٹیں آئیں گی، وہ دور ہوجائیں گی اور آپ کیلئے آپ کی ملازمت کا حصول نہایت ہی آسان اور ممکن ہوجائے گا اور آپ پر قدرت مہربان ہوجائے گی۔

تعلیم سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

امتحان میں کامیابی

سوال امتحان میں کامیابی کے لئے کوئی وظیفہ ارشاد فرمادیں۔

(شاہد، گجرات)

جواب عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین سو مرتبہ (۳۰۰) اَلْمَلِكُ الْقُدُّوسُ پڑھ کر دعا کریں۔ یہ عمل امتحان کا نتیجہ آنے تک جاری رکھنا ہے۔

امتحان میں کامیابی

سوال مہربانی فرما کر مجھے بی۔ کام کے امتحان میں کامیابی کا کوئی وظیفہ دے دیں۔ (کامران، لاہور)

جواب بعد نماز فجر سو مرتبہ پابندی سے آیت کریمہ پڑھا کریں۔

تیاری کے باوجود امتحان میں سب کچھ بھول گیا

سوال میں فائنل پیپرز دے رہی ہوں۔ میں نے selective study کی اور اس میں سے ہی سوالات آئے۔ میری تیاری بھی اچھی تھی۔ لیکن جب جواب لکھنے بیٹھی تو سب کچھ بھول گیا۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آئی کہ میرے ساتھ کیا ہوا ہے۔ کچھ پڑھنے کو بتادیں کہ باقی پیپرز اچھے ہوجائیں۔

(عنبرین، لاہور)

جواب آپ رات کو بعد نماز عشاء آیت کریمہ ایک سو گیارہ بار کا معمول رکھیں اور نتیجہ آنے تک پڑھتی رہیں۔ جس دن پرچہ دینا ہو، صبح دو رکعت صلوۃ الحاجت پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۂ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۂ نصر پڑھیں۔ اور پھر دعا کرلیں۔

جب سوالات کا پرچہ سامنے آئے تو اس کو الٹا کر کے رکھ دیں۔ سات بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں اور سوالات کے پرچے پر دم کریں اور پھر سوالنامہ دیکھیں۔ ان شاء اللہ، پرچہ بھی اچھا ہوگا اور بھولنے کا مسئلہ بھی نہیں ہوگا۔

CSS کے امتحان میں کامیابی

سوال میں نے دو بار CSS کا امتحان دیا۔ پہلی بار ایک پیپر کے نوٹس عین وقت پر گم ہوگئے جس کی وجہ سے میں اس پیپر میں فیل ہوگیا۔ اب دوسری بار دیا اور دوسری بار بھی کامیاب نہ ہوا۔ اب میرا تیسرا اور آخری چانس ہے۔ مہربانی کریں اور مجھے کوئی زود اثر وظیفہ بتائیں تاکہ میں CSS کے امتحان میں کامیاب ہوجاؤں۔ (سید نثار علی شاہ، بدین)

جواب ایک عمل تحریر کررہا ہوں۔ یہ عمل حضرت امام غزالی رحمہ اللہ سے منسوب ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔ آپ اس عمل کو CSS کے امتحان شروع ہونے سے چار یا تین ماہ قبل شروع کریں۔ اور CSS کا نتیجہ آنے تک پڑھتے رہیں۔ یہ عمل ہر اسلامی مہینے کے شروع میں سات دن کرنا ہوتا ہے۔ آغاز اتوار کی رات یا دن سے کرتے ہیں۔ اگر رات سے کریں تو باقی چھ دن بھی رات کو ایک ہی وقت میں کریں۔ البتہ اگلے مہینہ جب دوبارہ شروع کرنا ہو تو آپ پہلے دن اپنی مرضی کا وقت رکھ سکتے ہیں۔ تفصیل یہ ہے:

بروز اتوار......اول سات بار درود شریف۔ آخر سات بار درود شریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ ......582 مرتبہ

بروز پیر......اول وآخر سات سات بار درود شریف۔

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ ......618 مرتبہ

بروز منگل......اول وآخر سات سات بار درود شریف۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳ ......241 مرتبہ

بروز بدھ......اول وآخر سات سات بار درود شریف۔

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ....836 مرتبہ

بروز جمعرات......اول وآخر سات سات بار درود شریف۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ....1073 مرتبہ

بروز جمعہ......اول وآخر سات سات بار درود شریف۔

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ....1807 مرتبہ

بروز ہفتہ......اول وآخر سات سات بار درود شریف۔

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ....4203 مرتبہ

روزانہ عمل کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الحاجت بھی پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے خوب دعائیں مانگیں۔ دعا ہی اصل ہے۔ میں بھی دعا کرتا ہوں کہ اللہ ﷻ آپ کو اس بار CSS کے امتحان میں کامیابی عطا فرمائیں۔ آمین

نوٹ اس عمل کی تمام قارئین کو عام اجازت ہے، جو کسی امتحان میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

امتحان میں کامیابی

سوال میرے میڈیکل کے پیپرز ہونے والے ہیں۔ مہربانی کرکے کچھ کریں کہ میں امتحان میں پاس ہو جاؤں۔ ہمارے گھر پر جادو کے بھی اثرات ہیں۔ کہیں وہ میرے امتحان میں رکاوٹ تو نہیں بنیں گے؟

(حنا، لاہور)

جواب آپ اپنی تیاری کریں۔ میں بھی عمل کردوں گا۔ کوئی جادو کے اثرات رکاوٹ نہیں بنیں گے۔ اور غیبی مدد بھی ہوگی۔ ان شاء اللہ آپ پاس ہو جائیں گی۔ صبح فجر کے بعد ایک بار امتحان میں کامیابی کی نیت سے سورۂ یٰسین کا معمول رکھیں، نتیجہ آنے تک۔

علم نصیب ہو اور ذہن تیز ہو

سوال مجھے کوئی ایسا وظیفہ دیں جس کو پڑھنے سے میرے علم میں ترقی ہو اور میرا ذہن بھی تیز ہو۔ میں مدرسہ میں پڑھتا ہوں۔ سبق بھی یاد نہیں رہتا اور جتنا چاہتا ہوں کہ مجھے علم حاصل ہو، اتنا ہی مایوس کن نتیجہ نکلتا ہے۔ میں پابندی سے نماز پڑھتا ہوں۔ (رحمت اللہ، وزیر آباد)

جواب آپ ہر نماز کے بعد دعا کے آخر میں یہ کلمات پڑھا کریں:

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ

امتحان میں کامیابی

سوال ڈاکٹر صاحب میرے امتحانات ہو رہے ہیں۔ آپ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں کہ میرے نمبر اچھے آئیں۔ (اسماء شاہ، لاہور)

جواب روزانہ فجر کے بعد سورۂ یٰس ایک بار پڑھیں۔ جب "سلام قولا من رب رحیم" پر پہنچیں تو اس آیت کو مزید ایک سو بار پڑھیں۔ پھر سورت مکمل کرلیں۔ اول وآخر تین تین بار درود شریف۔ پھر دعا کرلیں۔

جسمانی مسائل اور ان کا روحانی حل

ذہن کام نہیں کرتا

سوال ڈاکٹر صاحب میرا ذہن کام نہیں کرتا۔ جو کام کرتا ہوں وہ خراب ہو جاتا ہے۔ ایسا پہلے نہیں ہوتا تھا، اچانک ایسا ہوا ہے۔ آپ ہمیں بتائیں کہ کوئی عمل تو نہیں؟ (محمد اویس، لاہور)

جواب آپ اپنا کپڑا چیک کروائیں تاکہ تشخیص ہو سکے۔ روزانہ ایک تسبیح ''لاحول ولا قوۃ'' کی پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

بیماریوں کا روحانی علاج

سوال مجھے کئی بیماریاں ہیں۔ بہت علاج کروا کر اب تو تھک گئی ہوں۔ مہربانی فرما کر کوئی وظیفہ تجویز فرمادیں۔ (مومنہ، لاہور)

جواب حضرت عبدالملک بن عمیرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سورت فاتحہ میں ہر بیماری کی شفا ہے۔ درمیان سنت وفرض فجر کے اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر پانی پر اور اپنے اوپر دم کریں۔ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف۔ روزانہ کی ایک بوتل دم کر کے پینی ہے۔

نوٹ اگر مریض یہ خود عمل نہ کر سکے تو کوئی قریبی عزیز یہ عمل کریں۔

اولاد کا وظیفہ

سوال میری بیگم کے ساتھ تھوڑا مسئلہ ہے رحم کا۔ جس کی وجہ سے اولاد نہیں ہو رہی۔ آپ سے دوائی بھی لی تھی اور ان پر جو اثرات تھے، ان کا علاج بھی کروایا ہے۔ اب الحمدللہ اثرات ختم ہو گئے ہیں۔ آپ نے بھی بتایا ہے اور ہم نے بھی محسوس کیا ہے۔ نیز حیض بھی پہلے سے بہتر ہے۔ گذارش ہے کہ اولاد کے لئے کوئی وظیفہ بتادیں۔ (فیصل، لاہور)

جواب اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔ اولاد کے لئے یہ وظیفہ پڑھیں: روزانہ سورۂ یوسف کا پہلا رکوع روزانہ پڑھیں۔ یہ وظیفہ بیگم نے کرنا ہے۔ اور آپ دونوں صبح وشام ایک ایک سو مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں:

رب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثین

اولادِ نرینہ کے لئے

سوال اولادِ نرینہ کے لئے کوئی وظیفہ تجویز فرمادیں۔ (سمعیہ، فیصل آباد)

جواب سورت یوسف مشک وزعفران سے کسی باعمل عامل یا عالم سے لکھوا کر چمڑے میں سلوا کر شروع حمل میں پہن لیں۔ ان شاء اللہ لڑکا ہی ہوگا۔ ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے۔ اگر لکھوانے میں دشواری ہو تو بذریعہ خط لکھ کر منگوالیں۔ اگر خدانخواستہ آپ پر کوئی جادو یا جن کا اثر ہے تو یہ عمل اثر نہیں کرے گا۔ آپ پہلے کسی مستند عامل سے توڑ کروائیں۔ ادارے سے منگوانے پر تعویذ کا ھدیہ ادا کرنا ضروری ہے۔

گندے خیالات اور بیماریاں

سوال میرے ذہن پر ہر وقت گندے (شہوانی) خیالات سوار رہتے ہیں۔ ساتھ ہی طرح طرح کی بیماریاں مجھے ہو گئی ہیں۔ کبھی ایک ٹھیک ہوتی ہے تو دوسری ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹرز بھی پریشان ہیں۔ میری تشخیص کریں کہ مجھے کیا مسئلہ ہے اور علاج بھی تجویز فرمائیں۔ (ذیشان، لاہور)

جواب آپ پر شیاطین کے شدید اثرات ہیں۔ آپ کو کچھ تعویذات دے رہا ہوں، ان کو ہر روز جسم پر صبح، شام اور رات کو مل کر جلائیں۔ تین فلیتے دے رہا ہوں۔ ایک ہفتہ کا ایک فلیتہ ہے۔ فلیتے کو روزانہ آدھ گھنٹہ رات کو چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر دیکھنا ہے۔ ساتھ ہی آپ درج ذیل دو وظائف شروع کر دیں:

1. ...اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

ایک سو مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور ساتھ ہی

تھوڑے سے پانی پر دم کر کے پی لیں۔ اگر کسی وقت پانی پر دم کرنا ممکن نہ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔

۲ ...... یَا اَللّٰہُ یَا شَافِیُ۔ ایک سو بار صبح و شام پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ ان شاء اللہ بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔ کم از کم اکیس یوم کر کے اطلاع کریں۔

پسلی میں درد

سوال میری امی کی پسلیوں کے نیچے درد رہتا ہے۔ ایکسرے رپورٹس سب کلیئر ہیں۔ آخر کیا بات ہے؟ اس کا کوئی روحانی حل ہے تو آگاہ ضرور فرمائیں۔ (سلمٰی، راولپنڈی)

جواب آپ والدہ کی درد والی جگہ ہاتھ رکھ کر اس آیت کو تین بار پڑھ کر دم کریں۔ یہ عمل تین وقفہ دہرائیں یعنی تین بار دم کرنا ہے۔ عمل ہر نماز کے بعد یا پھر صبح و شام کریں۔ دو ہفتہ کر کے حالات سے آگاہ فرمائیں۔ آیت یہ ہے:

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ (بنی اسرائیل: ۱۰۵)

جسم میں درد

سوال میری ٹانگ سن رہتی ہے۔ گھٹنے سے نیچے سن رہتی ہے۔ دائیں طرف جھٹکے لگتے ہیں۔ دونوں ٹانگوں میں درد رہتا ہے۔ مہروں کا بھی مسئلہ ہے۔ کوئی ورد بتادیں جس سے میری اس بیماری سے جان چھوٹ جائے۔

(فردوس، لاہور)

جواب ایک عمل لکھ رہا ہوں۔ پابندی سے چالیس یوم کریں۔ صبح اور شام کو یہ عمل پڑھ کر پانی اور زیتون کے تیل پر دم کریں۔ کوئی بھی درود شریف اول ایک سو بار، پھر سورۂ فاتحہ ایک سو بار، پھر آخر میں ایک سو بار درود شریف۔ یہ عمل باوضو کرنا ہے۔ اور دن میں پانچوں نمازوں کے بعد پانی پینا ہے اور کوشش کریں کہ باوضو ہی پانی پیئیں۔ رات کو سونے سے قبل کمر، ٹانگوں اور جسم میں جہاں بھی تکلیف ہو، وہاں تیل کی مالش کریں۔

اپنی مکمل کیفیت اور علامات کے ساتھ ہمارے مطب العارف میں خط لکھیں۔ آپ کو دوا تجویز کر دی جائے گی۔ ان شاء اللہ، دونوں علاج سے بہت جلد بہتری آجائے گی۔

گردوں کی بیماری

سوال میری بہن کے گردے واش ہو رہے ہیں۔ کیا کوئی ایسا عمل ہے کہ گردے واش کرنے سے نجات مل جائے؟ (طاہر ندیم، بہاولپور)

جواب گردوں کے امراض کے لیے خاص روحانی علاج ہے جو چالیس یوم پر مشتمل ہے۔ صرف گردوں ہی کے لیے ہے اور ہر قسم کے گردوں کے امراض میں دیا جاتا ہے۔ آپ وہ منگوالیں۔ ان شاء اللہ، اس کے علاج سے گردے واش کروانے سے نجات مل جائے گی۔ ایک کورس مکمل کر کے شفائے امراض کورس منگوالیں۔ ان شاء اللہ، گردوں کے مرض میں بہت فائدہ ہوگا۔

دمہ اور سایہ

سوال میری بیٹی کو حال ہی میں ڈاکٹرز نے دمہ کی بیماری تشخیص کی ہے۔ اس کو پہلے کافی ڈر لگتا تھا۔ اب سر درد، جسم درد اور گلا خراب کی شکایت بھی ہے۔ پہلے کسی کو دکھایا تھا تو اس نے سایہ کا بتایا تھا۔ میری بیٹی "یا کریم" کا ورد کرتی رہتی ہے۔ مہربانی فرما کر اس کے لئے کچھ بتائیں کہ وہ بالکل ٹھیک ہو جائے۔ (فوزیہ، لاہور)

جواب میری تشخیص میں اب بھی اس کو سایہ کی شکایت ہے اور دمہ کا مرض نہیں ہے، بلکہ جناتی اثرات کی وجہ سے ہے۔ البتہ سر درد، جسم درد اور گلا خراب...... ان کا آپ طبی علاج ضرور کروائیں۔ جسم درد میں بھی جناتی اثرات شامل ہیں، لیکن طبی علاج کروانا بھی ضروری ہے۔ البتہ دمہ کا ابھی علاج نہ بھی کروائیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ اب درج ذیل روحانی علاج کریں، ان شاء اللہ، آپ کو اللہ ﷻ شفاء عطا فرمائیں گے۔

۱ ...... سورۂ قریش ستر (۷۰) مرتبہ اور "یا سلامُ" ایک سو مرتبہ روزانہ

پڑھیں اور دم کریں۔ اور اللہ ﷻ سے پریشانی سے نجات کی دعا کریں۔

۲ ...... کسی قاری صاحب سے کالی سیاہی سے روغنی کاغذ پر سورۂ مزمل مکمل (بغیر اعراب کے) لکھوالیں اور ایک پاک بالٹی پانی میں ڈال کر پانی بھر دیں۔ پھر کسی پاک جگہ جیسے گھر کی چھت، گھر کا صحن یا کوئی کچی جگہ، جہاں سے پانی گندی نالی میں نہ جائے، بیٹی کو کھڑا کر کے سر نگا کر کے پانی ان کے اوپر بہادیں۔ کپڑے نہیں اتارنے۔ ایسے وقت کریں کہ کوئی نہ دیکھے۔ یہ عمل مسلسل تین یوم کریں۔ ان شاء اللہ سایہ کا اثر دور ہوجائے گا۔

جب سورۂ مزمل کا پانی بنائیں تو ایک بوتل پینے کے لئے بھی نکال لیں۔ تین دن میں تین بوتل۔ اس پانی کے علاوہ کوئی پانی نہیں پینا، نہ ہی کہیں باہر سے کچھ کھانا ہے۔ تین دن بعد روزانہ سات بار سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کیا کریں اور پانی بیٹی کو دیں۔ بیٹی پر بھی دم کریں۔ اکیس یوم تک عمل کریں۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ ﷻ آپ کی بیٹی کو صحت عطا فرمائیں۔ آمین

جسمانی بیماریاں اور جناتی پکڑ

سوال گزشتہ پندرہ بیس سال سے مختلف بیماریوں کا شکار ہوں۔ ڈاکٹروں سے بہت علاج کروایا۔ کچھ میں فرق پڑا اور کچھ بالکل ویسی ہی رہیں۔ پھر کسی کے کہنے پر روحانی علاج کی طرف آئی۔ کوئی جادو بتاتا ہے، کوئی آسیب کہتا ہے۔ بہت علاج کروایا۔ وظائف پڑھے۔ مگر جان نہیں چھوٹ رہی۔ اب عمر بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ تکلیف برداشت بھی نہیں ہوتی۔ کافی عرصہ سے ڈاکٹری علاج بھی چھوڑ رکھا ہے۔ فرق ہی نہیں پڑتا تو علاج کروانے کا کیا فائدہ۔ مہربانی کر کے میری مدد کریں۔ (شمیم، اسلام آباد)

جواب محترمہ، جب اثرات زیادہ دیر رہیں اور علاج نہ کروایا جائے تو پھر وہ بیماریوں کی شکل میں ظاہر ہوجاتے ہیں۔ آپ نے غلطی یہ کی کہ جب روحانی علاج کروانا چاہیے تھا، کافی عرصہ صرف ڈاکٹروں سے علاج کرواتی رہیں۔ جن بیماریوں کا اثرات سے تعلق نہیں تھا، ان سے آپ کو شفا مل گئی۔ اب آپ روحانی علاج کی طرف آئیں تو طبی علاج چھوڑ دیا۔ جب کہ آپ کو دونوں علاج ...... یعنی جسمانی اور روحانی علاج ...... ساتھ ساتھ کرنے چاہئیں۔ لہٰذا فوری طور پر اپنا جسمانی علاج شروع کریں۔ روحانی علاج کے طور پر درج ذیل وظیفہ کم از کم چھ ہفتے کر کے اطلاع کریں۔ آپ کا معاملہ اب بہت زیادہ بیماریوں کا ہی ہے۔ اثرات زیادہ نہیں ہیں۔ اور اثرات بھی صرف جناتی ہیں، جادو کا معاملہ نہیں ہے۔

روزانہ رات کو اول و آخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار سورۂ فاتحہ اور اکتالیس بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ ساتھ ہی پانی، چینی اور اپنی دوائیوں پر دم کریں۔ کوشش کریں کہ نمک کا استعمال اس عرصہ میں بہت کم کریں۔ نماز کی حتی الامکان پابندی کریں۔ کم از کم ایک چوتھائی پارہ روز پڑھا کریں اور اسی وقت پانی دم کر کے پی لیا کریں۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ ﷻ آپ کو ہر قسم کی جسمانی اور روحانی بیماریوں سے جلد شفایاب فرمائے۔ آمین

وبائی امراض سے حفاظت

سوال جولائی 2015 کے سیلاب سے ہمارے کئی علاقے متاثر ہوئے۔ سیلاب کا پانی جب کم ہوا تو کئی طرح کی وبائی بیماریاں پھوٹ پڑیں۔ بہت ہی کم طبی امداد ملی۔ اپنی مدد آپ کے تحت ہی ہم لوگوں کی مدد کرتے رہے۔ مجھے عملیات کا بہت شوق رہا ہے۔ میں چند ماہ سے آپ کا رسالہ مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ اسی لیے سوال کر رہا ہوں تاکہ آئندہ لوگوں کا بھی بھلا ہوجائے۔ رسالے میں ہی جواب دیجئے گا۔

کیا کوئی ایسا عمل ہے جو آفات زدہ علاقوں کے لیے ہو، تاکہ وبائی امراض سے حفاظت رہے؟ (سلمان، راجن پور)

جواب اللہ ﷻ سب آفات زدہ علاقوں کے متاثرین کی مدد فرمائیں اور ان کے نقصانات کا بہتر سے بہتر نعم البدل عطا فرمائیں۔ یقیناً ہم شہر والے، آپ کی تکالیف کا اندازہ نہیں لگا سکتے۔

سب آفات اللہ ﷻ کی طرف سے ہی آتی ہیں۔ سب کو صبر کا دامن

ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ مشکل تو ہے مگر اللہ جل شانہ کی رضا ہی میں راضی رہنا چاہیے۔ اس سے خود بخود اللہ جل شانہ کی نصرت و مدد متوجہ ہو جاتی ہے۔

آپ کے دل میں عوام کے لیے ہمدردی ہے۔ یہ بہت اچھی بات ہے۔ ایک عمل لکھ رہا ہوں۔ جتنے بھی قرآن پڑھنے والے لوگ آپ کے علاقے میں ہوں، سب کو بتائیں۔ روزانہ تین بار سورۃ تغابن، اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہی پانی پینے میں استعمال کریں۔ ہر فیملی اپنے لیے صبح پانی تیار کر لیا کرے اور نہار منہ ضرور پیئے۔ اس کے بعد پورا دن بھی پانی استعمال کریں۔ جب تک وبا کا خطرہ رہے، یہ عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، کسی بھی قسم کا وبائی مرض عمل کرنے والوں کی فیملی کو لاحق نہیں ہوگا۔

یاد رہے کہ ہر عمل میں اثر اور نتیجہ اللہ جل شانہ کی طرف سے ہی آتا ہے۔ اس لیے فرائض و واجبات میں غفلت نہ کریں اور اللہ جل شانہ کی عبادت کرنا اور اس سے مدد مانگنا کسی صورت میں ترک نہ ہونے پائے۔

برائے زوالِ شہوت

سوال میری شہوت حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ مجھے ہر وقت یہ ڈر لگا رہتا ہے کہ کہیں مجھ سے گناہِ کبیرہ نہ ہو جائے۔ کہیں میں زنا میں مبتلا نہ ہو جاؤں۔ شرم کے مارے کسی سے کہہ بھی نہیں سکتا۔ گھر والے شادی پر بالکل توجہ نہیں دیتے۔ بڑی تین بہنیں ہیں جن کی شادی کے بعد ہی میرا نمبر آئے گا۔ اس وقت تک میرا کیا حال ہوگا، مجھے پتہ نہیں۔ مہربانی فرما کر میری مدد کریں اور میری پریشانی کا کوئی حل نکالیں۔ (پوشیدہ، ساہیوال)

جواب آپ درج ذیل عمل کریں۔ ان شاء اللہ، آپ شہوت کی زیادتی سے نجات پائیں گے۔

ایسے اسماء الحسنیٰ، جن میں "می" آتی ہے، چینی کی سفید بغیر پھول والی پلیٹ پر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھیں اور باوضو گھول کر نہار منہ ناشتہ سے قبل منہ دھو کر پی لے۔ سات دن تک مسلسل پینے سے ان شاء اللہ تعالیٰ، شہوت کا زور ٹوٹ جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ روزے بھی رکھے تو بہت مفید ہیں اور ایک سو (100) بار یہ کلمات بھی روزانہ پڑھا کرے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

پلیٹ پر لکھے جانے والے اسماء یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الرحیم۔ العزیز۔ العلیم۔ السمیع۔ البصیر۔ اللطیف۔ الخبیر۔ الحلیم۔ العظیم۔ الکبیر۔ الحفیظ۔ المقیت۔ الحسیب۔ الجلیل۔ الکریم۔ الرقیب۔ المجیب۔ الحکیم۔ المجید۔ الشھید۔ الوکیل۔ المتین۔ الحمید۔ المعید۔ الممیت۔ البدیع۔ الرشید۔

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

سوال میرے شوہر کو نیند میں بڑبڑانے کی بیماری ہے۔ میں بہت تنگ آ جاتی ہوں۔ نیند بھی صحیح نہیں آتی۔ اس کا کوئی روحانی علاج بتائیں۔ (مریم، لاہور)

جواب اسماء الہیہ میں سے یہ چودہ نام لکھ کر گلے میں باندھ دیں، خواب اور نیند میں بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی۔ وہ نام یہ ہیں:

الغفار۔ الوھاب۔ القھار۔ الفتاح۔ القدوس۔ الرحمن۔ الرحیم۔ الشھید۔ الصمد۔ الملک۔ العظیم۔ الکریم۔ الاکرم۔

تھائی رائیڈ کے مرض سے شفاء

سوال مجھے تھائیرائیڈ ہے اور میری عمر ۲۳ سال ہے۔ مجھے نہیں پتہ تھائیرائیڈ کس وجہ سے مجھے ہوا ہے۔ ڈاکٹرز بھی یہ بات نہیں بتاتے۔ ایک ڈاکٹر کے پاس گئی، جو سرجن تھا، اس نے کہا سرجری کرانی پڑے گی۔ اگر سرجری نہ کرائی تو تھائیرائیڈ کینسر بھی ہو سکتا ہے۔ دوسرے ڈاکٹر کے پاس گئی ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ ساری عمر میڈیسن پر رہنا پڑے گا۔ یہ جڑ سے کبھی ختم

نہیں ہوتی۔ ذیابطیس کی طرح ہے۔ اس کے لیے بھی انسولین کی طرح تھائیروکسین لینی پڑے گی۔ ساری عمر تاکہ کنٹرول رہے۔ لیکن یہ کبھی ختم نہیں ہوگا۔ تیسرے ڈاکٹر کے پاس گئی ہوں۔ اس نے گردن سے ٹشو لے کر سیمپل کروایا۔ اس نے کہا کہ خطرے کی کوئی بات نہیں۔ چھ مہینے بعد دوبارہ آ کر چیک اپ کروانا۔

اب کچھ سمجھ نہیں آ رہا کہ میڈیسن لوں یا نہ لوں۔ سرجری مجھے نہیں کروانی۔ زندگی میں کوئی ایسی اسٹیج نہ آجائے کہ مجھے سرجری کروانی پڑے کیونکہ ڈاکٹر نے کہا ہے کہ سرجری ابھی نہیں کروائیں گی تو کبھی نہ کبھی کروانی پڑے گی۔ میں سرجری اور آپریشن سے بہت ڈرتی ہوں۔ مجھے تھائیرائیڈ سے شفاء کے لیے کوئی وظیفہ بتادیں۔ (پوشیدہ، عرب امارات)

جواب آپ اکیس (۲۱) دن مسلسل درودِ شفاء کو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں۔ اپنی بیماری کی نیت سے پڑھیں اور اس سے کامل شفاء کی دعا مانگ لیا کریں۔ اگر چالیس (۴۰) دن کر لیا جائے تو بہت بہتر ہے۔ اکیس دن بعد یہ دیکھ لیں کہ فرق پڑنا شروع ہوگیا ہے یا نہیں۔ اگر بالکل بھی کوئی فرق نہ پڑے تو وظیفہ جاری رکھیں اور رابطہ فرمائیں۔ درودِ شفاء یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَآئِھَا وَ عَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَآئِھَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِیَآئِھَا وَ کَشْفِ الْاَحْزَانِ وَ جَلَآئِھَا وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ سَلِّمْ

مریض بچہ مسلسل وینٹیلیٹر پر ہے

سوال میرے ایک مریض کا بچہ مسلسل تین ہفتے سے وینٹیلیٹر پر ہے۔ جیسے ہی ہٹاتے ہیں، اس کو دورہ پڑ جاتا ہے۔ وہ مرگی کا مریض ہے۔ میری تشخیص میں جناتی معاملہ بھی ہے۔ ڈاکٹروں کو بھی سمجھ میں نہیں آ رہا ہے کہ دورے وینٹیلیٹر سے ہٹاتے ہی کیوں شروع ہو جاتے ہیں۔ مہربانی فرما کر آپ تشخیص اور تجویز فرما دیں۔ (پوشیدہ)

جواب آپ کا مریض جنات کا شکار ہے۔ جب تک جنات کا علاج نہیں ہوگا، اس وقت تک طبی طور پر مریض کی حالت نہیں سنبھلے گی۔ جو حالت اس وقت مریض کی ہے، اس کے لیے آپ تین دن لگاتار ہانڈی کا عمل کریں۔ دال اور گوشت مریض پر سے وار کر کسی اور جگہ ہانڈی جلائیں۔ اس کے بعد حالات کی اطلاع کریں۔

والدہ بیمار رہتی ہیں

سوال میری والدہ اکثر بیمار رہتی ہیں۔ گھبراہٹ رہتی ہے اور معدہ بھی خراب رہتا ہے۔ کافی علاج کروایا مگر مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مہربانی فرما کر کچھ روحانی علاج بتائیں تاکہ میری والدہ کی صحت بحال ہو جائے۔ ہم نے وظائف بھی کافی کیے ہیں مگر وقتی فائدہ ہوتا ہے۔ (نائلہ، لاہور)

جواب محترمہ! میری تشخیص میں آپ کی والدہ پر جادو کے اثرات ہیں۔ جادو مکمل طور پر مسلط نہیں ہے۔ جادو کے اثرات ہونے سے ادویات اور عام روحانی علاج سے وقتی فائدہ ہوتا ہے۔ آپ غلطی یہ کر رہی ہیں کہ جادو کے اثرات کا علاج، جو سب سے پہلے کرنا چاہیے تھا، وہ نہیں کر رہیں اور باقی سارا کام کر رہی ہیں۔

ایک کام یہ کریں کہ ہر نماز کے بعد والدہ معوذتین پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیا کریں۔ اور پھر ایک بار مزید پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ اکیس روز بلاناغہ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ، سحر کے اثرات سے نجات ملے گی اور بیماریوں کو بھی فائدہ ہوگا۔

رات کو خوف آتا ہے

سوال آج کل رات کو مجھے بہت خوف آتا ہے۔ میں اکیلے کمرے میں نہیں جا سکتی۔ آیت الکرسی بھی سوتے وقت تین مرتبہ پڑھتی ہوں۔ (رومان، ڈیرہ اسماعیل خان)

جواب میں نے عمل کر دیا ہے۔ ان شاء اللہ اب ڈر نہیں لگے گا۔ یاقوِیُّ کی کثرت رکھیں۔ ساتھ ہی ہر نماز کے بعد اول و آخر ایک ایک بار درود ابراھیمی اور ایک ایک بار آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا

کریں۔

مستقل مزاجی پیدا ہو

سوال میرے اندر مستقل مزاجی نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس سے مجھے بہت نقصان ہو رہا ہے۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (آمنہ، لاہور)

جواب فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ (ھود: ۱۱۲) گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کریں۔

خوف دور ہو

سوال مجھے ہر وقت خوف رہتا ہے کہ میرا کوئی نقصان ہو جائے گا۔ اس کا حل تجویز فرمائیں۔ (فاطمہ، لاہور)

جواب فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الرحمین (یوسف: ۶۴) کو کثرت سے پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خوف کی کیفیت جاتی رہے گی۔ ترجمہ پر دھیان دیں۔

گرم اور ٹھنڈی چیزوں سے نقصان

سوال میرا ایک عجیب مسئلہ ہے۔ میں اگر ٹھنڈی چیزیں کھاؤں تو ٹانگوں میں جان نہیں رہتی۔ اور اگر گرم چیزیں کھاؤں تو جسم میں بہت گرمی لگتی ہے۔ مہربانی کر کے کوئی دعا یا دوا تجویز کر دیں۔ (محمد طاہر، لاہور)

جواب ان آیات کو پانی پر اکیس مرتبہ صبح و شام دم کر کے پئیں۔ سب آیات ایک بار پڑھ کر ایک بار گنیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔ یہ عمل مسلسل اکیس یوم کریں۔ ان شاء اللہ، شفاء ہوگی۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (التوبۃ: ۱۴)

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (یونس: ۵۷)

يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (النحل: ۶۹)

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بنی اسرائیل: ۸۲)

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (الشعرآء: ۸۰)

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حم السجدۃ: ۴۴)

اولاد کے لیے

سوال میرے اور میرے شوہر کے طبی ٹیسٹ سب ٹھیک ہیں لیکن اولاد نہیں ہو رہی۔ اس سلسلے میں سنا ہے کہ وظائف کرنے سے اللہ تعالیٰ فضل فرما دیتے ہیں۔ مجھے بھی کوئی وظیفہ عنایت فرما دیں۔ (شاہینہ، لالہ موسیٰ)

جواب هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى کو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ کر دودھ پر دم کریں۔ آدھا دودھ شوہر کو پلا دیں اور آدھا دودھ آپ پی لیں۔ ایک ہفتہ تک یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے فیضیاب ہوں گے۔

یہ عمل غسل حیض کے فوری بعد کرنا ہے اور اس دوران ہمبستر بھی ہوتے رہیں۔

اولادِ نرینہ کے لیے

سوال میری تین بیٹیاں ہیں۔ بیٹے کی بہت خواہش ہے۔ تیسری بیٹی کے بعد سسرال اور شوہر...... دونوں کے رویوں میں بہت زیادہ فرق آ گیا ہے۔ اس میں میرا قصور بھی کوئی نہیں۔ یہ تو اللہ کی مرضی ہے۔ اور میں یہ بھی جانتی ہوں کہ طبی نقطہ نگاہ سے عورت نہیں، مرد اولاد نرینہ کا ذمہ دار ہوتا ہے لیکن سمجھانے پر بھی شوہر مجھے ہی ذمہ دار قرار دیتے ہیں۔ یہی حال ساس کا بھی ہے۔ مہربانی فرما کر مجھے کوئی وظیفہ بتا دیں۔ (مسز طاہر، لاہور)

جواب حمل ٹھہرنے کے تیسرے ماہ گیارہ دن تک سورۂ مزمل روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ فرزند پیدا ہوگا۔ بہت مجرب عمل ہے۔ ایمان و یقین کے ساتھ کریں، ان شاء اللہ مرادیں بر آئیں گی۔

اولاد سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

ضدی پن کا علاج

سوال میرا ایک بیٹا ہے۔ اس کی پیدائش سے پہلے میں ضدی بچوں کو کافی ٹوکا کرتا تھا۔ اور ان کے والدین کو کافی باتیں سناتا تھا۔ اب میرا بیٹا بھی یہی کرتا ہے۔ مجھے کافی شرمندگی ہوتی ہے۔ مہربانی فرما کر کچھ پڑھنے کو دیں۔ کافی پریشان ہوں۔ مہربانی فرمایئے۔ (آفتاب بٹ، نامعلوم)

جواب محترم! یہ تو دنیا کا اصول ہے کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں اور یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کا بیٹا ضدی پن چھوڑ دے گا۔ اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف، درمیان میں گیارہ سو مرتبہ ''یَالَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ'' پڑھ کر کسی میٹھی چیز مثلاً چینی، مصری، مٹھائی، شہد وغیرہ پر دم کریں۔ یہ عمل روزانہ اکیس (۲۱) دن کرنا ہے اور بعد فجر یا عشاء کرنا ہے۔

اولاد کی فرمانبرداری اور ان کے دل میں والدین کی محبت

سوال میرے دو بیٹے ہیں۔ بڑا بیٹا بہت ہی زیادہ بگڑ گیا ہے۔ اس کو دیکھ دیکھ کر چھوٹا بیٹا بھی بگڑنا شروع ہوگیا ہے۔ میں اس سلسلے میں بہت پریشان ہوں۔ بہت زیادہ نافرمان ہوگیا ہے۔ شراب بھی پیتا ہے۔ نشہ نہیں کرتا۔ نماز کا کبھی بھی تو غصہ کرتا ہے۔ خلاف شرع کاموں میں دل لگتا ہے۔ فلمیں اور میوزک ہر وقت اس کی زندگی کا حصہ بن چکا ہے۔ مہربانی فرما کر مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں۔ (اہلیہ محمد اکرام، لاہور)

جواب اولاد نافرمان ہو تو والدین کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ آپ تین سو (۳۰۰) بار روزانہ باوضو مندرجہ ذیل کلمات پڑھیں: یَا رَؤُفُ یَا حَکِیۡمُ یَا مَنَّانُ. اس کے بعد ساٹھ (۶۰) بار یہ اسم پڑھیں ''یَا بَرُّ'' ۔ پھر کسی میٹھی چیز پر دم کریں اور دُعا کریں۔ اس عمل کے اول و آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ میٹھی چیز دونوں بیٹوں کو استعمال کروائیں۔ کم از کم اکیس (۲۱) دن عمل کر کے اطلاع کریں۔

غلط صحبت سے نجات

سوال میرا بیٹا غلط لڑکوں میں اٹھتا بیٹھتا ہے۔ خصوصاً ایک لڑکا ان میں بہت برا ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ اس لڑکے سے میرے بیٹے کی جدائی ہو جائے۔ آپ کوئی ایسا عمل بتا دیں کہ میں کروں اور میرا مقصد حل ہو جائے۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں میرا بیٹا اس لڑکے کی وجہ سے کسی مصیبت میں کوئی مبتلا نہ ہو جائے۔ (پوشیدہ)

جواب تین سو تیرہ (۳۱۳) یا گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ اس آیت کو اس غلط لڑکے کا تصور رکھ کر پڑھیں اور تصور میں ہی اس پر پھونک مار دیں۔ ان شاء اللہ جلد جدائی ہو جائے گی۔ وَاَلۡقَیۡنَا بَیۡنَہُمُ الۡعَدَاوَۃَ وَالۡبَغۡضَآءَ اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ (المائدہ: ۶۴)

بچہ تنگ کرتا ہے

سوال میرا بیٹا آج کل کھانے میں بہت تنگ کرتا ہے۔ بھوک لگتی ہے تو روتا جاتا ہے۔ کھلاؤں تو کچھ کھاتا نہیں۔ زبردستی پکڑ کر کھلاتی ہوں۔ دودھ تو سارا دن نہیں پیتا نہ ہی رات کو۔ مہربانی فرما کر کوئی علاج بتائیں۔ (فوزیہ، لاہور)

جواب بچے کی نظر اتاریں۔ سورۂ قلم کی آخری دو آیات والے طریقے سے اتاریں۔ نیز سورۂ فاتحہ روزا کتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر بچے پر اور پانی پر دم کریں۔ یہ پانی پلاتی رہیں۔ اگر کوئی دوائی دیں تو اسی پانی سے دیں۔

بچہ پڑھ نہیں رہا

سوال میرا بیٹے نے بالکل پڑھنا چھوڑ دیا ہے۔ اس کے امتحان ہونے

والے ہیں۔ جتنے امتحان قریب آ رہے ہیں، اتنا ہی وہ پڑھائی سے دور ہو رہا ہے۔ مہربانی فرما کر دیکھ لیں کہ کوئی اثر تو نہیں ہو گیا۔ میرا بیٹا لائق ہے۔ ابھی تک امتحان میں نمایاں نمبر لیتا آ رہا ہے۔ (فوزیہ۔ لاہور)

جواب آپ کے بچے پر نظر بد کا شدید اثر ہے۔ ساتھ ہی ساتھ آپ کی بہت زیادہ روک ٹوک بھی اس کو باغی کر رہی ہے۔ ہمارے رسالے ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا خاص نمبر ''نظر بد'' کے موضوع پر اکتوبر 2016ء کو شائع ہوا ہے۔ آپ وہ رسالہ لیں اور نظر اتارنے کا جو آسان عمل لگے، وہ کر لیں۔ جب تک نظر بد نہیں اترے گی، بچے میں فرق نہیں پڑے گا۔ اس کو ایک مریض سمجھیں۔ بہت زیادہ نصیحتیں یا روک ٹوک سے احتیاط کریں۔

لائق اولاد نالائق ہو گئی ہے

سوال میرے دو بیٹے ہیں۔ دونوں ہی ماشاء اللہ بہت لائق تھے۔ کبھی بھی اول پوزیشن سے کم نہیں آئی۔ مگر گزشتہ ایک سال سے دونوں فیل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ بڑا لڑکا تو کہتا ہے کہ میں بالکل پڑھنا ہی نہیں چاہتا۔ میرا پڑھائی میں دل نہیں لگتا۔ چھوٹا یہ نہیں کہتا۔ پڑھتا ہے مگر نتیجہ وہی کہ فیل ہو جاتا ہے۔ مہربانی فرما کر بتائیں کہ معاملہ کیا ہے اور میری یہ مشکل کیسے حل ہو گی؟ (ش۔ س۔ فیصل آباد)

جواب آپ کے دونوں بچوں پر شدید نظر بد اور جادو کے اثرات ہیں۔ کسی حاسد کی کاروائی ہے۔ آپ اڑتیس (۳۸) آیات کا عمل کریں۔ ان شاء اللہ، آپ کے بچے پہلے جیسے ہو جائیں گے۔ ساتھ ہی رقیہ نظر و حسد، جو ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ''نظر بد نمبر'' کے صفحہ 90 پر ہے، اس کو اپنے معمول میں رکھیں اور بچوں کو صبح و شام دم کیا کریں۔ کوشش کریں کہ دونوں بچے خود بھی صبح و شام پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیا کریں۔ نیز بچوں کو کہیں کہ سورۂ فلق اکیس (۲۱) مرتبہ صبح و شام پڑھا کریں اور اپنے اوپر دم کیا کریں۔

اڑتیس (۳۸) آیات کے اول و آخر ایک ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں اور عمل پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ یہ پانی دونوں بچوں کو پلانا ہے اور دونوں کے اوپر پاک جگہ پر بہانا ہے۔ یہ عمل مسلسل اکیس یوم کرنا ہے۔ اس لیے جب آپ پاکی کا غسل کریں تو اسی دن سے عمل کا آغاز کریں۔ اکیس یوم کا عمل کر کے حالات کی اطلاع کریں۔ جواب آنے تک عمل جاری رکھیں۔

اڑتیس (۳۸) آیات یہ ہیں:

الٓمّٓ ۝١ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۙ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ (البقرۃ: ۱-۵)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝٢٥٥ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝٢٥٦ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۥ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــُٔــھُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝٢٥٧ (البقرۃ: ۲۵۵-۲۵۷)

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ (البقرۃ:۲۸۴-۲۸۶)

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۟ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الاعراف:۵۴-۵۶)

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ (بنی اسرآئیل:۱۱۰-۱۱۱)

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ (الصّٰفّٰت:۱-۱۱)

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ (الرحمٰن:۳۳-۳۵)

بچے کو جھٹکے لگتے ہیں

سوال میرا بیٹا تین سال کا ہے۔ اس کو مرگی کا مسئلہ ہے اور جھٹکے لگتے ہیں۔ کسی کے کہنے پر فیصل آباد میں دم کروایا تو جھٹکے زیادہ ہو گئے۔ اس لیے بند کر دیا۔ کچھ دن قبل قرآنی آیات کا دم کیا تو پھر جھٹکے بڑھ گئے۔ مہربانی فرما کر رہنمائی فرمائیں کہ کیا کیا جائے؟ (ز،لاہور)

جواب بچے کا معاملہ طبی بھی ہے اور جناتی بھی۔ وہ جناتی لپیٹ میں ہے۔ اس کا جنات کے مریضوں والا علاج ہوگا۔ اس کے لیے آپ کو تعویذات بھجوا رہا ہوں اور ساتھ ہی مرگی کے لیے تیل بھی دے رہا ہوں۔ اس تیل کی مالش روزانہ سوتے وقت سر سے لے کر ناف تک کرنی ہے۔ اکیس دن بعد دوبارہ رابطہ فرمائیں۔

سورۂ جن کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف سورۂ جن کے عمل کا شمار عملیات میں بڑے اعمال میں کیا جاتا ہے۔ اس عمل کو "ننگی تلوار" کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ جنات کے مریضوں کے علاج میں ماہر "عاملِ جنات" عموماً اس عمل کے عامل ہوتے ہیں۔ اس سورت سے ہر وہ کام لیا جا سکتا ہے، جو "جنات" کر سکتے ہیں۔ مختصر تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

اس سورت کا عامل بننے کے لیے شرائط سخت ہوتی ہیں کیونکہ یہ عام عمل نہیں ہے، یہ ایک جلالی عمل ہے۔ اس میں غلطی پر نقصان اور رجعت کا خطرہ بھی موجود ہوتا ہے۔ اس عمل کے پیچھے جو جنات ہیں، وہ بھی بڑے اور سردار قسم کے جنات ہوتے ہیں۔ اور ایک جن کے نیچے کئی سو جنات ہوتے ہیں۔ اس سورت کے عامل کے ساتھ جنات رہتے ہیں جیسے ایک انسان کے ساتھ محافظ رہتے ہوں۔ جب عامل چاہتا ہے تو جنات سیکیورٹی گارڈز کی طرح عامل کو حفاظتی دائرے میں لے کر جاتے ہیں۔ اس سے مخالف جنات پر بہت رعب پڑتا ہے اور جلد میدان چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔

اس سورت کا عمل کرنے کے لیے قبرستان یا ویرانے میں چلہ کشی کی جاتی ہے۔ بنیادی ریاضت گھر اور مزار پر کروائی جاتی ہے۔ اگر گھر میں عمل کرنا ہو تو بالکل ویران گھر ہو یعنی اس میں کوئی رہتا نہ ہو۔ جن افراد کے پاس علیحدہ جگہ نہیں اور وہ باہر یعنی قبرستان یا ویرانوں میں بھی چلہ کشی کرنے کی ہمت نہیں رکھتے، وہ سورۂ جن کا عمل نہ کریں۔ اس سورت کا عمل کرنا ڈرپوک اور بزدل بندے کا کام نہیں ہے۔ اس سورت کی بنیادی اجازت (درجہ اول) میں تین عمل کروائے جاتے ہیں۔ کل پانچ درجوں کے عمل مخصوص تعداد اور مخصوص مقامات پر کروائے جاتے ہیں۔ ہر کا ہدیہ الگ ہے۔

اجازت لینے کے فائدے اس سورت کے عامل بننے کے بہت فائدے ہیں، مختصر درج ذیل ہیں:

عام جنات لڑنے سے گریز کرتے ہیں	جنات کے بڑے سے بڑے کیس کا علاج	بڑے سے بڑے جادوگر سے مقابلہ
سخت سے سخت جادو کا علاج	دشمن اور ظالم افراد کو جلد سبق سکھانا	بڑے سے بڑے جادو اور جنات سے حفاظت
سخت مقدمات اور قید سے بری	جنات کی کثیر تعداد کے باوجود جگہ پر سے قبضہ چھڑانا	محبت کا کیسا ہی جائز کام ہو
بغض و عداوت کا کیسا ہی جائز کام ہو	جنات و آسیب کی تسخیر و دوستی	اور بہت سے مقاصد

اجازت کے لیے اہلیت یہ عمل مبتدی حضرات کے لیے نہیں ہے یعنی جنھوں نے ابھی ابتدا کی ہو۔ بنیادی چلہ کشی کر چکا ہو۔ باپرہیز کم از کم ایک دو چلے کر لیے ہوں اور جسے بالکل علیحدہ جگہ میسر ہو، جہاں چلہ کشی کے دوران کوئی نہ آئے۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔

بنیادی اجازت کا ہدیہ: 8100 روپے

خاص اجازت جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

دارالعمل چشتیہ کی شائع کردہ کتب جو ہر گھر کی اہم ضرورت ہیں

1 لاعلاج امراض سے شفا کا خاص قرآنی عمل

ہر قسم کے موذی، مہلک، جان لیوا اور لاعلاج امراض سے شفا پانے کیلئے یقین اور اعتماد کے ساتھ اس قرآنی عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ عمل اللہ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ اس کی عام اجازت ہے۔ عام قیمت: 40 روپے رعایتی قیمت: 30 روپے

2 شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص قرآنی عمل قیمت: 50 روپے

اس عمل کا دم کرنے سے شیطان و آسیب مریض کو چھوڑ کر فوراً راہِ فرار اختیار کرتے ہیں۔

3 شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص قرآنی عمل قیمت: 50 روپے

4 منزل (فی سبیل اللہ) منزل جسمانی بیماریوں کیلئے بھی ایک تیر بہدف عمل ہے۔

5 لیٰسین شریف (فی سبیل اللہ) اس کی تلاوت کرنے سے حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔

6 نیکیوں کے خزانے (فی سبیل اللہ) مختصر عمل ثواب بے شمار۔

7 اللہ اکبیر عمل قرآنی ان آیات کا ہر حاجت و مشکل میں پڑھنا حصول مدعا و مقصود کیلئے اکسیر ہے۔ ہر مقصد کے یقینی حصول کیلئے لاجواب عمل۔ قیمت: 30 روپے

0323-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

طلسمِ آئینۂ نور

قیمت: 3000 روپے

خوشی و برکت کا روحانی ایٹمی فارمولا

اس طلسم میں ایسی روحانیات بھر دی گئی ہے جو کسی بھی ماحول، چاہے وہ گھر ہو، آفس ہو، ہسپتال ہو، کھیت ہو یا کھلیان ہو یا گودام ہو...... وہاں کے منفی اثرات کو سیکنڈز میں سکون، خوشگواریت و یگانگت و محبت سے بھر دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ دراصل یہ امتزاج ہے صدیوں سے مخفی طلسماتی رازوں کا جس کو جدید ٹیکنالوجی سے ملایا گیا ہے۔ یہ طلسم اردگرد کے ماحول میں موجود تمام ایٹموں کو سیکنڈز میں برکت و خوشی سے بھر دیتا ہے۔

عاملین کے لئے بھی بے حد موثر ہے۔ اپنے آستانے میں رکھنے سے مریضوں کے ساتھ آنے والے برے اثرات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 / 0334 4312272 | ruhani.shop | ruhani-shop

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

ہدیہ 2500 روپے

حروف مقطعات کی خاص انگوٹھی

یہ انگوٹھی، بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:

دشمنوں کی زبانیں خاموش کرا دینے والی انگوٹھی، دشمنوں کے منہ بند کرا دینے والی انگوٹھی، مخالفوں کے ہونٹوں پر تالا لگا دینے والی انگوٹھی، بدمعاشوں کو مغلوب کر دینے والی انگوٹھی، چالبازوں کی ہمتوں کو پست کر دینے والی انگوٹھی، عدالتوں اور حکام کو آپ پر مہربان کروا دینے والی انگوٹھی، افسران بالا اور لاپرواہ دوستوں کو شفیق بنا دینے والی انگوٹھی، بے پرواہ رشتہ داروں/اپنے بیگانوں کے دلوں کو مسخر کر دینے والی انگوٹھی، لاجواب بے مثال اور خاص انگوٹھی۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 / 0334 4312272 | ruhani.shop | ruhani-shop

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء و طالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو موثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جا رہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلبا و طالبات کے پُرزور اصرار پر اور نئے طلبا و طالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء و طالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہو سکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے — مکمل حصہ: 1000 روپے

ruhaniilajgah
0342-7772772
042-35410586

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772 | ruhaniilajgah96

سورۃ الرحمٰن کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: سورۃ الرحمٰن کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ خاص کر جنات کے معاملے میں یہ سورت بہت اہمیت کی حامل ہے۔ جنات کو سورۂ جن اور سورۂ رحمٰن بہت پسند ہیں۔ سورۂ رحمٰن میں جنات کے لیے بہت کشش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سورۂ رحمٰن کے عامل کی طرف جنات کو بہت کشش ہوتی ہے اور وہ خود سے دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ عامل جتنا زیادہ متقی ہوگا، اتنے زیادہ اور بڑے جنات عامل کی طرف متوجہ ہوں گے۔

یہ ایک کثیر الفوائد سورت ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ بفضل تعالیٰ یہ بہت تیز اثر کرتی ہے۔ اس سورت سے ہر طرح کا جائز کام لیا جاسکتا ہے۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے اور اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ عامل کے ہر کام میں ایک غیبی مدد شامل ہو جاتی ہے۔ وہ کام اس کا ذاتی ہو یا روحانی علاج معالجے کا کام ہو یا پھر کوئی بھی دنیاوی کام ہو۔

کیسے سیکھا جائے: اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس سورت کا عامل بننے کے بعد آپ درج ذیل فوائد حاصل کر سکیں گے۔

ہر طرح کے جنات و آسیب کا علاج و حفاظت	ہر قسم کے سحر کے اثرات کا علاج و حفاظت	آسیب کو حاضر کرنا
روحانی حفاظت	جنات سے دوستی	قوت حافظہ میں اضافہ
محبت کے معاملات	حاکم کو مہربان کرنا	مختلف بیماریوں کا علاج
فراخی رزق و کاروباری معاملات	دشمن کے معاملات	ہر جائز مقصد کا حصول

عمل کے کل درجے: اس عمل کے کل پانچ درجے ہیں۔ ہر درجے میں مختلف چلہ کشی کروائی جاتی ہیں (گھر اور گھر سے باہر)۔ پہلے درجے میں ایک ہی فیس میں تین زکوۃ نکلوائی جاتی ہیں۔ باقی درجے بڑے عاملین کے لیے ہیں، عوام یا مبتدی عاملین کے لیے نہیں۔ ان سب کی فیس بھی الگ ہے۔

فیس درجہ اول 8100 روپے

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والا چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جاسکتی ہے۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

دارالعمل چشتیہ کی علاج گاہ کے عاملین کے خاص الخاص دم شدہ روحانی تیل کی مختلف ورائٹی، جو ہر گھر کی اشد ضرورت ہے

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/جنات
قیمت: 150 روپے

☆ جادو/جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے ☆ جادو/جنات کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے

روحانی تیل (2) برائے سکون
قیمت: 300 روپے

☆ "پرسکون نیند" آپ کے دل، وزن اور ذہن سمیت ہر چیز کی صحت کیلئے بہترین ثابت ہوتی ہے ☆ نیند کی کمی بہت سے طبی اور نفسیاتی مسائل کو جنم دیتی ہے ☆ طبی ماہرین 7 سے 8 گھنٹے تک سونے کا مشورہ دیتے ہیں

روحانی تیل (3) برائے دفع درد جسم
قیمت: 250 روپے

☆ جادو جنات سے متاثرہ مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے ☆ جادو جنات سے متاثر جوڑوں کے درد میں مبتلا مریضوں کے لیے اکسیر ہے ☆ جسم کے تمام دردوں کو ختم کرتا ہے پٹھوں کے درد کو فی الفور آرام دیتا ہے ☆ پسلیوں کے درد کو دور کرتا ہے

روحانی تیل (4) برائے تقویت دماغ
قیمت: 300 روپے

دماغ میں کمزوری آجانے سے پست ہمتی، حافظہ کی کمزوری، ہاتھ پاؤں سرد، بے خوابی، بھوک متاثر، ذہانت متاثر، یکسوئی نہ ہونا، سوچنے کی اہلیت کم، تھکاوٹ، کمزوری، سردرد، بے حسی، خواہش جماع کم یا مفقود ہو جاتی ہے۔ ان سب سے نجات حاصل کرنے کے لیے "روحانی تیل نمبر 4" استعمال کریں۔

روحانی تیل (5) برائے اعصاب
قیمت: 300 روپے

☆ جادو/جنات سے متاثر اعصابی مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے ☆ جادو/جنات سے متاثر پٹھوں کے مریض پٹھوں کی مالش کریں ☆ جادو/جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے ☆ متاثرہ مریض کو اثرات کی وجہ سے مستقل معذوری سے بچاتا ہے

روحانی تیل (6) برائے آسیبی مریض
قیمت: 120 روپے

☆ آسیبی اثرات کم ہوں یا زیادہ، ان کو جڑ سے ختم کرتا ہے ☆ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر پڑنے والے اثرات ختم کرتا ہے ☆ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش ختم کرتا ہے ☆ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی جلن ختم کرتا ہے

روحانی تیل (7) برائے مرگی، جنون، پاگل پن
قیمت: 150 روپے

☆ یہ روحانی تیل دارالعمل چشتیہ کے عاملین نے خاص کلام دم کر کے تیار کیا ہے جو مرگی کے مریض کے لئے بہت ہی موثر و مفید ہے ☆ جنونی کیفیت میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔

روحانی تیل (8) برائے دفع جادو بد اثرات
قیمت: 150 روپے

☆ جادو مریضوں کیلئے پیام شفا ہے ☆ جادو کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے ☆ جادو کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے ☆ جادو کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے

روحانی تیل (9) برائے دفع جنات
قیمت: 150 روپے

☆ جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے ☆ جنات کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے ☆ جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے ☆ جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے ☆ جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے

محبت سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

محبت کے چکر اور رشتہ کی بندش

سوال میں ایک لڑکے سے محبت کرتی ہوں۔ میری اس سے کسی بات پر لڑائی ہوگئی ہے اور اب وہ میرا فون بھی نہیں اٹھاتا اور نہ ہی sms کا جواب دیتا ہے۔ میرے والدین میری شادی کے لیے بہت فکر مند ہیں لیکن میرے لیے کوئی رشتہ نہیں آتا۔ میری والدہ نے پتہ کروایا ہے کہ مجھ پر بندش ہے۔ میں یہ چاہتی ہوں کہ میری بندش بھی ختم ہو اور وہ لڑکا میرے ساتھ رابطہ بحال کرے تاکہ وہ میرے گھر رشتہ لے کر آئے۔ اور اگر وہ رابطہ نہ کرے گا تو پھر میری بندش ٹوٹے یا نہ ٹوٹے، مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ میں صرف اس سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ خدارا! میری مدد کریں اور کوئی نہ کوئی حل نکالیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ (نایاب، اسلام آباد)

جواب محترمہ! کئی عاملین ایسے کیس کیلئے دعا کرتے ہیں کہ ہمارے پاس آئیں کیونکہ انہیں خوب پیسہ کمانے کا موقع ملتا ہے۔ آج کل دنیا پسند کی شادی کے چکر میں پڑی ہوئی ہے۔ اس لیے عاملین کا سہارا بھی لیا جاتا ہے کیونکہ اس کے علاوہ کوئی سہارا نظر نہیں آتا۔ اور عامل بھی جائز اور ناجائز کا مسئلہ معلوم کیے بغیر، ہر طرح کے عمل کرتے ہیں۔

سب سے پہلے تو شرعی مسئلہ سمجھیں۔ آپ جس سے محبت کرتی ہیں، وہ اب آپ سے نہیں کرتا۔ کوئی بھی ایسا عمل کرنا، جس سے آپ کا محبوب آپ سے محبت کرنے پر مجبور ہو جائے، مجبور ہو کر آپ سے رابطہ کرے اور شادی کا پیغام آپ کے گھر لے کر آئے، جائز نہیں ہے۔

بعض حالات میں ایسے اعمال جائز ہوتے ہیں۔ اس کے لیے کسی معتبر مفتی صاحب کا تحریری فتویٰ دکھانا لازمی ہوگا۔ پھر خاص عمل کیا جائے گا۔ ورنہ صاف معذرت ہے۔

آپ صرف اتنا عمل کر سکتی ہیں کہ اس کا دل نرم ہو جائے اور عمل کی تکمیل کے بعد آپ اس سے بات کریں۔ اگر وہ دوبارہ رابطہ بحال کرے تو بس شادی کی بات کریں تاکہ آپ کا مقصد حل ہو۔ شادی پر مان جائے تو ٹھیک، ورنہ دوبارہ کوئی دوسرا عمل کریں۔ آپ کا کام عمل کرنا ہے، نتیجہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ مرتب فرماتے ہیں۔ جو اُن کی مرضی ہوگی، وہی نتیجہ مرتب ہوگا۔

عمل یہ کریں: نوچندی جمعہ کو نمازِ عصر اور مغرب کے درمیان تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ ''یَاوَدُوْدُ'' پڑھیں۔ اول و آخر کوئی بھی درود شریف ایک سو بار پڑھیں۔ پھر ہر نماز کے بعد اکیس بار پڑھ کر اپنے مطلوب کو تصور میں دم کر دیں۔ اکیس یوم کے بعد بائیسویں یوم بات کریں۔ بات نہ بنے تو مزید پڑھیں اور کُل چالیس یوم پورے کرلیں۔ پھر اکتالیسویں یوم بات کریں۔ ان شاء اللہ، آپ کو مقصد حاصل ہو جائے گا۔

نوٹ: دورانِ عمل آپ نے رابطہ نہیں کرنا۔ اگر وہ رابطہ کریں تو مختصر سی بات کریں۔ شادی کی بات عمل ختم ہونے کے اگلے دن کرنی ہے۔

بندش کے علاج کے لیے خزینہ روحانیات جولائی 2014ء کے شمارے میں عمل دیا گیا ہے، وہ کریں۔

مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو

سوال مجھ سے میرے گھر والے محبت نہیں کرتے۔ میں اگرچہ گھر میں بڑا بیٹا ہوں مگر بڑی بہنیں بھی مجھ سے محبت نہیں کرتیں۔ چھوٹے بھائی بھی عزت نہیں کرتے۔ والد صاحب بھی محبت نہیں کرتے۔ بس ایک والدہ ہیں جو میرا خیال رکھتی ہیں۔ مجھے کوئی ایسا عمل دیں جس کو پڑھ کر میں کسی چیز پر دم کر کے اپنے گھر والوں کو کھلاؤں تو ان کے دل میں میرے لیے محبت پیدا ہو

جائے۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔ (حسن، ملتان)

جواب مٹی کے ایک پاک برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم باوضو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور گھر والوں کو پلائیں۔ ان شاء اللہ، گھر والوں کے دل میں آپ کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

خاندان میں محبت اور اتفاق پیدا کرنے کیلئے

سوال میرے والد صاحب سے خاندان والے اکثر ناراض رہتے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ وہ غلط بات برداشت نہیں کرتے۔ چونکہ میرے والد صاحب بڑے ہیں، اس لیے سب ان کے پاس آتے تو ہیں مگر ان کے پیٹھ پیچھے ان کی مسلسل برائیاں ہی ہوتی ہیں۔ کوئی ان کو اچھا نہیں سمجھتا۔

مجھے کچھ ایسا وظیفہ دیں جس کو پڑھنے سے خاندان میں اتفاق پیدا ہو جائے اور خاندان والوں کے دلوں میں میرے والد کی محبت پیدا ہو جائے۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں گا۔ (محمد عامر، اسلام آباد)

جواب خاندان میں اتفاق پیدا کرنے کیلئے یہ آیت 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (الانفال:۶۳)

ترجمہ: ''اور اُلفت ڈال دی اُن کے دلوں میں اگر تم سب کچھ خرچ کر دیتے جو زمین میں ہے، ان کے دلوں میں اُلفت نہ ڈال سکتے لیکن اللہ نے اُن کے درمیان اُلفت ڈال دی، بیشک وہ غالب حکمت والا ہے۔''

محبت کیلئے "یا وَدُوْدُ" والا خاص نماز والا عمل

سوال میں ایک شخص سے سات سال سے محبت کرتی ہوں۔ وہ بھی مجھ سے محبت کرتے ہیں۔ ہمارے درمیان کوئی غلط تعلقات نہیں۔ میں ان سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ اب میرے گھر والے میری پڑھائی ختم ہونے کے بعد میرے لیے رشتہ دیکھ رہے ہیں۔ جب میں نے اُن کو کہا کہ آپ اپنی والدہ کو لے کر میرے گھر رشتہ لے کر آئیں تو اس دن کے بعد سے وہ مجھ سے دور ہونے لگے۔ اب یہاں تک نوبت پہنچ گئی ہے کہ میرا نمبر بھی وٹس ایپ پر بلاک کر دیا ہے اور میرے کسی sms کا جواب بھی نہیں دیتے۔

میں نے ان سے ٹوٹ کر محبت کی ہے اور میں ان کو اپنا شوہر مان چکی ہوں۔ پتہ نہیں کیوں ان کے دل میں میری اب وہ محبت نہیں رہی۔ میری مدد فرمائیں۔ میں زندگی بھر آپ کو دعائیں دوں گی۔ (پوشیدہ)

جواب آپ چونکہ شادی کرنا چاہتی ہیں اور ہر لڑکے اور لڑکی کو حق ہے کہ وہ اپنی پسند سے شادی کرے۔ اور آپ نے کوئی غلط تعلقات بھی نہیں بنائے۔ اس لیے آپ کو ایک خاص عمل دے رہا ہوں۔ یقین سے کریں۔ جس دن پاکی کا غسل کریں، اس دن سے اس عمل کا آغاز کریں۔

نمازِ عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۂ کافرون پڑھنے کے بعد پچاس مرتبہ "یا وَدُوْدُ" پڑھے۔ پھر رکوع میں پچاس مرتبہ "یا وَدُوْدُ"، پھر کھڑے ہو کر پچاس مرتبہ "یا وَدُوْدُ"، پھر سجدے میں پچاس مرتبہ "یا وَدُوْدُ" پڑھے۔ پھر جلسے میں پچاس مرتبہ "یا وَدُوْدُ"، پھر دوسرے سجدے میں پچاس مرتبہ "یا وَدُوْدُ" پڑھے۔ پھر دوسری رکعت میں کھڑے ہو کر سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے اور اس طرح پچاس مرتبہ "یا وَدُوْدُ" پڑھے۔ تیسری رکعت میں سورۂ فلق کے بعد اسی ترتیب سے پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۂ والناس کے بعد اسی طرح پڑھے۔ پھر نماز مکمل کرلے۔ اس طرح چاروں رکعتوں میں بارہ سو مرتبہ "یا وَدُوْدُ" ہو جائے گا۔ سلام پھیرنے کے بعد دُعا ہر روز بلا ناغہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے بعد اثرات ظاہر ہوں گے اور جس مقصد کیلئے عمل کیا گیا ہے، بفضل تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور چاروں قل شریف اور "یا وَدُوْدُ" کی برکت سے محبت پیدا ہو جائے گی۔ بہت مجرب ہے۔

مندرہ شاہ علی جادو اور جنات کے اثرات کے علاج کا سرتاج عمل

تعارف: "مندرہ شاہ علی" نوری علوی عملیات کا سرتاج اور کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات و شیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔ اس کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہے، وہ جادو، جنات اور دشمنوں کے خلاف بہت تیز کام کرتی ہے اور ضرورت پڑنے پر مخالف کو خوب سبق بھی سکھاتی ہے۔ مندرے کے عامل پر جادو اور جنات آسانی سے حملہ آور نہیں ہو سکتے۔

عمل کے فائدے درج ذیل ہیں

جگہ کی جناتی، آسیبی یا سحری اثرات سے حفاظت	تلوار، نیزہ، بندوق، پستول سے حفاظت	بجلی یا کرنٹ سے حفاظت
مریض کی سحر جادو، آسیب اور شیاطین سے حفاظت	رات یا ویرانے کے سفر میں حفاظت	جانوروں کی بیماریوں سے حفاظت
گھر اور جگہ کا مضبوط حصار	خبیث ارواح کی چوکی کا علاج	جادو کے عمل والی ہانڈی کو واپس کرنا
جنات یا سحر جادو، مرگی کے لئے خاص گنڈا	دماغ خراب، مجنون و دیوانہ پن کا علاج	بے اولادی کا خاص عمل
مکانوں کی بنیاد کے لیے حفاظت کا خاص عمل	جسم میں دردوں کا علاج	زہریلا کیڑا کاٹے کا علاج
بد اثرات کی وجہ سے جسمانی و ذہنی تکالیف کا علاج	اٹھراہ کا علاج	ہر مرض کے لئے
دشمن زیر اور ذلیل و خوار کرنا	ڈھول، بینڈ باجے کو باندھنا	ہر جائز مقصد کے لئے

اجازت کے لیے اہلیت: ایسے تمام افراد جنہوں نے جادو جنات کے بنیادی عمل کیے ہوں۔

اجازت لینے کا طریقہ: مندرہ کا عامل بننے کے لیے عمل کا ھدیہ ادا کر کے چلّہ کشی کرنی ہوتی ہے۔

خاص اجازت: جو لوگ چلّہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

ہدیہ 9100 روپے

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

نوٹ: 9100 ہدیہ میں مندرہ شاہ علی کے تین چلّے کروائے جاتے ہیں۔ جو حضرات اس عمل میں مزید مہارت حاصل کرنا چاہیں، ان کو "**خاص روحانی نگرانی**" میں گھر سے باہر مخصوص مقامات اور مخصوص تعداد کے چلّے کروائے جاتے ہیں۔ ان تمام کا ہدیہ الگ الگ ہوتا ہے۔

زوجین کے مسائل اور ان کا روحانی حل

شوہر سے طلاق چاہتی ہوں

سوال میرے دو بچے ہیں۔ میرے شوہر کی عمر مجھ سے تقریباً دگنی ہے۔ وہ ہر وقت مجھ سے لڑتے رہتے ہیں۔ میں بہت تنگ آ گئی ہوں۔ مجھے کوئی اور پسند ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ میرے شوہر مجھے طلاق دے دیں۔ جس شخص کو میں پسند کرتی ہوں، وہ مجھ سے شادی کرنے پر آمادہ ہے۔ میری مدد کریں۔ (پوشیدہ)

جواب محترمہ! ہماری روحانی علاج گاہ میں ایسے کئی اعمال ہیں، جو شوہر سے طلاق لینے کے لیے کیے جاتے ہیں مگر صرف اور صرف اُس وقت، جب کسی مستند مفتی کا تحریری فتویٰ موجود ہو۔ آپ نے جو دو باتیں ذکر کی ہیں کہ ان کی عمر زیادہ ہے اور ہر وقت لڑتے رہتے ہیں، میرے خیال میں یہ شرعی جواز نہیں بنتا۔ میں چونکہ مفتی نہیں ہوں، اس لیے آپ کسی مستند مفتی صاحب سے رابطہ کریں۔ ان کو اپنے سارے حالات بتائیں۔ اگر گنجائش نکلے گی تو وہ آپ کو لکھ کر دے دیں گے۔ یہ ہماری وہ شرط ہے، جس کے بغیر آپ لاکھوں روپے بھی دیں تو طلاق والا عمل نہیں کیا جاتا۔

میں آپ کو ایک عمل اس شرط و دعا کے ساتھ دے رہا ہوں کہ اگر آپ مظلوم ہوئیں اور شوہر سے طلاق لینا اللہ جل جلالہ کے نزدیک صحیح ہو تو یہ عمل اثر کرے۔ اور اگر اللہ جل جلالہ کے نزدیک طلاق لینا صحیح نہ ہو تو کوئی اثر نہ ہو۔

عمل یہ ہے: سورۂ لہب ایک سو (۱۰۰) مرتبہ بغیر بسم اللہ اور درود کے پڑھ کر پانی پر دم کر کے شوہر کو پلائیں۔

نوٹ: اس عمل کی اجازت کسی اور کو نہیں ہے۔ خ

شوہر کو مہربان کرنا

سوال میری شادی کو دس سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ شروع تین چار ماہ کے بعد ہی میرے شوہر کا رویہ خراب ہونا شروع ہو گیا۔ پھر حالات بگڑتے گئے۔ بہت صبر کر چکی ہوں۔ اب مزید صبر نہیں ہوتا۔ بہت گالیاں دیتے ہیں۔ بری طرح مارتے ہیں۔ بچوں کے سامنے بھی کوئی عزت نہیں کرتے۔ خدارا میری مدد کریں ورنہ میں خودکشی کر لوں گی۔ (ایک مظلوم بہن، راولپنڈی)

جواب محترمہ خودکشی کرنا حرام ہے۔ اور مایوسی کفر۔ آپ کو اندازہ نہیں کہ صبر پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا کیا مقامات ملتے ہیں۔ ان شاء اللہ آپ کو اللہ تعالیٰ بے انتہا اجر عطا فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ شوہروں کو ہدایت دے۔ اسلام ہمیں بہترین اخلاق کا درس دیتا ہے۔ مگر دین سے دوری کی وجہ سے لوگ یہی بھول گئے ہیں کہ اخلاق حسنہ کیا ہوتے ہیں۔ آپ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں اور یہ عمل کریں:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ (البقرۃ:۱۶۵)

اس آیت کو میٹھی چیز پر پڑھ کر کھلایا کریں۔ جب بھی کوئی میٹھی چیز دیں، پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مہربان ہو جائیں گے۔ اگر صرف کھلانے سے کام نہ ہو تو بعد ہر نماز ایک تسبیح اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر شوہر پر تصور میں دم کر دیں۔ اگر پانچ وقت نہ ہو سکے تو صبح و شام۔ یہ بھی نہ ہو سکے تو ایک وقت لازمی وظیفہ کریں۔ تین ہفتہ بعد اطلاع کریں۔

شوہر ہمیشہ ساتھ رہیں

سوال میں نے عمل کروانا ہے کہ میرے اور میرے شوہر کے درمیان کبھی

علیحدگی نہ ہو، طلاق نہ ہو اور ہم ہمیشہ ساتھ رہیں۔ پچھلے تین ماہ سے وہ مجھے امی کے گھر چھوڑ کر گئے ہیں اور لینے نہیں آرہے۔ آپ کچھ ایسا عمل کریں کہ وہ مجھے لینے آجائیں اور پھر کبھی مجھ سے الگ نہ ہوں۔ اور ہماری طلاق کبھی نہ ہو۔ ہم دونوں جہاں بھی رہیں، ساتھ رہیں۔ (عظمیٰ، لاہور)

جواب طلاق نہ ہونے کے لیے ہماری روحانی علاج گاہ میں طلاق کی بندش کا عمل کیا جاتا ہے۔ وہ آپ کروالیں۔ اس کا ھدیہ 5100 روپے ہے۔ ان شاءاللہ، طلاق نہ ہوگی۔

اکیس دن تک روزانہ گیارہ سو مرتبہ، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف، ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ'' پڑھیں۔ دو رکعت صلوۃ الحاجت پڑھ کر یہ عمل کریں۔ اختتام پر شوہر کو تصور میں لاکر دم کریں اور یہ تصور کریں کہ وہ آپ کو لینے آگئے ہیں۔ ان شاءاللہ، اکیس دن میں کسی بھی دن وہ آپ کو لینے آجائیں گے۔ جس دن آئیں، چلی جائیں۔ لیکن عمل کو اکیس دن پورا کریں۔

اگر سسرال میں ایک ہی وقت پڑھنے کا موقع نہ ملے تو نمازوں کے بعد پڑھ لیا کریں۔ تعداد گیارہ سو پوری کرنی ہے۔

سسرال جانے کے بعد دوبارہ رابطہ کریں۔ پھر مزید راہنمائی کی جائے گی۔ ان شاءاللہ

شوہر کی اصلاح

سوال خالد صاحب۔ السلام علیکم

میں بہت پریشان ہوں خدا کے واسطے میری مدد فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ میں اپنا حال احوال آپ سے بیان کروں۔

یہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ انہوں نے یہ سبب بنایا کہ میں کبھی کسی نیک بندے سے مل سکوں جو میں کافی سالوں سے چاہتی تھی۔ میں بہت سے ظلم اور بے بسی بتانا چاہتی ہوں اور ان کا حل پوچھنا چاہتی ہوں۔ میرے اوپر ہر وقت ان کی نظر رہتی ہے۔ وہ اپنے آپ کی فکر کرتے ہیں۔ یہ بہت ضدی ہیں۔ ہر فیصلہ مجھ پر تھوپ دیتے ہیں۔ میں بے حد ڈری ہوئی ہوں۔ میں انڈر پریشر ہوں۔ یہ خود پسندی کا شکار ہیں۔ میں نے ان کو اپنا زیور بھی دے دیا۔ ہر کام ان کی مرضی سے کرتی ہوں۔ مگر یہ ہر قدم پر میرا دل دکھاتے ہیں۔ میری عزت نفس مجروح کرتے ہیں۔ ہر طرح سے ہٹ دھرم ہیں اور کہتے ہیں کہ میں صحیح ہوں، تم غلط سوچ رکھتی ہو، یہ غلط ہے۔

میرا نو سالوں میں بہت دل دکھایا ہے۔ وہ جو فیصلہ کرتے ہیں وہ اکثر غلط ثابت ہوتا ہے، مگر میری نہیں مانتے۔ مجھے اپنی بات ماننے پر مجبور کر دیتے ہیں اور ہر غلط بات کرواتے ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں، اپنے بچوں کے مستقبل کو سوچ کر اور اپنے مستقبل کو سوچ کر۔

مجھے چھوٹی چھوٹی بات پر ماں، بہن باپ کی گالیاں دیتے ہیں۔ بہت نامناسب گفتگو کرتے ہیں۔ مجھے غلط کہتے ہیں اور خود کو ہر معاملے میں صحیح کہتے ہیں۔ یہ میچ کا جوا کھیلتے ہیں، گالیاں دیتے ہیں۔ صرف پنسل وغیرہ نہ ملنے پر یا کسی بھی چھوٹی بات پر میرے بڑوں کی عزت نہیں کرتے اور ہر غلط کام کا شوق ہے ان کو۔ میں بہت شریف فیملی کی لڑکی ہوں۔ میں نے خواب میں ان کو اپنی ممانی اور اپنی نند اور نندوئی کے ساتھ دیکھا ہے۔ خدا کے لیے میری مدد کریں۔ میں بہت ڈری ہوئی ہوں۔ شکریہ۔ (پوشیدہ، لاہور)

جواب محترمہ! جو حالات آپ نے لکھے ہیں۔ اس کے مطابق تو آپ کو اپنے شوہر کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو بھی تبدیل کرنا پڑے گا۔ صرف وظائف سے بات نہیں بنتی۔ اس کے لیے کچھ رویوں میں تبدیلی، کچھ زندگی کے معمولات میں تبدیلی، کچھ تعلقات نبھانے کا ڈھنگ...... بہت کچھ دیکھنا پڑتا ہے۔ آپ کے شوہر سمجھتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہیں۔ خط پڑھ کر یہی اندازہ ہو رہا ہے کہ آپ بھی یہی سمجھتی ہیں کہ آپ ٹھیک ہیں۔ آپ ان کو ٹوکتی بھی بہت ہیں، جس کا خط سے اظہار ہو رہا ہے۔ وظیفہ تو میں لکھ دیتا ہوں۔ آپ کسی قریبی عالم/ عالمہ (بہتر ہے کہ کوئی عالم بزرگ ہو) سے رابطہ کریں اور اپنا مسئلہ بتائیں اور صرف اپنی اصلاح کے لیے مشورہ کریں کہ آپ میں کیا غلط

ہے اوراس کی اصلاح کیسے کرنی ہے؟

نماز فجر کے بعد اول و آخر تین تین بار درود شریف اور ایک سو بار سورۂ اخلاص پڑھ کر تصور میں اپنے شوہر کے دماغ اور دل پر دم کر دیں۔ یہی عمل رات کو جب سونے کے لیے بستر پر لیٹیں، تو کریں۔ رات کو سورۂ اخلاص اکتالیس بار پڑھنی ہے۔ مدت عمل کم از کم چالیس یوم اور زیادہ سے زیادہ نوے یوم ہے۔ ان شاء اللہ، شوہر کا رویہ بھی درست ہو گا اور تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔

عمل کے دوران شوہر سے کسی بھی قسم کا جھگڑا کرنے سے پرہیز کریں۔ زبان کے زخم بہت تیزی سے اثر کرتے ہیں۔ یہ نہ ہو کہ چند دن کے عمل سے جو فائدہ ہو، وہ ایک لڑائی سے ہی ختم ہو جائے۔

شوہر کی بری عادت سے چھٹکارا

سوال میرا شوہر نامحرم عورتوں سے بہت تعلق بنا کر رکھتا ہے۔ ابھی تک جسمانی تعلقات کی کوئی تصدیق نہیں بس موبائل کی حد تک ہے۔ دفتر سے گھر آ کر مجھے کوئی وقت نہیں دیتا۔ موبائل میں لڑکیوں اور عورتوں سے بات چیت میں مصروف رہتا ہے۔ کوئی ایسا عمل بتائیں کہ اس کی یہ غلط عادت چھوٹ جائے۔ مجھ سے محبت بھی رکھتا ہے۔ لڑائی جھگڑا بھی نہیں کرتا۔ مجھے پیسے سے بھی تنگ نہیں کرتا۔ (ا۔ا، اسلام آباد)

جواب سب سے پہلے تو اللہ ﷻ کا شکر ادا کریں کہ آپ کا شوہر بہت شوہروں سے اچھا ہے۔ بس وقت نہ دینے کی شکایت اور نامحرموں میں دلچسپی والی بات ہے، جو کہ آج کل عام ہے۔ آپ کو ایک عمل بتا رہا ہوں۔ اس کو اکیس یوم کر کے اطلاع کریں۔ اکیس یوم سے زیادہ نہیں کرنا۔

اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ ایک سو بار سورۂ لھب کو پڑھ کر پانی، نمک اور چینی پر دم کریں۔ یہ عمل روزانہ ایک وقت مقرر پر کریں اور شوہر کو تینوں چیزیں استعمال کروائیں۔ آپ یہی عمل اپنے والدین کو بھی دے سکتی ہیں کہ وہ پڑھ کر تصور میں آپ کے شوہر کو پھونک مار دیں اور دعا کر لیں۔ ان شاء اللہ، اکیس یوم کے عمل سے واضح فرق محسوس ہو گا۔

بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہے

سوال میری شادی کو سات سال ہو گئے ہیں۔ چار بچے ہیں۔ بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہے۔ اور کسی طرح بھی واپس آنے کا نام نہیں لے رہی۔ ایسی کوئی وجہ بھی نہیں جس کی وجہ سے اتنا بڑا قدم اٹھایا۔ بچے بہت پریشان ہیں۔ ساتھ بھی نہیں لے کر گئی۔ بس اپنے گھر جا کر بیٹھ گئی ہے۔ میرے سالے میری بیوی کی طرف داری کر رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ اب وہ واپس نہیں جائے گی۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (پوشیدہ، لاہور)

جواب آپ کے کیس پر غور کیا۔ دراصل آپ کی بیوی آپ سے بہت تنگ آ چکی ہے۔ روز روز کی لڑائی جھگڑے سے ہی وہ زیادہ بےزار ہوئی ہے۔ اور ان لڑائی جھگڑوں میں میرے مطابق آپ دونوں ہی ذمہ دار ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ ایسی کوئی بات نہیں جس پر وہ گھر چھوڑ کر چلی گئی۔ یاد رکھیں! ایسی کوئی بات کا معاملہ آپ کی اپنی سوچ کے لحاظ سے ہے۔ اپنی بیوی کی نظر سے دیکھیں تو پھر آپ کو اندازہ ہو گا کہ ایسی کوئی بات نہیں یا پھر ایسی بہت سی باتیں ہیں۔

بھائی! بیوی سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر آپ کے پاس آتی ہے۔ اگر اسے اپنے میکے میں پیار و محبت ملا ہو اور سسرال میں ہر وقت کا لڑائی جھگڑا ہو تو اس کے دماغ پر برا اثر پڑے گا اور وہ یقیناً بےزار ہو جائے گی۔ جب اس کی برداشت ختم ہو جائے گی، وہ کوئی فیصلہ کر لے گی۔ اور اگر اس کو اپنے میکے میں بھی ہر وقت کا لڑائی جھگڑا ہو تو وہ شادی ہونے پر خوش ہوتی ہے کہ اسے آزادی ملی۔ اسے اپنی زندگی میں امید کی ایک کرن نظر آتی ہے سسرال کی شکل میں۔ اب اگر سسرال میں بھی وہی ماحول ملے گا تو پھر اس کی زندگی میں صرف اندھیرا ہی اندھیرا ہو جائے گا۔ اور ایسی بیوی لاکھ چاہے، نہ خود خوش رہ سکتی ہے، نہ شوہر کو رکھ سکتی ہے، نہ اولاد کو اور نہ ہی سسرالیوں کو۔ وہ ایک ڈپریشن زدہ عورت ہوتی ہے۔ اور کسی بھی وقت کوئی بھی انتہائی قدم

اٹھانے سے گریز نہیں کرتی۔

میرا آپ کو مشورہ ہے کہ عمل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے رویے پر بھی غور کریں۔ اب بھی آپ اپنا ہی مطلب دیکھ رہے ہیں کہ آپ کو مشکل ہو رہی ہے۔ یہ نہیں دیکھ رہے کہ آپ کی بیوی کو چند دن سکون کے نصیب ہو رہے ہیں۔

خیر، بچوں کا مسئلہ ہے، اس لیے آپ کو عمل دے رہا ہوں۔

۱)...... سات چراغ کا ایک کورس ہے۔ آپ کو تین کورس کرنا ہوں گے۔ روزانہ اپنی بیوی کے گھر کی طرف چراغ کا منہ رکھنا ہے اور جلانا ہے اور چراغ کے پیچھے بیٹھ کر "یالطیف یاودود" بلا تعداد آدھ گھنٹہ تک پڑھنا ہے۔ عمل میں تصور کرنا ہے کہ آپ کی بیوی گھر آرہی ہے۔ ان شاء اللہ، جلد گھر آجائے گی۔

۲)...... دو تعویذ ہیں۔ ایک کو گھر میں وزن کے نیچے رکھ دیں اور دوسرے تعویذ کو اپنے گھر میں پنکھے کے ساتھ باندھ دیں اور صبح شام آدھ گھنٹہ پنکھا چلائیں۔

۳)...... گیارہ تعویذ جوتے مارنے والے ہیں۔ ان کا طریقہ استعمال ساتھ ہی دیا ہوا ہے۔ گیارہ تعویذ کا ایک کورس ہے۔ دو کورس بھیج رہا ہوں۔

اکیس یوم کا یہ علاج کریں۔ ان شاء اللہ، اسی دوران یا عمل ختم ہونے کے چند یوم میں ہی وہ واپس آجائیں گی۔

دوبارہ کہہ رہا ہوں کہ بیوی کے آنے کے بعد ان کو ایک خوش اخلاق اور بیوی کا خیال رکھنے والے شوہر کے روپ میں ملیں۔ ورنہ وہ پھر واپس چلی جائے گی اور پھر میرے پاس بھی آپ کو آنے کی ضرورت نہیں۔

شوہر اپنی چچازاد کی طرف بہت مائل ہیں

سوال میرے شوہر باشرع دیندار شخص ہیں۔ وہ اپنی چچازاد کی طرف بہت زیادہ مائل ہیں۔ اس لڑکی کی شادی نہیں ہوئی۔ عمر تھوڑی زیادہ ہوگئی ہے مگر شوہر سے چھوٹی ہے۔ میں بہت پریشان ہوں کیونکہ ہمارے اوپر تو سخت پابندی ہے کہ نامحرم سے بات نہیں کرنی۔ مگر میرے شوہر کا عجیب دوہرا پن ہے۔ خود اپنی نامحرم کزن سے بات چیت بھی خوب ہے۔ میسیجز بھی ہوتے رہتے ہیں۔ ان کے گھر یعنی چچی کے گھر بھی بہت جاتے ہیں۔ کیا ایسا تو نہیں کہ وہ لڑکی میرے شوہر کو پھانس رہی ہو۔ میری مدد کریں اور کچھ ایسا وظیفہ بتائیں کہ میرے شوہر اور ان کی کزن میں علیحدگی ہوجائے۔ (پوشیدہ)

جواب محترمہ! میں نے چیک کرلیا ہے، جو نام آپ نے دیا تھا، اس سے فی الحال شادی کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ البتہ وہ خاتون آپ کے شوہر کی سگی چچا زاد ہے اور اقرباء میں یعنی رشتہ داروں میں جدائی کا عمل کروانے سے قبل کسی مستند اور قابل مفتی صاحب سے مشورہ کرلیں۔ اگر وہ اجازت دیں تو پھر یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ، آپ کے شوہر بہت جلد اس خاتون سے جدا ہو جائیں گے۔

نمک پر ایک سو (۱۰۰) یا تین سو تیرہ (۳۱۳) بار یہ آیت پڑھیں:

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ۔

(المآئدۃ: ۶۴)

اول و آخر درود نہیں پڑھنا اور نہ ہی بسم اللہ پڑھنی ہے۔ جب پڑھ چکیں تو نمک پر دم کریں اور تصور میں اپنے شوہر اور ان کی کزن کے دل و دماغ پر بھی دم کریں اور پھر یہ تصور کریں کہ دونوں میں جدائی ہوگئی ہے۔ جب یہ منظر قائم ہوجائے تو پھر تصور ختم کردیں اور اول و آخر درود شریف کے ساتھ اللہ جل شانہ سے دعا مانگیں۔

شوہر کا دوسری عورت سے تعلق ختم ہو

سوال میرے شوہر کا ایک لڑکی سے تعلق ہے۔ وہ اس سے شادی بھی کرنا چاہتے ہیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ نہیں کرنی، کبھی کہتے ہیں کہ کرلیتا تو اچھا ہوتا۔ میں بہت ٹینشن میں ہوں۔ کہیں اس لڑکی نے میرے شوہر پر کوئی عمل کر کے ان کو قابو تو نہیں کیا ہوا؟ اس لڑکی کے بارے میں ہم نے جو معلومات لی ہیں، اس کے مطابق وہ لڑکی اچھی نہیں ہے۔ اس کے بھائیوں کو اس لڑکی کے لڑکوں

سے تعلقات پر کوئی اعتراض نہیں۔ اسی سے آپ اندازہ لگالیں۔ مہربانی کر کے کوئی حل نکالیں تاکہ میری پریشانی دور ہو۔ (شازیہ۔لاہور)

جواب میری تشخیص میں بھی یہی ہے کہ وہ لڑکی صحیح نہیں۔ البتہ عمل کروانے والا معاملہ کچھ ہے بھی اور نہیں بھی۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ کے شوہر تھوڑا بہت تو عمل کی وجہ سے اور زیادہ اپنی خواہش سے اس لڑکی کی طرف متوجہ ہوئے ہیں۔ صرف لڑکی کو قصوروار قرار دینا صحیح نہیں اور نہ ہی اس بات کو حتمی کہنا صحیح ہے کہ لڑکی نے عمل کر کے آپ کے شوہر کو قابو کیا ہے۔

کوشش کریں کہ شوہر کو اعتماد میں لے کر معلوم کریں کہ اس لڑکی میں وہ کیا خوبیاں ہیں، جن کی وجہ سے وہ اس طرف مائل ہوتے ہیں۔ جو شریعت کے دائرے میں ہوں، ان کو آپ بھی اپنانے کی کوشش کریں بلکہ اپنائیں تاکہ آپ کے شوہر دوسری طرف متوجہ نہ ہوں۔ صرف عملیات کا سہارا لینا اور خود اپنے آپ میں کشش پیدا نہ کرنا کہ شوہر خود متوجہ رہے، صحیح نہیں۔

آپ کو ایک وظیفہ دے رہا ہوں۔ اس کو مسلسل اکیس یوم کرنا ہے۔ کوشش کریں کہ نماز تہجد کے بعد کریں۔ ورنہ رات کو عشاء کے فرضوں کے بعد والے نفلوں میں تہجد کی نیت کر کے نفل پڑھیں اور پھر یہ وظیفہ پڑھیں۔ وظیفہ کے بعد خوب عاجزی سے دعا مانگیں اور پھر وتر پڑھ لیں۔

اول وآخر گیارہ بار درود تنجینا اور درمیان میں اکیس بار یہ وظیفہ پڑھیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَکِیْمُ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ۔

شوہر بدکرداری کا شبہ کرتے ہیں

سوال میری شادی کو ۲۲ سال ہو گئے ہیں۔ اس وقت میری عمر ۴۳ سال ہو گئی ہے۔ میرے شوہر اور میرے تعلقات بہت خراب ہیں۔ ۲۲ سال کے ساتھ کے باوجود آج بھی میرے شوہر مجھ پر شک کرتے ہیں۔ بدکرداری کا شبہ کرتے ہیں۔ میرے بڑے بڑے بچے ہیں، مگر مجھے میرے شوہر کی سمجھ نہیں آتی۔ کچھ ایسا کریں کہ کم از کم مجھ پر شک کرنا تو چھوڑ دیں۔ تعلقات اب کیا اچھے ہونے ہیں، اب تو بچوں کی شادیاں کرنی ہیں۔ (مسز سلیم۔لاہور)

جواب سب سے پہلے ان اسباب پر غور کریں کہ کیوں آپ کے شوہر نے آپ پر شک شروع کیا۔ اور حتی الامکان ان کو ختم کریں۔ چاہے وہ حقیقت ہوں یا نہ ہوں۔ مثلاً آپ بہن سے موبائل پر بات کر رہی ہیں۔ آپ کے شوہر شک کرتے ہیں۔ آپ کے شوہر گھر آئے اور آپ کو موبائل پر بات کرتے سنا۔ اس وقت اگر آپ فون بند کر دیں گی تو شک اور بڑھ جائے گا۔ بات کریں اور شوہر کو تصدیق کے لئے سپیکر فون آن (on) کر کے سنا دیں کہ آپ کس سے بات کر رہی ہیں۔ یہ ایک مثال ہے۔ سمجھدار کے لئے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

آپ اپنے مقصد کے لئے دو عمل کریں۔ پہلا عمل یہ ہے کہ درج ذیل آیت کو سات سو مرتبہ چینی پر پڑھ کر دم کریں۔ شوہر کا تصور کرتے ہوئے پڑھنا ہے۔ اول وآخر گیارہ بار درود شریف۔ یہ عمل ہفتہ میں ایک بار کرنا ہے اور کم از کم چار ہفتہ کرنا ہے۔ شوہر کو یہ چینی استعمال کروائیں۔ باقی گھر والے بھی کھالیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ آیت یہ ہے:

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ﴿طٰہٰ: ۳۹﴾

دوسرا عمل یہ کریں کہ تین سو اکتالیس (۳۴۱) مرتبہ ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے یہ پڑھیں:

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

ان شاء اللہ شوہر میں واضح تبدیلی آئے گی۔ آپ بھی شوہر کا دل جیتنے کی کوشش کریں۔ دعا کرتا ہوں اللہ ﷻ آپ کے شوہر کو ھدایت دے اور آپ کو بھی ایک نیک اور فرمانبردار بیوی بننے کی توفیق دے۔ آمین

ماں بیٹے کو والد سے ملنے نہیں دیتی

سوال میری بیوی نے کافی عرصہ قبل مجھ سے خلع لے لیا تھا۔ میرا ایک بیٹا ہے

اور وہ مجھ سے کبھی کبھار ملتا ہے۔ میری بیوی اپنے میکے میں رہتی ہے۔ اس کا خرچہ وہی لوگ اٹھاتے ہیں۔ میرا بیٹا ان سب لوگوں سے بہت ڈرتا ہے۔ اس وجہ سے وہ بہت مشکل سے میرے پاس آتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ایسا عمل کریں جس سے وہ بے چین ہو کر میرے پاس آیا کرے۔ اگر اس کی ماں بھی روکے تو نہ رکے۔ ماں کو روکنے پر تکلیف ہو۔ وہ میرے بیٹے کو کھلی چھٹی دے دے۔ (ع، لاہور)

جواب بھائی! جو مسئلہ آپ نے لکھا ہے، اس کی رو سے بیوی کو اذیت نہیں دی جاسکتی۔ اس کی گنجائش نہیں ہے۔ بیٹا آپ کا بالغ ہے۔ وہ اپنی مرضی کا مالک ہے۔ لیکن باپ سے ملنا بھی ضروری ہے۔ ایک عمل آپ کو دے رہا ہوں۔ پابندی سے کریں۔ ان شاء اللہ، وہ آپ کی طرف کھنچا چلا آئے گا۔ عمل یہ ہے: "یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ" گیارہ سو (۱۱۰۰) بار، اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ گیارہ سیاہ مرچیں لیں اور ہر مرچ پر ایک سو بار پڑھ کر دم کرنا ہے۔ پھر اپنے کام کا تصور رکھ کر ایک ایک مرچ کو چولہے پر رکھیں۔ پھر آگ جلا دیں۔ ان شاء اللہ، گیارہ سے اکیس دن میں آپ کی مراد پوری ہو جائے گی۔

شوہر توجہ دیں اور لڑائی جھگڑا نہ کریں

سوال میری شادی کو بیس سال ہو گئے ہیں۔ میرے شوہر شادی کے دو تین سال تک ٹھیک رہے۔ پھر حالات خراب ہونا شروع ہو گئے۔ ہمارے درمیان لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے۔ کافی عرصے بعد بتایا کہ انہوں نے دوسری شادی کی ہوئی ہے۔ بچے بالکل بگڑ گئے ہیں۔ شوہر کی کوئی توجہ نہیں۔ گھر آتے ہیں، کپڑے تبدیل کر کے نکل جاتے ہیں۔ کچھ بھی نہیں پوچھتے۔ نہ دوائی کو، نہ ضرورتوں کو۔ بچوں پر کوئی توجہ نہیں دیتے۔ ہر وقت ڈانٹ ڈپٹ ہی کرتے رہتے ہیں۔ تھوڑا زیادہ بولوں تو بری طرح مارتے ہیں۔ میں بہت تنگ آ گئی ہوں۔ تعویذ بھی بہت رکھتے ہیں۔ کوئی ہاتھ پر بندھا ہوتا ہے، کوئی گلے میں۔ پرس میں بھی کافی تعویذ ہوتے ہیں۔ 2005ء میں سیہہ کا کانٹا گھر سے نکلا تھا۔ الماری سے استری شدہ سوٹ غائب ہو گیا۔ مٹی کے دیوے کئی جگہ سے ملے۔ دھونے والے کپڑے مشین سے غائب ہو گئے۔ 2005ء سے پہلے بھی کافی کچھ ہوا لیکن صحیح یاد نہیں۔ میری یادداشت بھی کافی متاثر ہو گئی ہے مسلسل ٹینشن کی وجہ سے۔ میں عاملوں سے بہت بدظن ہو گئی ہوں۔ میں بہت جگہ گئی ہوں۔ کوئی پانچ ہزار مانگتا ہے۔ کوئی دس ہزار۔ میں نے بہت پیسے دیئے ہیں مگر کام کہیں سے نہیں ہوا۔ میں یہ چاہتی ہوں کہ وہ بچوں کو وقت دیں۔ لڑائی جھگڑا نہ کیا کریں۔ میرے شوہر کا نام سلیم اور ان کی والدہ کا نام سلامت بی بی ہے۔ میرا نام سلمیٰ اور میری والدہ کا نام حمیدہ بی بی ہے۔ (سلمیٰ، لاہور)

جواب شوہر کی اصلاح کے لئے آپ ہمارے ادارے کا شائع کردہ خاص نمبر "حب و تسخیر نمبر" کا مطالعہ کریں۔ اس میں بہت سے ایسے اعمال ہیں جو آپ کا مقصد پورا کرنے میں معاون ہو سکتے ہیں۔ اس لئے عمل رسالے سے دیکھ لیں۔ اور ایک عمل میں تجویز کرتا ہوں۔ کسی بھی میٹھی چیز پر یہ عمل پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائیں۔ دن میں جتنی بار ممکن ہو، یہ عمل کریں۔

پڑھنے والا عمل:

الٰہی بحرمت جبرائیل، الٰہی بحرمت جبرائیل، الٰہی بحرمت جبرائیل، الٰہی بحرمت محمد مصطفیٰ ﷺ، الٰہی بحرمت ابا بکر صدیق رضی اللہ عنہ، الٰہی بحرمت عمر خطاب رضی اللہ عنہ، الٰہی بحرمت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، الٰہی بحرمت علی کرم اللہ وجہہ، الحب فلاں بن فلانہ علیٰ حب فلانہ بنت فلانۃ۔

پہلے فلاں پر شوہر کا نام معہ والدہ اور بعد میں اپنا نام مع والدہ۔ یہ عمل تین، پانچ یا سات بار پاکی کی حالت میں میٹھی چیز پر دم کر کے استعمال کریں۔

نیز یہ عمل بھی ساتھ ہی کریں۔ ہر رنج و غم سے ان شاء اللہ نجات مل جائے گی۔ سورۂ مؤمن کی آیت ۴۴ کو بعد نمازِ عشاء ایک سو ایک بار پڑھ کر دعا مانگیں۔ اور اس عمل پر مداومت رکھیں یعنی جاری رکھیں۔ دنوں کی قید

نہیں۔ ناغے کے دن چھوڑ کر تین ماہ تک پڑھتی رہیں۔

شوہر بہت شک کرتے ہیں

سوال میری شادی کو بیس سال سے زائد عرصہ ہو چکا ہے۔ میرے شوہر مجھ پر بہت شک کرتے ہیں۔ ان کو شبہ ہے کہ میں بدکردار ہوں۔ اس وجہ سے ہمارے تعلقات بہت خراب ہو چکے ہیں۔ میں بھی تنگ آ گئی ہوں۔ بیس سال کوئی کم عرصہ نہیں ہوتا۔ پھر بھی میرے شوہر کی شک کرنے کی عادت نہیں گئی۔ جب کہ ان بیس سالوں میں کوئی بھی ثبوت ان کو نہیں ملا۔ اور ملتا بھی کیسے؟ جب کہ میں ایسی ہوں ہی نہیں۔

لیکن اب مجھ سے برداشت نہیں ہوتا۔ بچے بڑے ہو گئے ہیں۔ سمجھ دار ہیں۔ ان کے سامنے ایسی ایسی باتیں کر جاتے ہیں کہ میں شرم سے پانی پانی ہو جاتی ہوں۔ مجھے دو طلاق وہ دے چکے ہیں اور دونوں غلط فہمی کی بنا پر دیں۔ بعد میں پتہ چلا کہ بات کچھ بھی نہیں تھی۔ جس شخص کے لیے میں نے اپنی ساری جوانی ضائع کر دی، وہ تو آج بھی مجھ سے خوش نہیں ہے۔ پھر اس کے ساتھ میں مزید گزارا کیوں کروں؟ مہربانی فرما کر کچھ ایسا کریں کہ میرے شوہر مجھ پر شک کرنا چھوڑ دیں۔ ورنہ مجھے طلاق دے دیں۔ میں اب مزید ان کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی۔ (شازیہ، لاہور)

جواب آپ کے حالات پڑھ کر دکھ ہوا۔ سب سے پہلے تو یہی کہوں گا کہ آپ صبر کریں۔ صبر کی جزا اللہ جل شانہ ہی دے گا۔ بیس سال سے زائد عرصہ ہو گیا۔ اولاد بڑی ہو گئی۔ اس وقت طلاق لینے سے سب پر ہی برا اثر پڑے گا۔ بعض لوگوں کی کچھ عادات ایسی ہوتی ہیں، جو بہت مشکل سے جاتی ہیں۔ اگر وقت پر علاج کروایا جائے تو غلط عادات سے نجات مل سکتی ہے مگر اس طرف عموماً والدین کی توجہ نہیں ہوتی۔ نہ ہی خود انسان کی اپنی توجہ ہوتی ہے۔ اس کی بڑی وجہ ہمارے معاشرے میں نفسیاتی علاج کے بارے میں غلط سوچ ہے۔ اور وہ یہ کہ پاگل یا نیم پاگل لوگوں کا ہی نفسیاتی علاج ہوتا ہے۔ حالانکہ آج کل کے پریشان کن حالات میں ہر انسان کسی نہ کسی حد تک نفسیاتی مریض بن چکا ہے۔ مگر نفسیاتی علاج کروانے کے لیے کوئی تیار نہیں۔

آپ کے شوہر ایک نفسیاتی مریض ہیں۔ کوئی جادو یا جنات کا مسئلہ نہیں ہے۔ سب سے بہتر تو یہی ہے کہ کسی طرح ان کو قائل کر کے کسی اچھے ہپنو تھراپسٹ (HypnoTherapist) کو دکھائیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد ہی ان کی شک کرنے کی عادت ختم ہونا شروع ہو جائے گی۔

روحانی علاج کے طور پر یہ اعمال کریں:

۱)..... جب شوہر سو جائیں تو ان کی دونوں بھنوؤں کے درمیان توجہ سے دیکھتے ہوئے ایک سو بار "یَالَطِیْفُ" پڑھیں اور پھر دور سے ہی دم کر کے کہیں کہ "جب آپ سو کر اٹھیں گے تو اپنی بیوی پر بھرپور اعتماد کریں گے۔" اس عمل کو تین ماہ لگاتار کریں۔ کبھی شوہر موجود نہ ہوں یا آپ جلدی سو جائیں اور ناغہ ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔ یہ عمل ضروری نہیں کہ رات میں ہی کیا جائے۔ اگر دن میں شوہر سوتے ہوں تو اس وقت بھی کر سکتی ہیں۔ شوہر کا گہری نیند میں ہونا ضروری ہے۔

۲)..... کوئی وقت مقرر کر کے روزانہ گیارہ سو بار "یَالَطِیْفُ" پڑھ کر پانی اور چینی پر دم کریں اور شوہر کو استعمال کروائیں۔ گھر میں کوئی اور بھی استعمال کر لے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ اس عمل کو بھی اوپر والے عمل کے ساتھ جاری رکھیں۔

ناغے کے دنوں میں بھی یہ عمل کرتی رہیں۔ ان شاء اللہ، حالات میں بہتری آئے گی۔

بیوی کی وجہ سے گھر کا سکون ختم ہو گیا ہے

سوال میری اہلیہ کی میری والدہ اور بھابھی سے بالکل نہیں بنتی۔ خاص طور پر بھابھی سے بہت زیادہ نفرت کرتی ہے۔ اور میرے بھائی کو بھی ہر وقت بد دعائیں دیتی رہتی ہے۔ اس سلسلے میں میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ گھر کا سکون ختم ہو چکا ہے۔ گھر جانے کو دل نہیں کرتا۔ بیوی کو چھوڑ بھی نہیں سکتا

کیونکہ بچے ہیں، ان کا کیا ہوگا؟ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں اور اس مصیبت سے مجھے نجات دلائیں۔ (ع، لاہور)

جواب بھائی! بہتر تو یہ ہے کہ آپ باقاعدہ روحانی تشخیص کروائیں تاکہ اصل وجوہات سامنے آسکیں۔ تشخیص کے لیے آپ بروز اتوار ادارے میں تشریف لے آئیں۔ شام ۴ تا ۷ بجے۔ ان شاء اللہ مکمل رہنمائی کر دی جائے گی۔ جب تک آپ کا ادارے میں آنا نہ ہو، ان دو وظائف کو کریں۔

(۱) سورۂ مزمل ایک بیٹھک میں اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔ تین دن لگاتار یہ عمل کرنا ہے۔ اول و آخر درود تنجینا گیارہ بار پڑھیں۔ ایک وقت اور ایک جگہ مقرر رکھیں۔ وظیفہ ختم ہونے کے بعد دو رکعت نفل پڑھیں اور اس میں صلوۃ التوبہ، صلوۃ الشکر اور صلوۃ الحاجت کی نیت کریں۔ نفل میں ایک سے زائد نیت کرنا جائز ہے۔ سلام پھیر کر پہلے اپنے گناہوں سے توبہ کریں، پھر اللہ ﷻ کی نعمتوں کا شکر ادا کریں اور آخر میں اپنی مشکلات کے لیے دعا مانگیں۔ تین دن بعد دوسرا وظیفہ شروع کر دیں۔

(۲) وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الْحِجْرِ: ۴۷﴾

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ بار درج بالا آیت کو پڑھ کر اپنی اہلیہ کا تصور کر کے آسمان پر پھونک مار دیا کریں۔ اول و آخر ایک بار درود شریف۔ کم از کم اکیس یوم یہ عمل کریں۔ پھر بتائیں۔

بیٹا بیوی سے صحیح طرح بات کرے

سوال ڈاکٹر صاحب! میرا بیٹا اپنی بیوی سے صحیح طرح بات نہیں کرتا۔ میں چاہتی ہوں کہ وہ اپنی بیوی سے اچھا سلوک کرے اور صحیح طرح بولے۔

(سلمیٰ بشیر، سیالکوٹ)

جواب اس کے لئے آپ اپنی بہو کو کہیں کہ وہ اپنے خاوند کی بات پر اعتراض نہ کریں اور نہ ہی آگے سے بولیں۔ اگر یہ وہ کام کر سکتی ہیں تو پھر یہ وظیفہ کر لیں: ''یالطیف یاودود'' کو 313 مرتبہ چینی پر پڑھ کر روزانہ یہ چینی کسی طرح اپنے خاوند کو کھلا دیا کریں۔ یاد رکھیں کہ تالی دونوں ہاتھوں سے ہی بجتی ہے۔ بیوی کو بھی چاہیئے کہ اپنی غلطیوں کو سدھارے۔

میاں بیوی میں جدائی

سوال ایک شخص نے عمل کر کے ایک لڑکی سے شادی کر لی ہے۔ اس شخص کے پیچھے ایک عامل ہے جس کا نام پیر محمد ہے۔ لڑکی اب بہت پریشان ہے۔ وہ شخص بہت ظالم ہے۔ کچھ ایسا کر دیں کہ ان دونوں میں جدائی ہو جائے۔

(حسن، لاہور)

جواب شادی چاہے عمل کے زور پر ہو، جادو کے زور پر ہو یا کچھ بھی ہو، حقیقت میں اللہ ﷻ کی مرضی سے ہی ہوتی ہے۔ جادوگر عمل کر سکتے ہیں، اس عمل میں اثر اللہ ﷻ کی مرضی سے ہی ہوتا ہے۔ اور شادی ہوتے کے بعد جدائی کا عمل کرنا صرف اسی وقت مناسب ہے، جب کوئی معتبر مفتی تحریری فتویٰ دیں۔ ورنہ میری طرف سے معذرت ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ طلاق کروانے کے اعمال ہوتے ہیں لیکن شریعت کی اجازت لازمی ہے ورنہ میں عمل کرنا جائز نہیں سمجھتا۔

علیحدگی ہوگی یا نہیں؟

سوال میرا میرے خاوند سے علیحدگی کا معاملہ چل رہا ہے۔ میرے گھر والے زبردستی خلع دلوا رہے ہیں۔ میں نہیں چاہتی کہ خلع ہو لیکن میں مجبور ہوں۔ میں یہ چاہتی ہوں کہ دونوں فیملیز کے دل نرم ہو جائیں کیونکہ سختی دونوں طرف سے ہی بہت ہو رہی ہے اور بالکل بھی دل نرم نہیں ہو رہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ علیحدگی ہوگی یا نہیں؟ دونوں فیملیز کے دل نرم ہو جائیں گے یا نہیں؟ (اہلیہ سلیم بیگ، اسلام آباد)

جواب سب سے پہلے تو یہ اچھی طرح سمجھ لیں کہ جس بھی طریقے سے بتایا جاتا ہے کہ مستقبل میں کیا ہوگا، وہ یقینی نہیں ہوتا۔ اس پر سو فیصد یقین کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ کیونکہ سو فیصد اللہ ﷻ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

میرا مشورہ ہے کہ مستقبل جاننے کے لئے کسی حساب لگوانے کی بجائے

آپ اللہ جل جلالہ سے ہی پوچھیں۔ درج ذیل عمل کریں۔ یہ ہمارے روزانہ کے معمولات میں سے ہے۔ ان شاء اللہ جو مستقبل میں ہوگا، اس کی جھلک آپ کو نظر آ جائے گی یا بہت واضح خواب آ جائے گا۔

رات کو سونے سے قبل دو رکعت نفل پڑھیں۔ پھر سلام پھیر کر اول گیارہ بار درود شریف اور آٹھ سو بارہ (812) بار "یَا خَبِیْرُ" پڑھیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ لیں اور دعا مانگ لیں کہ اللہ جل جلالہ آپ کو خواب میں واضح دکھا دیں۔ وظیفہ پڑھتے وقت بھی اپنے سوال پر ہی دھیان دیں۔

پھر کسی سے بات کئے بغیر باوضو پاک بستر پر سو جائیں۔ جب تک نیند نہ آئے، "یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ" پڑھتی رہیں۔ ان شاء اللہ ایک سے تین دن میں خواب کے ذریعے جواب مل جائے گا۔

کمرے میں کوئی بت یا جاندار کی تصویر نہ ہو۔ عمل پڑھنے کے بعد کوئی کام نہیں کرنا، سو جانا ہے۔ بہتر ہے کہ ایسے کمرے میں عمل کریں جس میں ٹی وی نہ چلتا ہو اور نہ ہی کسی قسم کا گانا بجانا ہوتا ہو۔

شوہر کی ناانصافیاں

سوال میری شادی کو کئی سال ہو گئے ہیں مگر خاوند نے ایک دن بھی ساتھ نہ دیا۔ بلکہ ہمیشہ میرے سسرال والوں کی ہی سنی۔ اس کے لئے مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں جس سے خاوند میری طرف داری کریں۔ (بیگم علی، لاہور)

جواب افسوس ہے اس بات پر کہ "ایک دن بھی خاوند نے آپ کا ساتھ نہیں دیا"۔ یقین تو نہیں آتا کیونکہ عورتیں عموماً اپنے خاوند کے بارے میں ایسے الفاظ استعمال کرتی ہیں تاکہ دوسرے کا دل نرم ہو جائے۔ اگرچہ حقیقت اس کے برعکس ہوتی ہے۔ خاوند چاہے جو بھی کرے، مگر بیوی کی مرضی کے خلاف چلے تو ایسا ہی سننے کو ملتا ہے۔ خیر اگر واقعی وہ آپ کے خلاف جاتے ہیں تو اس کے لئے "یَاوَدُوْدُ" شوہر کا تصور رکھ کر کھلا ورد کریں۔ یعنی جتنا ممکن ہو ہر وقت پڑھتی رہیں۔ جو بھی کھانے پینے کی چیز ہو، اس پر دم کرتی رہیں۔ اکیس یا چالیس یوم پڑھیں۔

ان شاء اللہ آپ کے شوہر آپ کے ایسے مسخر ہوں گے کہ ہر جائز حق آپ کو دیں گے اور ہر حق بات پر آپ کو ناحق نہیں کہیں گے۔ اس کی اجازت صرف آپ کو ہے۔ کوئی دوسرا اس عمل کو نہ کرے۔

نوٹ شوہر کی تسخیر کرنا شرعاً حرام ہے۔ اس لئے اس وظیفہ میں یہ نیت رکھیں کہ اتنی تسخیر مطلوب ہے کہ جس سے وہ آپ کے شرعی حقوق پوری طرح ادا کریں۔ اس سے زائد کو سوچیں بھی نہیں کیونکہ میری طرف سے اس کی بالکل اجازت نہیں۔

شوہر بہت غصہ کرتے ہیں

سوال میری شوہر ہر وقت بہت غصہ کرتے ہیں۔ پہلے ایسے نہیں تھے۔ جب سے ان کو نوکری سے نکالا ہے تو اس کے بعد سے ایسے ہو گئے ہیں۔ میں شدید اذیت میں مبتلا ہو گئی ہوں۔ کسی کا بھی لحاظ نہیں کرتے اور سب کے سامنے ذرا سی بات پر بہت بے عزت کرتے ہیں۔ مہربانی فرما کر مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں جس سے خاوند کا غصہ ختم ہو جائے۔ (بیگم عمران، لاہور)

جواب خاوند کا غصہ ختم کرنے کی بجائے ناجائز غصہ ختم کرنے کی نیت کر کے یہ آیت ایک سو ایک (۱۰۱) بار اکیس (۲۱) دن تک چینی پر پڑھ کر شوہر کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ، شوہر کا ناجائز غصہ ختم ہو جائے گا۔

وَالْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ (آل عمران: ۱۳۴)

اَفَحَسِبْتُمْ (سورۃ مومنون کی آخری آیات) کے عامل بنیں اور بے شمار فوائد حاصل کریں

تعارف: سورۂ مومنون کی آخری آیات بے شمار خصوصیات کی حامل ہیں۔ عاملین میں کم ہی عامل اس عمل کے بڑے درجے کے عامل گذرے ہیں۔ اس عمل کی سب سے زیادہ ضرورت جنات، آسیب وشیاطین کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کو ہوتی ہے۔ اس عمل سے بہت سے کام لیے جاسکتے ہیں۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ خواتین کو اس عمل کی عاملہ ضرور بننا چاہیے کیونکہ گھر اور سسرال میں کئی مواقع ایسے آتے ہیں، جس میں اس عمل کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

سیکھنے کی اہلیت: اس عمل کو سیکھنے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ محض اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے: اس عمل کا عامل بننے کے مختصر فائدے درج ذیل ہیں:

ہر طرح کے جنات اور سایہ کے مریضوں کا علاج	جناتی اور شیطانی اثرات سے نجات	جناتی بدنظری کا شکار گھرانے کا علاج
جنات کو ہم کلام کرنا	جنات کی حاضری کرنا اور حاضری سے نجات	شیطان کو منہ توڑ جواب
جنات کے تنگ کرنے سے نجات	جنات سے جگہ خالی کرانا	گھریلو لڑائی جھگڑے اور بے سکونی سے نجات
مریض کے جسم میں بداثرات حاضر کر کے جلانا	جان لیوا بیماریوں کا علاج	دردوں کا علاج
کینسر کا علاج	مشکلات سے نجات	جائز مقاصد کا حصول
ہر قسم کے حادثات، خطرات سے حفاظت	سسرالی مسائل سے نجات	اور بہت کچھ

کون عامل بن سکتا ہے؟: اس عمل کا ہر کوئی عامل بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین...... دونوں عامل بن سکتے ہیں۔

عمل کی فیس: فیس کی تفصیل درج ذیل ہے:

...... پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں صرف خزینۂ روحانیات کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اسے ہر کوئی کرسکتا ہے۔ اس کا فائدہ اپنی ذات اور صرف اپنے گھر والوں کو پہنچایا جاسکتا ہے۔ اجازت کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔

...... دوسرے اور تیسرے درجے کی زکوٰۃ کا ہدیہ ایک ہی ہے۔ ہدیہ: 3100 روپے

...... باقی تین درجوں کی زکوٰۃ کا ہدیہ الگ الگ ہے۔ یہ درجے صرف اور صرف عاملین کے لیے ہیں۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کرسکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

سورۃ اخلاص کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: سورۃ اخلاص بے شمار خصوصیات کی حامل سورت ہے۔ روحانی معالجین و عاملین اور روحانیت سے تعلق رکھنے والے ہر شخص کو اس سورۃ کا عامل لازمی ہونا چاہئے۔ اس سورۃ کا خاص اثر یہ ہے کہ اس کی برکت اور تاثیر سے روحانی معالج و عامل کے دیگر تمام اعمال میں زبردست طاقت، قوت، مضبوطی اور تیزی پیدا ہو جاتی ہے۔ روحانی معالجین و عاملین کے علاوہ ہر شخص کو اس سورت کا عامل ہونا چاہیے۔ کوئی بھی جائز مقصد ایسا نہیں، جو اس کے دائرہ کار میں نہ آتا ہو۔ خواتین کو اس سورت کی عاملہ ضرور بننا چاہیے کیونکہ گھر اور سسرال میں کئی مواقع ایسے آتے ہیں، جس میں اس عمل کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کیسے سیکھا جائے: اس سورت کا عامل بننے کے لیے چلہ کرنا شرط ہے۔ محض اجازت سے یہ عمل مکمل طور پر جاری نہیں ہوتا۔

عمل کے فائدے درج ذیل ہیں

......روحانیات میں ترقی و عروج حاصل ہو	......جادو جنات کا علاج اور حفاظت	......ظالم و کافر کو مغلوب کرنے کا عمل
......کشائش رزق کے لیے مجرب	......روزگار کے مسائل کا حل	......جان لیوا بیماریوں کا علاج
......دشمنوں کے مسائل کا حل	......جائیداد اور مقدمات کے مسائل کا حل	......تسخیر خلائق میں بہترین
......من پسند شادی	......شادی کے تمام مسائل کا حل	......جائز محبت کے لیے مجرب ترین
......زوجین کے مسائل کا حل	......سسرال کے تمام مسائل کا حل	......اولاد کی نافرمانی کا حل
......ہر جائز مقصد کا حصول	......ہر مشکل و پریشانی سے نجات	......اور بہت کچھ

کون عامل بن سکتا ہے: اس عمل کا ہر کوئی عامل بن سکتا ہے۔ عمر کی کوئی قید نہیں۔ مرد و خواتین...... دونوں عامل بن سکتے ہیں۔

عمل کی فیس: فیس کی تفصیل درج ذیل ہے:

......پہلے درجے کی کوئی فیس نہیں صرف خزینۂ روحانیات کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ یہ عمل ہر کوئی کر سکتا ہے۔ اس کا فائدہ اپنی ذات اور صرف اپنے گھر والوں کو پہنچایا جا سکتا ہے۔ خزینۂ روحانیات کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی درسگاہ ارسال کریں۔

......دوسرے اور تیسرے درجے کی زکوٰۃ کا ھدیہ ایک ہی ہے۔ ھدیہ 4100 روپے

......مزید تین درجوں کی زکوٰۃ کا ھدیہ الگ الگ ہے۔ یہ درجے صرف اور صرف عاملین کے لیے ہیں۔ یہ سب بڑی منزلیں ہیں۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بغیر اجازت عمل کسی کو سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

قیمت 150 روپے

عطر حفاظت

قرآنی آیات، اسماء الحسنیٰ، درود شریف اور عاملین کے مخصوص اعمال کا دم شدہ خاص حفاظت کا عطر، جس کو استعمال کرنے سے درج ذیل سے حفاظت ہوگی (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔

* جنات * جادو * شیاطین * آسیب * جادوگر * نظر بد * حاسدوں کے شر * بم بلاسٹ * قتل و غارت * اغوا * سفر کے حادثات * ناگہانی آفات و مصائب * زمینی و آسمانی حادثات وغیرہ۔ عاملین حضرات کے لیے خاص تحفہ ہے۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

ruhanishop | 0346-4312272 | 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 / 0334 4312272 | ruhani.shop | ruhani-shop

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

عطر تسخیر

قیمت: 250 روپے

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بار آور ہوئیں اور روحانی دکان دارالعمل چشتیہ کی جانب سے "**عطر تسخیر**" تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی و محبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت و کشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ باآسانی کر سکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست، احباب، عزیز و اقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ "**عطر تسخیر**" سریع التاثیر ہے۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

عاملین حضرات ہول سیل ریٹ پر منگوائیں

0346-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ | ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 / 0334 4312272 | ruhani.shop | ruhani-shop

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

قیمت 200 روپے

عطرِ حاضری

جنات و آسیب کے متاثرہ ایسے مریض، جن کے اندر یہ مخلوق حاضر ہوتی ہو، ان کو حاضر کرنے کے لئے خاص دم کیا ہوا عطر ہے۔ تھوڑا سا عطر مریض کی انگلی پر لگا کر اس کے ناک کے سوراخوں پر مل دیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد تنگ کرنے والی مخلوق مریض کے اندر حاضر ہو جائے گی۔ عامل تنگ کرنے والے جنات و آسیب کو حاضر کرنے کے لئے جو عمل کرنا چاہے، وہ کرتا رہے۔ یہ عطر، جنات و آسیب کو مریض کے جسم میں حاضر کرنے کے لئے بہت معاون ثابت ہوگا۔

ruhanishop | 0346-4312272 | 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 / 0334 4312272 | ruhani.shop | ruhani-shop

العارف شہد کے نایاب شفاء بخش شہد

۱ پلوسہ / پھلائی کا شہد

قیمت: 800 روپے کلو

یہ شہد پلوسہ کے پودے سے حاصل کردہ ہے۔ اس کے گاڑھے پن کی وجہ سے اس کو باآسانی کشید نہیں کیا جا سکتا۔ یہ مائع کی صورت میں کافی عرصہ تک رہ سکتا ہے اور اس کا جمنا قدرتی عمل ہے۔ اس میں قدرتی طور پر تین اقسام کے ایسڈ پائے جاتے ہیں جو انسانی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس شہد کا مشروب بھی بنایا جا سکتا ہے، جبکہ ناشتے میں اس کا استعمال نہایت مفید ہے۔

۲ بیری کا شہد

قیمت: 2200, 2000, 1400 روپے کلو

یہ شہد بیری کے پودے سے حاصل کیا جاتا ہے۔ جو ایک پرتعیش شہد مانا جاتا ہے۔ یہ شہد انسان کے اعصابی نظام کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ انسانی جسم میں پیدا ہونے والی گیسوں کو بھی کم کرتا ہے۔ جبکہ اس شہد کے استعمال سے معدے کا السر، الرجی اور جوڑوں کے درد سے نجات ملتی ہے۔ اس شہد کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اس کو ادویات میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

۳ اجوائن کا شہد

قیمت: 1200 روپے کلو

یہ شہد اجوائن کے پودے سے حاصل کردہ شہد ہے جو کہ نظام ہضم کے ساتھ جسم کے دیگر افعال کو بھی درست کرتا ہے۔ یہ ذائقہ کے اعتبار سے بے مثل و بیش قیمت ہے۔ کیونکہ اس کی نایاب خوشبو اور ذائقہ منفرد ہے۔ بالکل نیا موسم سرما کا شہد۔ سوات کے علاقے سے حاصل کیا گیا بیش قیمت شہد۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

شادی سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

بیٹیوں کی شادیاں ہوں

سوال میری تین بیٹیاں ہیں۔ ان کی شادی کا مسئلہ ہے۔ بڑی کی منگنی ہو کر ٹوٹ گئی۔ آپ سے گذارش ہے کہ کوئی عمل پڑھنے کو بتادیں تاکہ اللہ تعالیٰ ہمارا مسئلہ حل کردے۔ (محل نواز، پوشیدہ)

جواب ہر بدھ کو یا ہر جمعہ کے دن بعد نمازِ عصر باوضو سورۂ یوسف کی تلاوت کی جائے۔ لڑکی خود پڑھ لے یا گھر کا کوئی فرد پڑھ لے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی کوئی مناسب رشتہ ہو جائے گا۔

من پسند رشتہ

سوال میرے گھر والے جس لڑکے کو میں پسند کرتی ہوں، اس سے شادی کے لئے نہیں مانتے۔ لڑکا رشتہ بھی بھجوا چکا ہے۔ پہلے راضی تھے مگر اب نہیں مان رہے۔ آپ مہربانی فرما کر میری اس سلسلے میں مدد فرمائیں۔ مجھے استخارہ کرنے سے ڈر لگتا ہے کیونکہ میں اس کو کھونا نہیں چاہتی۔ (پوشیدہ)

جواب آپ ایسے کام کے پیچھے پڑ رہی ہیں جس کا کسی کو انجام پتہ نہیں۔ آپ کو استخارہ سے ڈر لگتا ہے، یہ بڑی عجیب بات ہے۔ استخارہ تو اللہ تعالیٰ سے مشورہ کرنا ہے اور اس سعادت سے محرومی بہت بری بات ہے۔ آپ مسلمان ہیں اور یہ آپ کو اچھی طرح پتہ ہے کہ اللہ کی مرضی نہ ہو تو کوئی بھی عمل یا وظیفہ کارگر نہیں ہوتا۔ خیر آپ چاہتی ہیں تو میں وظیفہ آپ کو دے دیتا ہوں۔ قبول کرنا یا نہ کرنا تو اللہ تعالیٰ ہی کی مرضی ہے۔ عشاء کے بعد یا تہجد کے وقت گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا گو ہوں۔ مدت عمل اکیانوے (۹۱) دن ہے۔ دعا یہ ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزِّ وَالْکِبْرِیَاءِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ

اچھی جگہ رشتہ ہو جائے

سوال میرے والدین میرے لئے رشتہ ڈھونڈ رہے ہیں کہ کہیں اچھی جگہ ہو جائے۔ اس مقصد کے لئے ہمیں آپ کی نصیحت کی ضرورت ہے۔ مجھے کچھ پڑھنے کے لئے بتائیں۔ آپ نے میرے کسی جاننے والی کو سورۃ ال عمران کی ایک آیت پڑھنے کے لئے کہا تھا۔ تو کیا میں بھی یہ پڑھ لوں؟ (سدرہ، نامعلوم)

جواب سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ جب ''ایاک نعبد و ایاک نستعین'' پر پہنچیں تو اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر سورت پوری کرے اور پانی پر دم کرے۔ اسی طرح گیارہ (۱۱) بار یہ سورت پڑھے اور ہر بار پانی پر دم کرے۔ اور یہ پانی تین گھونٹ میں آپ پی لیں۔ عمل کی مدت چالیس (۴۰) روز ہے۔ ان شاء اللہ آپ کا کسی اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

رشتہ کا مسئلہ

سوال ہم چاہتے ہیں کہ ہماری بہن کے لئے کوئی اچھا سا رشتہ مل جائے۔ آپ اس کے لئے دعا بھی کیجئے اور ہمیں مشورہ بھی دیجئے گا۔ (پوشیدہ)

جواب انسان کا کام تدبیر کرنا ہے۔ نتیجہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دینا چاہئے۔ پابندی سے اس عمل کو کریں۔ اگر وہ خود پڑھیں تو حیض سے فارغ ہوتے ہی شروع کر دیں۔ مکمل تسمیہ ایک بار پڑھ کر تین سو تیرہ (۳۱۳) بار بعد نماز عشاء اس آیت کو پڑھنا ہے: قل ان الفضل بید اللہ...... ذو الفضل العظیم (ال عمران)۔ کم از کم مدت عمل 21 روز ہے۔

رشتہ کے لیے راضی کرنا

سوال میری بہن جہاں شادی کرنا چاہتی ہیں، اس لڑکے کی بہن راضی نہیں، اس کیلئے کچھ پڑھنے کو بتادیں۔ (سلمیٰ، کراچی)

جواب لڑکے کی بہن کو راضی کرنے کے لئے آپ 1100 بار "سلم قولا من رب رحیم" پڑھیں۔ وظیفہ پڑھتے وقت لڑکی کی بہن کا کامل تصور رکھیں اور اختتام پر ان پر دم کر کے دعا مانگ لیں۔

بیٹی کے لیے رشتہ کیسا رہے گا؟

سوال میری بیٹی کے لیے رشتہ آیا ہے۔ لڑکے کا نام اور والد کا نام معلوم ہے، والدہ کا نہیں۔ لاہور کے رہنے والے ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ آپ بتائیں کہ یہ رشتہ میری بیٹی کے لیے کیسا رہے گا؟ (ش۔ لاہور)

جواب محترمہ! سب سے پہلے تو یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ میں جو رشتہ کے بارے میں دیکھتا ہوں، وہ روحانی مشورہ کہلاتا ہے، نہ کہ استخارہ۔ استخارہ صرف اور صرف اللہ ﷻ سے ہی مشورہ کرنے کو کہتے ہیں۔ میرے روحانی مشورے میں یہ رشتہ مناسب ہے یعنی تعریف کے لائق نہیں اور بہتر بھی نہیں کہہ سکتے۔ مزید آپ استخارہ کر لیں۔ اور آئندہ اس بات کا خیال رکھیں کہ درست طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ایک بار ملاقات کی جائے۔ اس ملاقات میں جو ضروری باتیں لڑکے کے بارے میں معلوم کرنی ہیں، وہ کر لیں۔ دوسری طرف لڑکے والے بھی لڑکی کو دیکھ لیں اور معلومات لے لیں۔ پھر اگر لڑکے والوں کی طرف سے مثبت جواب آئے تو مزید آگے بڑھیں۔

اگر آپ کے دل کا اور لڑکی کا میلان اس رشتہ کی طرف نہیں تو بات ختم۔ اگر ہے تو پھر استشارہ کرنا چاہیے یعنی مشورہ۔ مشورہ اپنے رشتہ داروں سے کریں، بڑوں سے کریں۔ اسی میں روحانی مشورہ بھی داخل ہے۔ اگر استشارہ میں انکار ہو جائے تو پھر استخارہ کی کوئی ضرورت نہیں۔ اگر ہاں ہو جائے، تو پھر استخارہ کی طرف جائیں۔ بغیر ملاقات کیے، روحانی مشورہ کرنا بھی درست نہیں۔

دو (۲) بار منگنی ٹوٹ گئی

سوال میری عمر ۲۲ سال ہے۔ دو بار منگنی ہو کر ٹوٹ گئی ہے۔ میری راہنمائی کریں تاکہ میری اب منگنی ہو کر نہ ٹوٹے اور بغیر کسی مشکل کے نکاح ہو جائے۔ (ماریہ۔ اسلام آباد)

جواب محترمہ! آپ اپنی روحانی تشخیص کروائیں تاکہ واضح ہو سکے کہ آپ پر کسی قسم کے برے اثرات تو نہیں۔ میری تشخیص میں جادو کا معاملہ ہے اور صرف آپ کے رشتہ پر ہی ہے۔ لیکن بہت زیادہ خطرناک نہیں۔

آپ درج ذیل دو اعمال پابندی سے کریں۔ ان شاء اللہ، بندش کا معاملہ ختم ہوگا۔ جتنے دن آپ عمل کریں، شادی کے سلسلے میں کسی کو گھر نہ بلائیں۔ جس دن پاکی کا غسل کریں، اسی دن سے یہ اعمال شروع کریں۔

۱)......روزانہ وقت مقرر پر سورۃ طٰہٰ ایک بار روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر اور پانی پر دم کریں۔ پانی پینا ہے اور روزانہ صبح وشام دم شدہ پانی سے پاک جگہ پر اپنا چہرہ دھونا ہے۔ اس عمل کو مسلسل اکیس یوم تک کرنا ہے۔

۲)......ستمبر 2014 کے ماہنامہ خزینۂ روحانیات میں اکیس یوم میں بندش ختم کرنے کا عمل ہے۔ جس دن آپ درج بالا عمل کا آغاز کریں، اسی دن اس عمل کا بھی آغاز کریں۔

ان شاء اللہ، اکیس یوم میں بندش ختم ہو جائے گی۔

بیٹی کے رشتہ کے لیے استخارہ اور وظیفہ

سوال میری بیٹی کے تین رشتے ایسے آئے ہیں کہ وہ تینوں ہمیں پسند ہیں۔ میں آپ کو ان لڑکوں کے نام اور ان کی والدہ کے نام بھجوا رہی ہوں۔ آپ استخارہ کر دیں کہ کون سا رشتہ زیادہ بہتر ہے۔ اور کوئی وظیفہ بھی عنایت فرما دیں تاکہ جلد اور آسانی سے شادی ہو جائے۔ (ع۔ لاہور)

جواب تینوں سے ہی رشتہ اچھا آ رہا ہے۔ آپ تینوں طرف بات چلائیں۔ جس طرف اللہ جل جلالہ کو منظور ہوگا، ہو جائے گا۔ تینوں میں جو پہلے آپ کی طرف آئیں، بہتر ہے کہ ان کے جواب تک دوسرے کو نہ بلائیں۔

وظیفہ "یالطیف" گیارہ سو (۱۱۰۰) بار چالیس (۴۰) یوم کریں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ رشتہ طے بھی ہو جائے تو چھوڑنا نہیں ہے۔ حیض کے دنوں میں بھی وظیفہ پڑھنا ہے۔

بیٹی کا رشتہ نہیں آتا نہ ہی کوئی سہیلی ہے

سوال میری بیٹی کا نام ثمری ہے۔ اس کی عمر بیس سال ہے۔ مجھے ایسے لگتا ہے کہ اس کے گرد کوئی حصار سا ہے۔ اس کا کوئی دوست نہیں بنتا۔ وہ پنجاب یونیورسٹی میں پڑھتی ہے، لیکن اس کی اپنی کلاس میں کسی سے نہیں بنتی۔ اس کا کوئی رشتہ بھی نہیں آتا۔ میں اس لڑکی کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (مسز طارق، لاہور)

جواب دو عمل لکھ رہا ہوں۔ پابندی سے کریں۔ ان شاءاللہ رشتہ بھی ہو جائے گا اور خود شادی کے بعد تبدیلی بھی آئے گی۔ بہتر ہے کہ آپ اس کو کسی اچھے سائیکولوجسٹ کو بھی دکھائیں۔ آپ چونکہ لاہور میں رہتی ہیں۔ اس لئے میرا مشورہ ہے کہ پنجاب یونیورسٹی کے کلینکل سائیکولوجی ڈیپارٹمنٹ میں جا کر بیٹی کو دکھائیں۔ بہت کم فیس ہے اور وہاں زیادہ لڑکیاں ہی ہیں۔ اس لئے بیٹی کو مسئلہ بھی نہیں ہوگا۔ عمل یہ ہیں:

۱)......روزانہ چار رکعت نفل پڑھ کر تین سو ساٹھ مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف۔ پھر پڑھنے کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اپنے مقصد کی رو کر دعا کریں۔

۲)......شادی کے لئے یہ عمل کریں

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿الانبیاء:۸۹﴾

عشاء کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ اس آیت کو پڑھیں۔ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف۔ اس عمل کو مسلسل چالیس یوم کریں۔ ان شاءاللہ اس کے درمیان میں ہی کہیں اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔ دنیاوی تدابیر جاری رکھیں۔

بچی کا کوئی دوست نہیں بنتا اور نہ رشتہ آتا ہے

سوال میری بچی کی عمر بیس سال ہے۔ اس کے گرد پتہ نہیں کون سا حصار ہے کہ کوئی دوست نہیں بنتا۔ یونیورسٹی میں بھی کوئی دوست نہیں ہے۔ رشتہ بھی کوئی نہیں آتا۔ میں اس سلسلے میں بہت پریشان ہوں۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (فریحہ، لاہور)

جواب آپ کی بچی کے ساتھ جنات کا معاملہ ہے۔ میری رائے ہے کہ کسی اچھے قریبی عامل کو دکھائیں۔ خود پڑھ کر علاج کرنے سے گریز کریں۔ جو جن مسلط ہے، وہ خبیث قسم کا ہے۔ بہت نقصان دے سکتا ہے۔

تین بہنیں ہیں مگر شادی کسی کی نہیں ہوئی

سوال ہم تین بہنیں ہیں۔ ہم میں سے کسی کی اب تک شادی نہیں ہوئی۔ میری عمر تو اب زیادہ ہو گئی ہے مگر مجھے اپنی دو بہنوں کی فکر ہے۔ مہربانی فرما کر کچھ ایسا کریں کہ جلد از جلد میری بہنوں کی شادی ہو جائے۔ پہلے رشتے آتے تھے، اب تو رشتہ بھی نہیں آتے۔ (نورین، لاہور)

جواب ایک مجرب وظیفہ لکھ رہا ہوں۔ پابندی سے کریں اور جیسا لکھا ہے، ویسا ہی کریں۔ ان شاءاللہ، مقصد حاصل ہوگا۔

یہ وظیفہ اس وقت شروع کرنا ہے، جس دن حیض سے پاکی کا غسل کیا ہو۔ کوئی ایک وقت مقرر کر کے سورۂ طٰہٰ ایک بار پڑھنی ہے، اول و آخر تین تین بار درود شریف۔ رشتہ ہونے میں ہر طرح کی رکاوٹ دور ہونے کی دعا کریں۔ پانی پر دم کر کے اس پانی سے پاک جگہ پر چہرہ دھونا ہے اور یہی پانی پینے میں سارا دن استعمال کرنا ہے۔

دوسرا وظیفہ یہ ہے کہ کوئی وقت مقرر کر کے سورۂ احزاب ایک بار پڑھیں، اول و آخر تین تین بار درود شریف۔ کسی اچھی جگہ رشتہ ہونے کی دعا کریں۔

یہ دونوں وظائف مسلسل اکیس یوم کرنے ہیں۔ ایک ماہ میں کام نہ ہو تو دوبارہ کریں۔ ان شاءاللہ، تین بار سے زیادہ کی نوبت نہیں آئے گی۔

اچھی جگہ رشتہ ہو جائے

سوال کافی زیادہ رشتے دیکھے، مگر کہیں بات نہیں بنی۔ پتہ کروایا تو بندش کا معاملہ نکلا۔ آپ کے ادارے سے علاج کروایا۔ الحمدللہ بندش اب ختم ہو چکی ہے۔ دوبارہ کراچی میں بھی پتہ کروایا ہے اور اللہ کا شکر ہے کہ بندش نہیں

ہے۔ اب میں چاہتا ہوں کہ میرا کسی اچھی جگہ رشتہ جلد طے ہو جائے۔ اس کے لیے مجھے کچھ پڑھنے کو بتادیں۔ (س، کراچی)

جواب اللہ جل جلالہ کا شکر ہے کہ بندش کا معاملہ ختم ہوا۔ بندش ختم کیے بغیر عموماً وظائف کا فائدہ بھی نہیں ہوتا۔ آپ ۲۱ یا ۴۰ یوم تک بلاناغہ ستر (۷۰) بار اللہ جل جلالہ کے یہ دو اسم پڑھیں یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ

اول و آخر تین تین بار درود شریف۔ اور دعا مانگ لیا کریں۔ ان شاء اللہ، کسی اچھی جگہ بات طے ہو جائے گی۔

رشتہ کیسا ہے؟

سوال میرے بھائی کے لیے ایک رشتہ آیا ہے۔ لڑکی کا نام معہ والدہ اور پتہ آپ کو بھیج رہی ہوں۔ مہربانی فرما کر دیکھ لیں کہ یہ لڑکی میرے بھائی کے لیے کیسی رہے گی؟ کیا یہ لوگ تعویذ وغیرہ کروانے والے تو نہیں؟ اس لڑکی کا مزاج کیسا ہے؟ (ث، لاہور)

جواب جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے کہ کیسی رہے گی تو اس کا جواب استخارہ کرنا ہے۔ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ کیسی رہے گی۔ ہم تو روحانی علم سے اپنی رائے دے سکتے ہیں نہ کہ مستقبل بتا سکتے ہیں۔ میرے حساب میں لڑکی بہت اچھی ہے۔ خامیاں تو سب میں ہوتی ہیں۔ خوبیوں کی طرف نظر کرنی چاہیے۔ مزاج میں تھوڑا غصہ ہے۔ البتہ تعویذ کرنے کرانے والے لوگوں کی طرح نہیں ہیں۔ رشتہ بہت اچھا ہے۔ استخارہ کرلیں۔ روحانی استخارہ کر کے آپ کو جواب دے دیا ہے۔

پسند کی شادی کا معاملہ حل نہیں ہو رہا

سوال میں کافی عرصہ سے عمل کر رہی ہوں اور مختلف عاملین سے عمل کروائے بھی ہیں۔ آپ کے پاس سے بھی اس مسئلے کے لیے آتے ہوئے دو سال ہو گئے ہیں۔ مہربانی فرمائیں، میں عمل کر کے تنگ آ گئی ہوں۔ آپ خود کچھ کریں تاکہ میرا مسئلہ حل ہو جائے۔ لڑکا تو راضی ہے مگر اس کی والدہ خاندان سے باہر شادی کرنے پر راضی نہیں۔ (آ، پوشیدہ)

جواب محترمہ! آپ کے ساتھ پہلے معاملہ اثرات کا تھا۔ پھر بیچ میں کافی وقفہ رہا۔ پھر آپ نے عمل شروع کیا تو پھر اثرات کا معاملہ سامنے آ گیا۔ اب آپ کا اثرات کا معاملہ بالکل ختم ہے۔ اب آپ کو جو عمل بتائے گئے ہیں، وہ پابندی سے کریں۔ نیز اس طرح کے معاملات میں صحیح لائحہ عمل نہ اپنایا جائے تو پھر فائدہ نہیں ہوتا۔

سب سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے کہ طالب اور مطلوب پر کسی قسم کے بد اثرات نہ ہوں ورنہ عموماً ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ دوسرا کام یہ کہ اگر لڑکا راضی ہے تو اس پر حب کا عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔ عمل تو والدہ کے لیے کیے جائیں۔ حب اور تسخیر...... دونوں طرح کے عمل کرنے ہوں گے۔ ساتھ ہی کوئی ایک بڑا عمل حاجت والا بھی کیا جائے تاکہ غیبی مدد بھی حاصل ہوتی رہے۔

ایک طریقہ خود عمل کرنے کا ہے اور ایک عامل سے عمل کروانے کا۔ میں نے آپ سے پہلے بھی معذرت کی تھی اور اب بھی کرتا ہوں کہ وقت کی کمی کی وجہ سے اب میں یہ کام نہیں کرتا۔ دس سال سے زائد ہو گیا ہے۔ میرے شاگرد کرتے ہیں مگر میں کسی کی بھی ذمہ داری نہیں لیتا۔ میں صاف کہتا ہوں آپ بات کر کے معاملہ طے کرلیں۔ رقم کی ادائیگی سے قبل لازمی استخارہ کر لیں۔ اگر استخارے میں مثبت جواب ملے تو رقم کی ادائیگی کریں۔ کیونکہ اس سلسلے میں میری یا ہمارے ادارے کی کوئی ذمہ داری نہیں۔

ایک بات مزید بتاتا چلوں کہ کسی کو وقتی طور پر راضی کرانا کوئی زیادہ مشکل کام نہیں ہوتا۔ جنات مسلط کر دیے جائیں تو وقتی طور پر یہ کام ہو سکتا ہے۔ مگر میرا شادی کے بارے میں تجربہ یہ ہے کہ قسمت کا لکھا ہی پورا ہوتا ہے۔ میں ایک اپنا واقعہ عرض کرتا ہوں۔ لڑکا لڑکی راضی تھے۔ دونوں کے والدین راضی نہیں تھے۔ میری لڑکا اور لڑکی سے بات ہوئی۔ دونوں کی رضامندی دیکھتے ہوئے عمل کیا۔ اللہ جل جلالہ نے عزت رکھی اور دونوں کے

والدین راضی ہو گئے۔ یہ پندرہ سولہ سال پرانی بات ہے۔ اس وقت خود عمل کرتا تھا۔ مگر شادی کی تاریخ سے چند دن قبل کسی وجہ پر دونوں میں جھگڑا ہوا اور اتنا بڑھ گیا کہ رشتہ ہی ٹوٹ گیا۔ اللہ ﷻ نے میری بھی عزت رکھ لی کہ جو کام لیا تھا، وہ پورا ہوا اور دوسری طرف تقدیر بھی پوری ہوئی کہ ان کی شادی نہیں ہوئی۔

آپ کے معاملے میں جو روحانی رہنمائی حاصل کی ہے، اس کے مطابق ابھی قدرت کو منظور نہیں ہے۔ جتنی مرضی کوشش کرلیں، جو کام اللہ ﷻ کو منظور نہ ہو، وہ نہیں ہوسکتا۔ ابھی آزمائش ہے یعنی دیر ہے۔ واللہ اعلم

پسند کی شادی نہیں ہو رہی

سوال میں ایک لڑکے کو پسند کرتی ہوں اور وہ بھی مجھے پسند کرتا ہے۔ ہمارا تعلق کو چار سال سے زائد عرصہ ہو گیا ہے۔ کوئی غلط حرکت یا ناجائز کام نہیں کیا۔ وہ بھی مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اس کی والدہ نہیں مانتی۔ وہ کہتی ہیں کہ ہم خاندان برادری سے باہر شادی نہیں کرتے۔ وہ لڑکا کہتا ہے کہ اگر میری والدہ مانیں گی تو ہی میں شادی کر سکتا ہوں ورنہ نہیں۔ اس کی والدہ کو بھی ہمارے تعلق کا پتہ ہے۔

میں نے بہت وظائف پڑھے، عمل کروائے مگر معاملہ جوں کا توں ہے۔ میرا تو اب ہر عمل اور وظیفے سے ہی اعتقاد اٹھ گیا ہے۔ کیا آپ میری مدد کر سکتے ہیں اور بتا سکتے ہیں کہ آخر یہ کام کیوں نہیں ہو رہا؟ (س، پوشیدہ)

جواب سب سے پہلے تو یہ بات یاد رکھیں کہ ہر خواہش پوری نہیں ہوتی۔ جب بھی انسان کسی سے شادی کا ارادہ کرے تو تعلقات آگے بڑھانے سے قبل استخارہ کرے اور ممکن ہو تو تقدیر دیکھنے کا عمل بھی کرے یا مستقبل دیکھنے کا تاکہ تسلی ہو جائے کہ فلاں مرد یا فلاں عورت مقدر میں ہے یا نہیں۔ استخارہ سے تو یہ پتہ لگ جائے گا کہ خیر ہے یا شر ہے۔ ہر خیر ضروری نہیں کہ مل بھی جائے۔ اس کے لیے مستقبل دیکھنے کا عمل کیا جاتا ہے۔ اگر اس میں دیکھ لیا جائے کہ فلاں مرد یا فلاں عورت ہمارے مقدر میں ہے تو پھر آگے بڑھا جائے ورنہ نہیں۔

میری تشخیص کے مطابق جس شخص سے آپ شادی کرنا چاہ رہی ہیں، ان کی والدہ مستقل بندش کا عمل کروا رہی ہیں تاکہ یہ رشتہ کسی طرح بھی نہ ہو۔ وہ کسی بھی صورت میں آپ کو بہو بنانے کو تیار نہیں ہیں۔ بظاہر وہ بیٹے کے سامنے اچھی بنی ہوئی ہیں اور آپ کی مخالفت بھی نہیں کرتیں، بس اتنا ہی کہہ کر معاملہ ختم کر دیتی ہیں کہ برادری والے کیا کہیں گے۔

آپ سب سے پہلے بندش کا توڑ کروائیں۔ پھر مطلوبہ شخص کی والدہ کے لیے محبت و تسخیر کا عمل کریں۔ یاد رکھیں کہ محبت و تسخیر کے اعمال میں کامیابی کے لیے آپ کا ہر طرح کے بد اثرات سے پاک ہونا بہت ضروری ہے۔

اگر آپ روحانی علاج کروانا چاہتی ہیں تو پھر دوبارہ سے رابطہ کریں، آپ کو بندش کا علاج اور حب و تسخیر کے لیے اعمال دے دیئے جائیں گے۔

نظرِ بد اور حسد سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

بچہ تنگ کرتا ہے

سوال بچہ آج کل کھانے میں بہت تنگ کرتا ہے۔ بھوک لگتی ہے تو روتا جاتا ہے۔ کھلاؤں تو کچھ کھاتا نہیں۔ زبردستی پکڑ کر کھلاتی ہوں۔ دودھ تو سارا دن نہیں پیتا، نہ ہی رات کو۔ (فوزیہ۔ لاہور)

جواب بچے کی نظر اتاریں۔ سورۂ قلم کی آخری دو آیات والے طریقے سے اتاریں۔ نیز سورۂ فاتحہ روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر بچے پر اور پانی پر دم کریں۔ یہ پانی پلاتی رہیں۔ اگر کوئی دوائی دیں تو اسی پانی سے دیں۔

دفتری حاسدین کی وجہ سے بیمار

سوال میری اہلیہ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ بہت سستی، نیند کا غلبہ، پورے جسم میں درد، خاص طور پر ٹانگوں میں بہت درد ہے۔ جس کی وجہ سے وہ دفتر بھی نہیں جا رہیں۔ مہربانی فرما کر اس معاملے میں رہنمائی فرمائیں اور تشخیص بھی فرما دیں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ (ا ن۔ لاہور)

جواب آپ کی اہلیہ جادو اور حسد کا شکار ہیں۔ ان کے دفتر والے ان سے شدید حسد کرتے ہیں اور حسد کے یہ اثرات وہیں سے آئے ہیں۔ آپ کی اہلیہ حفاظت کے اعمال کی پابندی نہیں کرتیں۔ حسد سے بچنے کا بہترین طریقہ مسنون دعائیں اور حفاظتی اعمال کی پابندی کرنا ہے۔

آپ کو کچھ علاج بھجوایا جا رہا ہے۔ جسم پر ملنے کے تعویذات ہیں جو صبح سو کر اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے مل کر جلانے ہیں۔ زعفرانی تعویذ پانی کی بوتل میں ڈال کر اسی پانی کو پینا ہے۔ ایک ہفتہ کا ایک تعویذ ہے۔ باقی مسنون اعمال اور ہر نماز کے بعد، دفتر جاتے وقت، سونے سے قبل اول و آخر ایک ایک بار درود شریف اور ایک ایک بار آیت الکرسی چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے کا معمول بنائیں۔ یہ عمل اپنی اہلیہ کو پابندی سے کرائیں۔ بہتر ہے کہ خود بھی اس عمل کی پابندی کریں۔

جادو کا معاملہ تھوڑا ہی ہے۔ ان شاء اللہ، دو ہفتہ کے علاج سے ختم ہو جائے گا۔

نظرِ بد کا فوری علاج

سوال کبھی کبھار ایسا ہوتا ہے کہ ماں کی نظر ہی بچے کو لگ جاتی ہے یا کسی گھر والے کی نظر لگ جاتی ہے۔ میرا خود تجربہ ہے کہ میری نظر بھی میرے بچوں کو کئی بار لگ جاتی ہے۔ کبھی تیار ہو کر بہت پیارے لگتے ہیں تو گھر والے تعریف کرتے ہیں اور بچہ کچھ دیر بعد نڈھال ہو جاتا ہے۔ اس کا کوئی فوری روحانی علاج ہے؟ (اسماء۔ لاہور)

جواب اگر نظر لگانے والے کا تعین ہو تو اس کا فوری روحانی علاج ہے اور وہ مسنون بھی ہے۔ نظر لگانے والے کو منہ اور دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں اور اس کی شرمگاہ کا دھونے کو کہیں۔ ایک برتن میں اس پانی کو جمع کریں اور بچے پر چھڑکیں، ان شاء اللہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔

نظرِ بد سے حفاظت

سوال میرے بچوں کو نظر بہت لگتی ہے۔ میں دم بھی کرتی ہوں۔ کبھی مرچیں بھی وارتی ہوں۔ کبھی پھٹکری بھی وار دیتی ہوں۔ نظر اتر بھی جاتی ہے مگر پھر لگ جاتی ہے۔ ان کی حفاظت کے لیے کیا کروں؟ (نورین۔ لاہور)

جواب آپ اپنے بچوں کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے درج ذیل تعویذ لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈال دیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ وَاِنۡ یَّکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۵۲﴾ (القلم: ۵۱-۵۲)

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱)......عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی (درجہ اوّل) ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین (درجہ اوّل) ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) ❺ سورۃ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ❼ "فراخی رزق" کا مجرب عمل ❽ درود ابراہیمی ❾ درود تنجینا ❿ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ⓫ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل ⓬ لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل

(۲)......ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

❶ آیت شفاء ❷ "حصار" کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ❻ "منزل" (درجہ اوّل) ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ "تسخیر" کا خاص عمل ❾ درود خضری کا عمل ❿ سورۃ یٰسین کا عمل ⓫ "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل برائے فراخی رزق ⓬ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ⓭ آیت کریمہ (درجہ اوّل) ⓮ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ⓯ کینسر سے نجات کا خاص عمل

(۳)......علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

❶ "منزل" (درجہ اوّل و دوم) ❷ دعائے حزب البحر ❸ دعائے حزب النصر ❹ آیت الکرسی (درجہ دوم) ❺ معوذتین (درجہ دوم) ❻ قصیدہ طوبیٰ ❼ قصیدہ حسنیٰ ❽ اسم ذات کا عمل ❾ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❿ "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل ⓫ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴)......خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۃ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ❼ عمل محبت "یا لطیف یا ودود" ❽ عمل زبان بندی

(۵)......روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہوا اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیت کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل ❺ سورۃ مزمل کا خاص عمل ❻ محبت کی عظیم آیت کا عمل ❼ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

بندش سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

جادو کی وجہ سے اولاد کی بندش

سوال میرا بیٹا فوج میں ہوتا ہے اور اس کی پوسٹنگ آج کل کوئٹہ میں ہے۔ اس کی شادی کو چار سال ہو چکے ہیں مگر اس کی کوئی اولاد نہیں ہے۔ طبی طور پر دونوں میاں بیوی ٹھیک ہیں۔ کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بہت پڑھائیاں پڑھ لیں مگر کوئی امید نظر نہیں آ رہی۔ مہربانی کر کے دیکھ لیں کہ وجہ کیا ہے اور اگر کوئی اثرات ہوں تو اس کا علاج بھی فرما دیں۔ (پشاور)

جواب محترمہ! آپ کے بیٹے اور بہو..... دونوں پر جادو کا اثر ہے۔ جو کپڑے آپ نے بھیجے تھے، اس کی تشخیص میں یہی آیا ہے۔ البتہ اولاد کی بندش کا معاملہ بہو کے ساتھ نہیں، آپ کے بیٹے کے ساتھ ہے۔ اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ آپ کسی قریبی روحانی معالج سے رابطہ فرمائیں اور باقاعدہ جادو کی کاٹ کروائیں۔ خود سے کرنے کی کوشش نہ کریں۔

جب تک باقاعدہ علاج شروع نہ ہو جائے، ''منزل'' کا یہ عمل کریں۔ پہلے سات روز، روزانہ سات بار منزل پڑھ کر دونوں پر دم کیا جائے اور پانی پر دم کر کے پینا ہے اور گھر میں چھڑکنا ہے۔ اگر میاں بیوی دونوں الگ الگ پڑھیں تو بہت بہتر ہوگا ورنہ کوئی ایک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، دوسرے پر اور پانی پر بھی دم کرے۔ سات روز بعد پڑھائی کی تعداد تین کر دیں اور مزید اکیس (۲۱) یوم عمل جاری رکھیں۔ پھر دوبارہ کپڑے ارسال فرمائیں۔ ان شاء اللہ، اس سے کافی بہتری آ جائے گی۔

ہوٹل جادو سے باندھ دیا گیا ہے

سوال میرا لاہور میں ہوٹل ہے۔ اچھا چل رہا تھا۔ اب چار پانچ ماہ سے بالکل نہیں چل رہا ہے۔ سمجھ نہیں آ رہی کہ کیا ہو رہا ہے۔ جگہ بھی بہت اچھی ہے اور لوگوں کا رش بھی ہے مگر اب لوگ آتے ہی نہیں۔ بہت پریشان ہو رہا ہوں۔ دیکھیں کہ کیا معاملہ ہے؟ اگر کوئی اثرات ہیں تو کوئی جلدی کا علاج بتائیں۔ (ع، لاہور)

جواب آپ کے کاروبار کو باندھا گیا ہے۔ جلدی کا کام کروانا ہے تو آپ ہمارے روحانی علاج گاہ کے روحانی معالجین سے اپنے ہوٹل پر عمل کروا لیں۔ ان شاء اللہ، کام کھل جائے گا۔ جلدی کے لیے اس سے بہتر علاج نہیں ہے۔ جب عامل کسی جگہ جا کر عمل کرتے ہیں تو ان کے جنات مخالف جنات سے ڈائریکٹ لڑتے ہیں۔ کامیاب ہونے کی صورت میں بہت جلدی معاملہ حل ہو جاتا ہے جو وظائف پڑھنے یا تعویذات استعمال کرنے سے بعض اوقات بہت طویل ہو جاتا ہے۔ اس لیے اعتماد سے عمل کروائیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد ہوٹل اسی طرح چلنے لگے گا، جس طرح پہلے چلتا تھا۔

بندشِ معاش

سوال 30 سال سے حالات گردش میں ہیں۔ میرا کوئی کام مکمل نہیں ہوتا۔ پیسہ آنے لگتا ہے مگر عین موقع پر نہیں آتا۔ مہربانی فرما کر میرے ان سوالوں کے جواب دیجیے:

۱) میرے کام نامکمل کیوں ہوتے ہیں؟

۲) کیوں میں ترقی حاصل نہیں کر سکا؟

۳) آپ میری اس معاملہ میں کیسے مدد کریں گے؟

میں نے بہت نقصان برداشت کیے۔ لوگوں نے پیسہ لیا، مگر واپس نہیں کیا۔ میرے گھر میں بھی مسائل کھڑے ہونا شروع ہو گئے اور میری اہلیہ بھی مجھ سے لڑتی ہیں۔ (جاوید انور، لاہور)

جواب پہلے اور دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ آپ کے حالات کے مطابق آپ پر سحر کا اثر ہے۔ یعنی کسی نے رکاوٹیں ڈلوائی ہوئی ہیں۔ باقی مکمل

تشخیص کے لئے آپ کے کپڑے کی ضرورت ہوگی۔ رہا تیسرا سوال تو اس کا جواب یہ ہے کہ عمل ہی کے ذریعے مدد کروں گا۔ پیسے واپس لینے کا عمل بھی ہوتا ہے مگر اس میں شرط یہ ہے کہ دینے والے کے پاس پیسے ہونے چاہئیں۔ اپنی بیگم کا نام مع والدہ دیجیے تا کہ تشخیص کی جا سکے کہ لڑنے کی وجہ کیا ہے؟

بندش روزگار

سوال میرے شوہر بے روزگار ہیں۔ تین سال سے ہم سعودی عرب میں رہتے تھے۔ اب ہم پاکستان آئے ہوئے ہیں۔ شوہر نے ملازمت بہت تلاش کی مگر ہر جگہ final ہوتے ہوتے بات ختم ہوجاتی ہے۔ برائے مہربانی آپ بتائیں کہ کیا مسئلہ ہے؟ (مسز عرفان، نامعلوم)

جواب تشخیص کے لئے ہم جسم کا پہنا ہوا کپڑا prefer کرتے ہیں۔ فی الحال جو تشخیص ہوئی ہے اس میں یہ معاملہ قدرتی + بندش کا آرہا ہے۔ باقی حقیقت تو اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔ آپ یہ وظیفہ شروع کریں۔ ان شاء اللہ حالات بہتر ہوجائیں گے۔ باوضو سورۂ واقعہ ایک نشست (بیٹھک) میں اس طرح بیٹھ کر پڑھیں کہ درمیان میں نہ اٹھیں۔ اکتالیس (41) بار پڑھنی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، ملازمت مل جائے گی۔ یہ عمل لگاتار تین دن کریں اور پھر ملازمت تلاش کریں۔ پھر حالات کی اطلاع کریں۔

جادو کی وجہ سے معاشی رکاوٹیں اور بندشیں

سوال میں باہر انگلینڈ میں کام کرتا تھا۔ میرا ایک پارٹنر تھا۔ اچانک میری طبیعت بگڑی اور میں پاکستان کھنچا چلا آیا۔ میرا کافی مال انگلینڈ کے گودام میں رکھا ہوا ہے۔ اب میں نے اپنے پارٹنر سے بہت رابطے کی کوشش کی مگر رابطہ نہیں ہو رہا۔ نہ ہی میرا ویزہ اب لگ رہا ہے۔ پاکستان میں بھی کئی کام کئے مگر نقصان ہی ہو رہا ہے۔ کچھ لوگوں کو مال دیا مگر وہ پیسے نہیں دے رہے۔ مہربانی کر کے میری مدد فرمائیں اور وجہ اور علاج بتائیں۔

(دین محمد، لاہور)

جواب بروز اتوار سورۂ مزمل گیارہ بار پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ اس پانی کو پیئیں اور رہنے کی جگہ چھڑکیں۔ یہ عمل روزانہ اکیس یوم تک کرنا ہے۔ آغاز اتوار سے کرنا ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود تنجینا پڑھیں۔

دوسرا عمل یہ کریں کہ صبح نماز فجر کے بعد ستر مرتبہ یہ آیت پابندی سے پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔

آیت یہ ہے:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۤءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

﴿سُوْرَةُ الشُّوْرٰى: ۱۹﴾

مزید رہنمائی کے لئے خزینہ روحانیات کے خاص نمبر "کشائش رزق نمبر" کا مطالعہ کریں۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ جل جلالہ آپ کی ہر قسم کی معاشی بندش ختم کر کے آپ کو رزق کی فراخی عطا فرمائیں۔ آمین

بندشِ رشتہ

سوال میرے تیسرے نمبر کے بیٹے کی شادی میں بہت رکاوٹ پیش آرہی ہے۔ بڑی بیٹی کی شادی میں بھی بندش تھی۔ آپ نے علاج کیا تھا۔ اس کی شادی بہت اچھی جگہ ہوگئی (الحمد للہ)۔ پھر دوسرے نمبر پر بیٹا ہے۔ اس کا بھی رشتہ نہیں مل رہا تھا۔ کراچی میں اس کا علاج کروایا۔ الحمد للہ اس کی بھی بہت اچھی جگہ شادی ہوگئی۔ اب تیسرے نمبر پر بیٹا ہے۔ اس کی دو سال سے شادی کی کوشش کر رہی ہوں، مگر کہیں بھی رشتہ طے نہیں ہو رہا۔ خوش شکل ہے، اچھا کماتا ہے۔ کوئی نقص نہیں ہے۔ پھر بھی سمجھ سے باہر ہے کہ رشتہ کیوں نہیں ہو رہا۔ کافی کچھ پڑھ بھی چکی ہوں۔ شاید پھر بندش کا معاملہ ہے۔ مہربانی کر کے میری مدد فرمائیں۔ (ف، کراچی)

جواب سورۂ طٰہٰ روزانہ ایک بار، اول و آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اکیس یوم بلاناغہ عمل کر کے اطلاع کریں۔

داماد پر سخت کاروباری بندش

سوال میرے داماد کا مسئلہ ہے۔ پہلے اس نے دکان کی۔ شروع میں چلی مگر کچھ ہی عرصہ میں بالکل چلنا بند ہوگئی۔ جس کی وجہ سے دکان بند ہی کرنا

پڑی۔ اس کے بعد دو مرتبہ مزید دکانیں کی لیکن وہی حال۔ نقصان ہی نقصان ہوا۔ آخر کار دونوں دکانیں بند کرنی پڑ گئیں۔ اب مزید دکان کے لیے پیسے بھی نہیں ہیں۔ رزق کی کافی تنگی شروع ہوگئی ہے۔ جو کچھ تھا، وہ ان تینوں دکانوں میں لگا دیا اور سب ضائع ہوگیا۔ الٹا کئی لاکھ کا داماد مقروض ہوگیا ہے۔ مہربانی فرما کر رہنمائی فرمائیں کہ میرے داماد کے ساتھ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔ اور اس مصیبت سے نجات کے لیے کیا کیا جائے؟ ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ (ق ع، لاہور)

جواب: آپ کے داماد پر سخت بندش لگی ہوئی ہے۔ اس کا علاج باقاعدہ کسی اچھے عامل سے کروائیں تو ان شاء اللہ، حالات بہتر ہو جائیں گے۔ بندش لگوانے والے نے بھی تو کسی عامل سے ہی لگوائی ہے۔ خود پڑھ کر تو نہیں لگائی۔ اسی طرح اس کی کاٹ کا معاملہ بھی ہے۔ خود پڑھنے سے زیادہ امید نہیں ہے، معاملہ سخت ہے۔

آپ کو ایک عمل دے رہا ہوں۔ جب تک کسی اچھے عامل سے علاج شروع نہ ہو جائے، آپ کا داماد یہ عمل کرتا رہے۔

اس عمل کی شرط یہ ہے کہ نمازِ فجر کے بعد کیا جائے۔ اگر فجر کے بعد نہیں کر سکتے، تو کوئی وقت مقرر کر کے عمل کر لیں لیکن تاثیر میں فرق آئے گا۔ جو تاثیر فجر کے بعد عمل کرنے کی ہے، وہ کسی اور وقت میں نہیں ہے۔ ایک ہی شخص پڑھے گا اور ایک ہی نشست میں پڑھا جائے گا۔ مل کر پڑھنے سے عمل کا چلّہ نہیں ہوتا۔ عمل یہ ہے:

نمازِ فجر کے بعد اول و آخر گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھیں:

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ایک چلّے میں سوا لاکھ پورا کریں۔ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ چالیس (۴۰) یوم پڑھیں۔ ایک بھی کم یا زیادہ نہ ہو۔ ایک وقتِ مقرر پر پڑھیں۔ کوشش کریں کہ جگہ بھی ایک ہی رہے۔ کھانے میں کوئی پرہیز نہیں۔ حلال کا اہتمام رکھیں۔ دورانِ چلّہ کوشش کریں کہ گناہ کم سے کم کریں۔ جتنا تقویٰ اختیار کریں گے، اتنا ہی زیادہ فیض پائیں گے۔

چلّہ کی تکمیل کے بعد اسے روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ معمول میں رکھیں۔ یہ ضروری ہے۔ پانچ سو سے کم کا معمول کرنے سے اثرات میں کمی واقع ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ معمول رکھنے کے تین طریقے ہیں:

(۱) کوئی وقت مقرر کر کے پانچ سو بار پڑھیں۔ اول و آخر سات بار درود شریف۔

(۲) نمازِ فجر کے بعد تین سو (۳۰۰) مرتبہ اور نمازِ مغرب کے بعد دو سو (۲۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔

(۳) ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ کا معمول رکھیں۔ اول و آخر ایک ایک بار درود شریف۔

جو معمول آسان لگے، اُسی کو اپنائیں۔ معمول بنانے کے بعد تبدیل کرنا مناسب نہیں ہوتا۔

اس عمل کو نوچندی شب جمعرات یا شب جمعہ سے شروع کیا جائے۔

شادی کی بندش

سوال: میں اپنے رشتے کے سلسلے میں بہت پریشان ہوں۔ میری دو بار منگنی ہو کر ٹوٹ گئی ہے۔ ایک بار تو جس دن شادی ہونی تھی، اس دن ٹوٹ گئی۔ رشتہ کی اب مزید کوئی بات ہی نہیں بن رہی۔ میں نے اب تک جس سے بھی پوچھا ہے، اس نے رکاوٹ کا بتایا ہے مگر اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے عجیب عجیب باتیں کرتے ہیں، جس کی وجہ سے میں ڈر کر پیچھے ہٹ جاتی ہوں۔ مہربانی فرما کر اس سلسلے میں میری مدد فرمائیں۔ (ش، جھنگ)

جواب: عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف پڑھ کر سورۃ زمر کی آیت نمبر 34-33 پارہ 24 والذی جآء بالصدق سے لے کر المحسنین تک 313 بار پڑھیں اور رکاوٹوں سے نجات اور اچھی جگہ رشتہ طے ہونے اور خیر و عافیت سے شادی ہونے کی دعا کریں۔ اس وظیفے کو اکیس دن کر کے

رابطہ فرمائیں۔ جواب آنے تک وظیفہ جاری رکھیں۔

ٹریکٹر ورکشاپ کی بندش حل ہوگئی

سوال آپ سے پچھلے مہینے اپنی ٹریکٹر کی ورکشاپ کے لیے علاج لیا تھا۔ الحمد للہ، بہت فرق پڑ گیا ہے۔ اب وہ کیفیت نہیں ہے کہ چھوٹی چھوٹی خرابیاں بہت مشکل سے ٹھیک ہوں۔ اب میرے ٹھیک کیے ہوئے ٹریکٹر بھی اب واپس نہیں آرہے۔ میں بہت خوش ہوں۔ اللہ آپ کو بہت خوشیاں دیں۔ اب میرے لیے کیا حکم ہے۔ (ان، بورے والا)

جواب الحمد للہ، اللہ نے آپ پر اپنا فضل کیا۔ یہ اُسی کا فضل ہے کہ ایک ماہ میں ہی آپ کا معاملہ ختم ہوگیا۔ آپ کو مزید علاج بھیجا جا رہا ہے۔ وہی علاج ایک ماہ مزید کریں تاکہ اثرات سے مکمل نجات حاصل ہو جائے۔ ساتھ ہی ہماری روحانی درگاہ سے ''سات سلام اور چہل کاف'' کی اجازت حاصل کریں تاکہ مزید معاملہ ٹھیک رہے۔ آپ کے دشمن ایسے نہیں کہ پیچھا چھوڑ دیں گے۔ جادو سے نجات کے بعد جادو سے حفاظت کا معاملہ زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے ورنہ جادو کا اثر دوبارہ ہو جانے کا خدشہ رہتا ہے۔

اولاد کی بندش کا معاملہ

سوال میری شادی کو دس سال ہو چکے ہیں مگر تاحال اولاد کی نعمت سے محروم ہوں۔ بہت ڈاکٹری علاج کروایا ہے۔ میری اہلیہ کو طبی مسئلہ تھا، اب وہ بھی ٹھیک ہوگیا ہے۔ دو سال سے ہم دونوں کو کوئی طبی مسئلہ نہیں ہے مگر اولاد نہیں ہو رہی ہے۔ کسی نے یہ بتایا کہ بندش ہو سکتی ہے۔ مہربانی فرما کر ہماری راہنمائی فرمائیں۔ (ا، لاہور)

جواب آپ پر جادو کے ذریعے اولاد کی بندش لگائی گئی ہے۔ آپ ہمارے ادارے سے ''اولاد کی بندش ختم کرنے کا کورس'' منگوائیں۔ اس کورس کے ساتھ یہ عمل بھی کریں۔

اللہ جل جلالہ کے ۹۹ اسماء الحسنیٰ کو زعفرانی سیاہی سے لکھ لیں۔ ایک ہی بار لکھ سکتے ہیں یا لکھوا سکتے ہیں مگر لکھنے ترتیب سے ہیں۔ اسماء الحسنیٰ عموماً قرآن کے آغاز میں لکھے ہوتے ہیں، وہاں سے دیکھ سکتے ہیں۔ لکھنا ایسے ہے کہ آپ روزانہ ایک اسم علیحدہ کاٹ سکیں۔ وہ اسم پانی میں رات کو بھگو دیں اور صبح نہار منہ، دونوں پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ، اولاد کی بندش دور ہوگی اور اللہ جل جلالہ کے فضل سے آپ کو بھی اولاد کی نعمت حاصل ہوگی۔

کاروبار میں بندش

سوال استاذ محترم! مجھے میری کاروبار میں کچھ بندش محسوس ہو رہی ہے۔ کافی عرصے سے محسوس کر رہا ہوں کہ گاہکوں کا وہ رجوع نہیں ہے جو پہلے تھا۔ آپ سے گذارش ہے کہ ایک بار میری تسلی کے لیے تشخیص کر دیں۔ میں لوگوں کا روحانی علاج بھی کرتا ہوں اور الحمد للہ، مریضوں کو بہت فائدہ بھی ہوتا ہے۔ (ر ع، لاہور)

جواب آپ کا شک صحیح ہے کہ آپ کے کاروبار پر بندش ہے۔ میری تشخیص میں مزید یہ بات بھی آئی ہے کہ آپ لوگوں کا علاج تو کرتے ہیں مگر علاج کے بداثرات کو دور کرنے کے لیے اپنے گھر اور دکان پر توجہ نہیں دیتے۔ یاد رکھیں کہ جب بھی آپ جادو اور جنات یا کسی طرح کے بھی بداثرات کا علاج کریں گے، وہ اثرات آپ کے بیوی بچوں اور معاش پر ضرور پڑتے ہیں۔ آپ اپنے گھر اور دکان میں جادو جنات کے اثرات کو ختم کرنے والا عمل ہفتہ میں دو بار کریں۔ ایک ہی دن میں دکان اور گھر کا عمل کریں۔ تین ہفتے لگاتار کریں۔ اس کے بعد تین ہفتے مزید عمل کریں لیکن ہفتہ میں ایک بار۔ اس کے بعد پندرہ دن میں ایک بار عمل کو اپنا معمول بنا لیں۔ ان شاء اللہ، پھر کبھی بندش نہیں لگے گی۔

عمل کے ساتھ ساتھ پانی پر دم کر کے روزمرہ چھڑکنا اپنا معمول ضرور بنائیں۔ مزید علاج کپڑے سے تشخیص کر کے خود تجویز کر لیں یا فون پر رابطہ کر لیں۔

کاروبار کی بندش

سوال میرا کاروبار پانچ سے چھ ماہ میں بہت کم ہوگیا ہے۔ بلکہ یہ سمجھیں کہ

بند ہونے کے قریب ہے۔ آج تک ایسا کبھی نہیں ہوا۔ کسی نے آپ کا بتایا ہے۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ (احمد منیر، جہلم)

جواب آپ کے کاروبار پر بندش کروائی گئی ہے۔ اور حاسد بھی آپ کے قریبی کاروباری افراد ہیں جن سے ڈیڑھ سال قبل آپ کا شدید جھگڑا ہوا تھا۔ اگر آپ خرچہ کر سکتے ہیں تو ہمارے ادارے کی جماعت العالمین سے فائدہ اٹھائیں۔ ان کو بلائیں۔ وہ خود عمل کر دیں گے اور ان شاء اللہ، ایک ہی میں بہت فائدہ ہوگا۔ اس سلسلے میں مولانا علی آفاق صاحب سے اس نمبر پر رابطہ کریں 0305-7772772 یا پھر مولانا سلیم اللہ صاحب سے اس نمبر پر رابطہ کریں 0304-7772772۔

رشتہ کی بندش

سوال میں نے کئی عاملین کو چیک کروایا ہے۔ سب یہی کہتے ہیں کہ کوئی بندش ہے۔ میرا کسی طرح بھی رشتہ نہیں ہو رہا۔ لڑکی والے ہاں بھی کر دیتے ہیں مگر پھر کوئی نہ کوئی وجہ ہو جاتی ہے کہ انکار ہو جاتا ہے۔ میری مدد فرمائیں اور مجھے بتائیں کہ میرے ساتھ کیا معاملہ ہے اور اس کا حل کیا ہے؟ میں آپ کا بہت شکر گذار رہوں گا۔ (پوشیدہ)

جواب محترم! جب آپ پہلے ہی کئی عاملین کو چیک کروا چکے ہیں اور سب نے ہی ایک بات بتائی ہے تو پھر دوبارہ چیک کروانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ویسے بھی بہت سے لوگوں میں یہ غلط عادت ہے کہ کئی کئی جگہ چیک کرواتے ہیں اور پتہ چل جانے کے بعد بھی نئی جگہ پھر چیک کروانے چل پڑتے ہیں۔ ایسے لوگوں کا عموماً روحانی علاج صحیح طریقے پر نہیں ہوتا کیونکہ وہ اصول کے مطابق علاج نہیں کروا رہے ہوتے۔

آپ کو بندش کا ایک علاج بتا رہا ہوں۔ اگر خود کیا تو ان شاء اللہ، اکیس دنوں میں بندش ٹوٹ جائے گی۔ اگر کوئی دوسرا پڑھے گا تو پھر شاید اکیس دن کا ایک کورس اور کرنا پڑے گا۔

سورۂ طٰہٰ روزانہ ایک مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر ایک بار درود شریف۔ پانی پر دم کریں۔ روزانہ اس پانی سے تین کام کرنے ہیں۔ ایک بوتل بھریں، جس میں سے سارا دن پینا ہے۔ ایک سپرے بوتل میں پانی لیں اور اپنے رہائشی گھر کی تمام پاک دیواروں اور کونوں پر صبح و شام چھڑکاؤ کریں۔ تیسرا کام یہ کرنا ہے کہ پڑھے ہوئے پانی کو بالٹی میں ڈالیں اور مزید موسم کے مطابق پانی ڈالیں اور کسی پاک جگہ پر اپنے اوپر بہائیں۔ اوپر کے کپڑے اتار دیں اور نیچے دھوتی، شلوار، پینٹ وغیرہ پہنے رہیں۔ یہ عمل آپ گھر کی چھت، کسی کچی یا گھاس والی جگہ پر کر سکتے ہیں۔ خیال رکھیں کہ پانی ہرگز ناپاک جگہ نہ جائے ورنہ رجعت ہو جائے گی۔

ان شاء اللہ، اکیس یوم میں رشتہ کی بندش ٹوٹ جائے گی۔ اکیس دن بعد ہماری روحانی دکان سے جلد رشتہ ہونے کا تعویذ منگوا لیں۔ روحانی دکان کا رابطہ نمبر 0334-4312272 ہے۔

دشمن سے متعلق مسائل اور ان کا روحانی حل

دشمن کو پریشانیوں میں مبتلا کرنا

سوال میرا ایک دوست تھا۔ اس کے ساتھ کاروبار بھی تھا، رازداری بھی تھی۔ وہ کچھ غلط صحبتوں میں پڑ گیا جس کی وجہ سے کاروبار سے پیسہ پوری کرنے لگا۔ پھر ایک دن میں نے اس کو پکڑ لیا۔ دوست سمجھ کر کافی سمجھایا اور چھوڑ دیا لیکن اس نے چوری نہ چھوڑی۔ شراب، زنا، جوا اور اللہ جانے کیا کیا غلط کام شروع کر دیے۔ میری اس سے ایک دن شدید لڑائی بھی ہوئی اور میں نے اس کو چوری کے الزام میں پولیس میں پکڑوا دیا۔

پولیس نے پکڑ تو لیا مگر تفتیشی افسر نے اس کو بے گناہ قرار دے دیا۔ بعد میں پتہ چلا کہ میرے دوست کے کچھ غلط قسم کے سیاسی لوگوں سے کافی تعلقات تھے، انہوں نے ہی اس کی مدد کی۔ میں چپ ہو گیا کیونکہ اس سے زیادہ میں کچھ نہیں کر سکتا تھا مگر میرا دوست میرا جانی دشمن بن گیا۔ اس نے مجھے بہت زیادہ نقصان پہنچایا۔ میرا کاروبار تباہ کر دیا۔ مجھے مالی اور ذہنی شدید اذیت میں مبتلا کر دیا۔ مجھ پر دو بار حملہ بھی کروایا مگر اللہ نے مجھے بچا لیا۔ میری لڑکیاں بھی جوان ہو رہی ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ وہ کسی طرح بھی مجھے معاف کرنے پر راضی نہیں۔

اب میں یہ چاہتا ہوں کہ کچھ ایسا ہو جائے کہ وہ اپنی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور میرا پیچھا چھوڑ دے۔ میں نے مدرسہ کے مفتی صاحب سے بھی پوچھا اور انہوں نے سارے حالات سن کر کہا کہ آپ ایسا عمل کر سکتے ہیں۔ خدارا میری مدد کریں۔ (اللہ دتہ، چیچہ وطنی)

جواب آپ نے جو کچھ لکھا، اس کو سچ مان کر یہ عمل دے رہا ہوں۔ اگر ناجائز معاملہ آپ کی طرف سے ہوا تو ان شاء اللہ، آپ ہی پکڑ میں آئیں گے اور نقصان اٹھائیں گے۔

سورۂ کوثر کو اونٹ کی ہڈی کے برادے پر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ لیکن جب ''ھُوَ الْاَبْتَرُ'' پر پہنچے تو کہے ''فلاں بن فلاں، فلاں پریشانی میں مبتلا ہو جائے''۔ پھر تین بار ''ھُوَ الْاَبْتَرُ'' کہے اور دم کر دے۔ اس عمل کو جس دن کریں، اس سے اگلے دن کچھ برادہ دشمن کے گھر ڈال دیا جائے۔ اس عمل کو مسلسل گیارہ روز تک کیا جائے اور گیارہ دن کے درمیان آنے والے ہر منگل و ہفتہ کو برادہ پھینک دیا کرے۔ جب عمل ختم ہو تو اگلے روز سارا برادہ پھینک دیا جائے۔ ان شاء اللہ، دشمن طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا ہو جائے گا۔

یاد رہے کہ یہ خطرناک عمل ہے اور اگر ناجائز کیا جاتا ہے تو کرنے والا سخت آزمائش میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

دشمن کو بیمار کرنے کا عمل

سوال میرے محلہ میں ایک بدمعاش رہتا ہے۔ اس سے سب اہل محلہ بہت تنگ ہیں۔ وہ جس کو مرضی چاہتا ہے، نقصان دیتا ہے، گالیاں دیتا ہے، اس کے پیسے چھین لیتا ہے، ہماری بچیوں کو چھیڑتا ہے۔ کسی میں بھی ہمت نہیں کہ اس کی شکایت کرے۔ پولیس آئے روز اس کے ڈیرے پر آتی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ کئی اوباش قسم کے لڑکے بھی ہیں۔ ایک شخص نے ہمت کر کے اس کی شکایت کی تو اس نے اس کی دونوں ٹانگیں توڑ دیں۔ اس کے بعد سے کسی میں ہمت نہیں ہوئی۔

میں نے سنا ہے کہ ایسے بہت عمل ہوتے ہیں جن کو کرنے سے ہم اس جیسے بدمعاش سے جان چھڑوا سکتے ہیں۔ خدارا میری مدد کریں اور میرا نام رسالے میں شائع نہ کریں۔ (پوشیدہ)

جواب آپ نے ٹھیک سنا ہے کہ ایسے بہت سے روحانی عملیات ہیں جو اس

جیسے خبیث قسم کے لوگوں کے لیے ہی ہیں۔ اس کو بیمار کر کے سبق سکھانے اور اس سے نجات کے لیے بکری یا بکرے کا سالم دل لائیں۔ یہ نقش ایک کاغذ پر خاص کالی سیاہی سے لکھیں اور نیچے اس بدمعاش کا نام معہ والدہ کے لکھیں۔ دل کو چاقو سے چیر کر یہ تعویذ اس میں رکھ دیں۔ نقش یہ ہے:

یا عزرائیل

۳۲۴	۳۱۷	۳۲۲
۳۱۹	۳۲۱	۳۲۳
۳۲۰	۳۲۵	۳۱۸

فلاں بن فلاں بیمار ہو جائے

سات سوئیاں اس طریقے پر دل میں لگائیں کہ چیرا ہوا شگاف بند ہو جائے۔ ہر سوئی پر سورۂ فیل سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے لگائیں۔ اور پھر اس کو پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ تین دن میں دشمن بیمار ہو جائے گا اور ظلم سے توبہ کرے گا۔

دشمن کی خوشیوں کو پریشانیوں میں تبدیل کرنا

سوال میں بہت امید لے کر آپ کو خط لکھ رہا ہوں۔ میری بہت غم بھری داستان ہے۔ مختصر یہ ہے کہ دشمن نے ہمیں ہر طرح سے تباہ و برباد کر دیا ہے۔ ہمارے گھر میں اب کوئی خوشی، خوشی نہیں ہے۔ عید کے دن بھی سوگ کے ہی دن ہوتے ہیں۔ میں نے یہاں مقامی مولوی صاحب کو سارے حالات بتائے ہیں۔ انہوں نے ہی کہا ہے کہ اس دشمن کے لیے آپ کوئی عمل کریں یا کسی عامل سے کروائیں۔ انہوں نے آپ کا بتایا تو اس لیے آپ سے رابطہ کر رہا ہوں۔ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں کہ میرے دشمنوں کی خوشیاں بھی پریشانیوں میں تبدیل ہو جائیں جس طرح اس نے ہماری کی ہے۔ آپ کو اللہ جزا دے گا۔ (پوشیدہ)

جواب اسلامی ماہ کے آخری منگل یا ہفتہ کو نحس ساعت میں بلی کی مونچھ کا ایک بال کاٹ لیں اور کبوتر یا مرغ یا کسی چھوٹے پرندے کا ایک پر بازو کا لے لیں۔ دشمن کا نام معہ والدہ کے کاغذ پر خاص سیاہ روشنائی سے لکھیں اور بال اور پر...... دونوں اس کاغذ میں رکھ کر اس پر تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھیں

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ (الفیل:۵)

بسم اللہ کے ساتھ نہ پڑھیں۔ بعد ختم اس پر پھونک کر کسی ویرانے یا قبرستان میں دفن کر دیں۔ بحکم خدا ایک ہفتہ تک اثرات ظاہر ہو جائیں گے۔ دشمن کی خوشیاں پریشانیوں میں تبدیل ہو جائیں گی۔

دشمن کو مغلوب کرنا

سوال ہم آج کل بہت مصیبت میں ہیں۔ ہمارا مقابلہ بہت غلط قسم کے لوگوں سے ہو رہا ہے۔ بات ذرا سی تھی مگر بڑھتے بڑھتے جان سے مارنے تک نوبت آ گئی ہے۔ میرے شوہر اور بیٹوں کی جان خطرے میں ہے۔ ان کو بھی سمجھا سمجھا کر تھک گئی ہوں مگر کوئی میری سنتا ہی نہیں۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔ میں تمام عمر آپ کو دعائیں دوں گی۔ کچھ ایسا ہو جائے کہ وہ سب دشمنی سے باز آ جائیں۔ (پوشیدہ)

جواب محترمہ! آپ نے جو حالات لکھے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بدلے کی آگ دونوں طرف برابر لگی ہے۔ آپ یہ تو چاہ رہی ہیں کہ وہ لوگ دشمنی سے باز آ جائیں مگر یہ سوال آپ نے نہیں کیا کہ آپ کے شوہر اور بیٹے کیسے دشمنی سے باز آئیں گے؟

چینی پر ''**یالطیف**'' 1100 بار اس نیت سے پڑھ کر دم کریں کہ ان کے دل نرم پڑ جائیں اور دشمنی سے باز آئیں۔ دشمنوں کے لئے آپ دن رات میں فارغ وقت مقرر کر کے سورۂ قریش اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں۔ پھر انگشت شہادت پر دم کر کے دشمنوں کا تصور کر کے انگلی سے ان کے قلب کی طرف اشارہ کریں۔ یہ عمل ایک بیٹھک میں تین بار کریں۔ پھر اگلے روز اسی وقت کریں۔ چند روز تک کریں۔ ان شاء اللہ دشمن مغلوب ہوں گے اور دشمنی سے باز آ جائیں گے۔

مطب العارف کی وہ ادویات جو اپنا لوہا منوا چکی ہیں اور سینکڑوں مریضوں کی شفایابی کا ذریعہ بنی ہیں

1. طلاءِ خاص الخاص: عضوِ خاص کا ڈھیلا پن ختم، لمبائی او موٹائی میں اضافہ کرے۔ مضبوطی اور سختی پیدا کرے۔
قیمت: 500 روپے

2. حبوب ذکاوتِ حس: غلط کاریوں کی وجہ سے ہونے والی ذکاوتِ حس سے چھٹکارے کا بہترین حل۔
قیمت: 450 روپے

3. زور آور کیپسول: ◆ زور آور کیپسول اپنے نام کی طرح واقعی زور آور ہے ◆ ہر قسم کی مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین چیز ہے ◆ مردانہ کمزوری کے غریبوں کو مردانہ طاقت کا باعث بادشاہ بناتا ہے۔
چھوٹی پیکنگ: 750 روپے

4. معجون خاص زعفرانی: ◆ جنسی کمزوریوں کا نام ونشان تک ختم کر دیتا ہے ◆ بے رغبتی، بے توجہی، عدم دلچسپی اور بے حسی کا خاتمہ کرتا ہے ◆ خواہشات میں زبردست اور بے انتہا اضافہ کرتا ہے ◆ عضوِ خاص میں سختی اور مضبوطی کو قائم و دائم رکھتا ہے ◆ نامرد کو مرد بنانے اور کمزور حضرات کو طاقت ور بنانے کے کام آتا ہے۔
قیمت: 950 روپے

5. پیغام جوانی کیپسول: ◆ طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ◆ قدر دانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے۔
چھوٹی پیکنگ: 750 روپے

6. سفوف شباب آور: ◆ مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے ◆ جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے ◆ بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے ◆ مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے ◆ جوانی کو قائم و دائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے ◆ ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے۔
قیمت: 850 روپے

7. حبوب طاقت: کثرتِ جماع کی کمزوری کو دور بھگائے اور گمشدہ طاقتوں کو دوبارہ بحال کرے۔
قیمت: 800 روپے

8. ٹھنڈک کورس: جگر، مثانہ کی گرمی کا زبردست توڑ۔ کالے اور پیلے یرقان اور جملہ امراض گرما کا بہترین علاج۔
قیمت: 550 روپے

9. لبوب کبیر خاص الخاص: مردانہ طاقتوں کو کرے ازسرِنو بحال۔ موسم سرما کا ایک لاجواب طبی تحفہ۔
قیمت: 1350 روپے

10. عارفی پھکی: ہر قسم کے نمکیات سے پاک۔ معدہ کی جلن، ہاضمہ کی کمزوری کا زبردست علاج۔
قیمت: 100 روپے

11. احتلام کورس: قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا گیا احتلام کورس جو احتلام کا خاتمہ کرتا ہے۔
مکمل کورس: 1100 روپے

12. شادی کورس: شادی کے نام سے ہی خوف زدہ ہونے والوں کیلئے زبردست مثالی تحفہ۔
قیمت: 5500 روپے

13. دماغی ٹانک: برسوں کی باتیں بھی یاد آجائیں...... بے مثال حافظہ کیلئے بہترین ساتھی۔
قیمت: 350,1400 روپے

14. شاہی: خون کی کمی سے پیدا ہونے والے امراض کی لاثانی دوا ◆ مرد، عورت اور بچوں کیلئے یکساں مفید۔
قیمت: 300 روپے

مطب العارف، کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
042-35410586, 0320-7772772
Web: darulamal.org/matabalaarif
Email: matabalaarif@gmail.com

گھریلو اور سسرالی مسائل اور ان کا روحانی حل

نفسیاتی ساس

سوال میری جہاں شادی ہوئی ہے، وہاں جا کر میں کسی طرح سکون سے نہیں ہوں۔ اصل وجہ میری ساس ہیں۔ وہ میری شوہر کی سوتیلی والدہ ہیں۔ ان سے تین بچے ہیں مگر وہ تینوں میرے شوہر سے چھوٹے ہیں۔ میرے شوہر کی والدہ کے انتقال کے بعد میرے سسر نے دوسری شادی کی تھی۔ مسئلہ یہ ہے کہ میری ساس کسی طرح بھی مجھے برداشت نہیں کر پا رہی ہیں۔ میں جو بھی کام کروں، اس میں نقص نکالتی ہیں۔ مجھے کچن میں کام نہیں کرنے دیتیں۔ اور جب میرے شوہر شام کو گھر آتے ہیں تو میری شکایتیں بھی لگاتی ہیں۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا ہے کہ میں کیا کروں۔ مجھے بتائیں کہ کیا کسی نے ہم لوگوں پر یا مجھ پر کوئی جادو تو نہیں کروایا؟ (فرحین، لاہور)

جواب آپ پر یا آپ کے شوہر اور ساس پر کسی نے کچھ نہیں کروایا۔ اصل میں آپ کی ساس اُن عورتوں کی طرح ہیں، جو گھر میں صرف اپنی حکمرانی چاہتی ہیں۔ اور اگر کوئی ایسا آ جائے جس سے ان کو ذرا بھی ڈر ہو کہ میری حکمرانی میں اب یہ دخل دے گا تو وہ اُس کی انتہا درجہ کی مخالف ہو جاتی ہیں۔ یہ ایک نفسیاتی مسئلہ ہے اور آپ کی ساس کافی حد تک ایک نفسیاتی مریضہ ہیں۔ عام آدمی پر محبت کا عمل جلد اثر کرتا ہے مگر جو لوگ نفسیاتی مریض ہوتے ہیں، ان پر جلدی اثر نہیں کرتا۔ نفسیاتی مریض کے لیے جہاں کوئی عمل کیا جائے، وہیں نفسیاتی علاج بھی جاری رکھا جائے۔ پھر فائدہ جلد اور زیادہ ہوتا ہے۔ اب آپ کی ساس کا نفسیاتی علاج تو ہو نہیں سکتا کیونکہ کون اتنی جرات کرے گا کہ ان کو کہے کہ ”آپ کسی نفسیاتی معالج سے رجوع کریں۔“

دو عمل لکھ رہا ہوں۔ پابندی سے کچھ عرصہ یہ دونوں عمل کرتی رہیں۔

۱)...... رات کو تصور میں ساس کو سامنے کھڑا دیکھیں اور اکتالیس بار سورۂ اخلاص پڑھ کر ان کے دل و دماغ پر دم کریں اور جیسا آپ ساس کو دیکھنا چاہتی ہیں، ویسا تصور کریں کہ وہ ہو گئی ہیں۔ دو سے تین ماہ لگاتار یہ عمل کریں۔ ناغہ کے دنوں میں نہ پڑھیں۔

۲)...... فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (بقرہ: ۱۳۷)

اس آیت کو باطہارت کاملہ ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر یا لکھوا کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھیں اور کثرت سے اس کو پڑھتی رہیں۔ جب بھی ساس کے سامنے جائیں تو تعویذ بندھا ہوا ہو۔ اور کم از کم گیارہ بار پڑھ کر ساس پر دم کر دیا کریں۔ جتنا موقع ملے، گیارہ بار پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ، کافی بہتری آ جائے گی۔

گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے رہنا

سوال ہمارے گھر میں لڑائی جھگڑے بہت ہوتے ہیں۔ طرح طرح کے مسائل کا شکار ہیں۔ سسرال میں ساس سسر اور جیٹھ کے ساتھ رہتے ہیں۔ میرے شوہر اپنی طرف سے کافی کوشش کرتے ہیں مگر حالات میں سدھار پیدا نہیں ہو رہا۔ آپ بتائیں کہ اس کی کیا وجہ ہے اور کیسے ہمارے حالات بہتر ہو سکتے ہیں؟ (سعدیہ، لاہور)

جواب لڑائی جھگڑوں کی ایک بڑی وجہ آپ لوگ خود ہیں۔ سب کے ہی مزاج سخت ہیں۔ کوئی ایک دوسرے کو برداشت کرنے کو تیار نہیں۔ آپ کے گھر میں اثرات بھی ہیں اور جادو کا بھی معاملہ ہے۔ ادارے کی روحانی علاج گاہ سے رابطہ کریں۔ وہاں سے کسی روحانی معالج کو گھر پر بلا کر گھر کا عمل کروائیں اور جادو اور سایہ کے اثرات کو ختم کروائیں۔ جب تک عامل

سے باقاعدہ علاج شروع نہ ہو، یہ عمل کریں:

گھر والے مل کر پانی، چینی، نمک، آٹے اور کسی بھی طرح کی خوشبو (جس کی دھونی گھر میں دی جا سکے) پر یہ دم کریں:

١)......درودِ ابراہیمی 41 بار

٢)......آیت الکرسی 313 بار

٣)......سورۂ فلق 121 بار

٤)......سورۂ مزمل 21 بار

٥)......درودِ ابراہیمی 41 بار

پانی زیادہ مقدار میں ہو، تاکہ مزید نہ ملانا پڑے۔ روزانہ یہ پانی پینے میں استعمال کریں۔ پورے گھر میں پاک کونوں اور دیواروں پر دن اور رات میں وقت مقرر کر کے چھڑکیں۔

چینی، نمک، آٹا ...... اپنے کھانے پینے میں استعمال کریں۔ پانی چھڑکنے کے بعد پورے گھر میں دم شدہ خوشبو کی دھونی دیں۔ ان شاء اللہ، صرف گیارہ دن کے عمل سے ہی واضح فرق محسوس ہوگا۔ اکیس دن اس عمل کو مکمل کریں۔

اس دوران حتی الامکان لڑائی جھگڑے سے پرہیز کریں۔ یہی سمجھ لیں کہ اکیس دن تک زبان بالکل بند رکھنی ہے۔

اگر گھر پر سے سایہ اور جادو کو ختم نہ کیا گیا تو پھر محبت کے عمل کرنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ یاد رہے کہ یہ عمل عارضی طور پر دیا ہے۔ اصل یہی ہے کہ آپ کسی عامل سے گھر کا علاج کروائیں۔

والد صاحب...... بڑی بھابھی سے بہت بدگمان ہیں

سوال میرے والد صاحب، بڑی بھابھی کے ہاتھ کا پکا ہوا نہیں کھاتے۔ ان پر پہلے کافی جادو تھا۔ آپ ہی سے علاج کروایا تھا۔ الحمدللہ، جادو تو ختم ہو گیا۔ ہمیں کئی جگہ سے پتہ چلا کہ جادو کروانے والی ہماری بڑی بھابھی ہیں اور گھر سے بھی کئی شواہد ملے۔ اب والد صاحب کسی طرح بھی ان پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں۔ والدہ فوت ہو چکی ہیں۔ بہن کوئی ہے نہیں۔ ہم صرف دو بھائی ہیں۔ میں غیر شادی شدہ ہوں۔ بھابھی کے ہاتھ کا کھانا، ہماری مجبوری ہے۔ ہم نے بھابھی کو نہیں بتایا کہ ان کا نام جادو کروانے میں آیا ہے۔ آپ سے بھی پوچھا تھا تو آپ نے کہا تھا کہ کروانے والے کا نام تو نہیں بتاتا، آپ کی بھابھی اب نہیں کر رہیں۔ پہلے کا اللہ بہتر جانتے ہیں۔

والد صاحب کے دماغ میں بات بیٹھ گئی ہے اور کسی طرح بھی وہ بات سننے کو تیار نہیں۔ بڑی مشکل ہوتی ہے ان کے لیے الگ کھانے کا انتظام کرنے میں۔ مہربانی فرما کر اس کا کوئی حل تجویز فرمائیں۔ (س۔ا، لاہور)

جواب آپ یہ وظیفہ اکیس (٢١) یوم پڑھیں۔ ان شاء اللہ، والد صاحب کا دل آپ کی بھابھی کے لیے نرم ہو جائے گا۔

یالطیف، لطف کر...... فلاں بن فلاں (والد اور دادی کا نام) کا دل فلاں بنت فلاں (بھابھی اور بھابھی کی والدہ کا نام) کے حق میں نرم کر

ایک سو انتیس (١٢٩) مرتبہ روزانہ پڑھنا ہے۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ جب پڑھ لیں تو تصور دونوں کا کریں اور والد صاحب کے دل اور دماغ پر دم کر دیں۔ ان شاء اللہ، ان کا دل، آپ کی بھابھی کے لیے نرم ہو جائے گا اور شکوک و شبہات بھی ختم ہوں جائیں گے۔

بیٹی کی ساس بہت پریشان کر رہی ہے

سوال میری بیٹی حاملہ ہے اور تین ماہ کا حمل ہے۔ اس کی طبیعت بھی خراب ہے۔ ڈاکٹر نے آرام کا مشورہ دیا ہے۔ اس کی ساس کو میری بیٹی کا کوئی خیال ہی نہیں۔ گھر میں دو نندیں ہیں۔ وہ AC چلا کر اپنے کمرے میں بیٹھی رہتی ہیں۔ سارا کام میری بیٹی کرتی ہے۔ اس کو دوپہر کو AC تک چلانے کی اجازت نہیں ہے۔ ساس نے کمرے میں آ کر خود بند کروایا ہے اور کہا کہ بل زیادہ آتا ہے۔ جب کہ وہ لوگ بہت امیر لوگ ہیں۔ پیسے کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ پھر بھی اس عورت کو میری بیٹی کا کوئی خیال نہیں ہے۔

خود وہ سارے لوگ کنسلٹنٹ کے علاوہ عام ڈاکٹر کو نہیں دکھاتے۔ جبکہ

میری بیٹی کو عام MBBS لیڈی ڈاکٹر کو دکھا رہے ہیں۔

ہر روز کسی نہ کسی بات پر ڈانٹتی رہتی ہیں۔ کبھی کبھی تو حد کر دیتی ہیں یہاں تک کہ بیٹی کی نندیں بھی اپنی ماں کو کہہ دیتی ہیں کہ "چپ ہو جائیں" مگر وہ چپ نہیں ہوتیں۔

ہم نے اپنی بیٹی کو بڑے نازوں میں پالا ہے۔ اس کی یہ تکلیف ہم سے دیکھی نہیں جا رہی۔ داماد تو کوئی بات سنتا ہی نہیں۔ وہ کہتا ہے کہ میں اپنی ماں کے سامنے نہیں بول سکتا۔ وہ جو کہتی ہیں، صحیح کہتی ہیں۔ بیٹی سے داماد کا رویہ اچھا ہے۔ لڑتا نہیں ہے۔ لیکن ماں غلط بھی کرے تو وہ ماں صحیح ہے۔ بیٹی کی ماں کے سامنے بالکل طرف داری نہیں کرتا۔

مہربانی فرما کر کچھ ایسا کریں کہ میری بیٹی کی زندگی سکون سے گزرے اور اس کی ساس اس کے ساتھ غلط برتاؤ چھوڑ دیں۔ (پوشیدہ۔ لاہور)

جواب: آپ نے جو حالات لکھے ہیں، وہ بہت گھروں کی کہانی ہے۔ یقیناً والدین کو بہت دکھ ہوتا ہے اور ہونا بھی چاہیے، لڑکیوں کا جو معاملہ ہے۔ لڑکیوں کے معاملے میں ویسے ہی دل نازک ہوتا ہے۔

آپ کے مسئلے کا جواب تھوڑا طویل ہے تا کہ ان تمام بہنوں کو بھی فائدہ ہو، جو اس کرب میں مبتلا ہیں۔

سب سے پہلے ایک لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔ پھر اس کے مطابق وظیفہ یا عمل کیا جائے۔ آپ کے کیس کو سامنے رکھتے ہوئے میرے مطابق اکیس (۲۱) دن کا درج ذیل عمل کریں۔ ان شاء اللہ، علاج سے پہلے کے حالات نوٹ کر لیں۔ پھر ہر ہفتہ کا علاج مکمل ہونے پر پچھلے حالات سے موازنہ کر لیجیے گا، نتیجہ خود آپ کو پتہ لگ جائے گا۔ تفصیل درج ذیل ہے:

داماد کے لیے لائحہ عمل

۱) ...... شوہر کے لیے حب کا عمل کیا جائے۔ اگر چہ اس کا رویہ اچھا ہے مگر حب کی زیادتی ہوگی تو وہ بیوی کی بات زیادہ مانے گا اور زیادہ خیال رکھے گا۔ حب کے لیے دو کام کرنے ہیں:

۱) ہماری روحانی علاج گاہ سے "حب کی بتیوں کا کورس" منگوائیں۔ ایک ہفتہ کا ایک کورس ہے۔ تین کورس منگوائیں۔ یہ بتیاں، آپ نے اپنے گھر میں چراغ میں جلانی ہیں۔ مکمل طریقہ بتیوں کے کورس کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ بیٹی کا نام معہ والدہ اور ساس کا نام معہ والدہ ضروری ہے۔

۲) اپنی بیٹی کو کہیں کہ درج ذیل وظیفہ کرے۔ اگر وہ نہ کر سکے تو پھر آپ کریں۔ خیال رہے کہ بلا ناغہ عمل کرنا ہے۔ اگر وظیفے کے درمیان شرعی ناغہ آ جائے تو آپ کی جگہ کوئی اور پڑھ لے۔ بیٹی چونکہ حاملہ ہے، اس کا نہ شرعی ناغہ آئے گا اور پڑھنے کا اصل فائدہ بھی اسے ہی ہوگا۔ جب وظیفہ پڑھ لیں اور اول و آخر درود شریف بھی پڑھ لیں تو تصور کریں کہ آپ کا داماد بیٹی کا بہت خیال رکھ رہا ہے اور بہت اچھا برتاؤ ہے۔ جب یہ تصور قائم ہو جائے تو داماد کے دل و دماغ پر دم کریں۔ وظیفہ یہ ہے:

اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ (۱۱) بار اور تین سو تیرہ (۳۱۳) بار بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء مندرجہ ذیل آیت کو اکیس (۲۱) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ میاں بیوی میں محبت اور اتفاق پیدا ہو جائے گا۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾

(سورۃ زخرف: ۱۳)

۲) ...... شوہر کے لیے وقتی طور پر تسخیر کا عمل کیا جائے۔ اگر چہ شوہر کی تسخیر حرام ہے مگر گنجائش کے درجے میں وقتی تسخیر کی جا سکتی ہے۔ خصوصاً جب وہ واجب حقوق نہ دے رہا ہو اور جب بہت حق تلفی ہو رہی ہو۔ تسخیر کے لیے بیٹی کو یہ عمل کرنے کا کہیں۔ سات دنوں تک پچیس (۲۵) مرتبہ صبح اور شام کی نماز کے بعد پڑھیں۔ عمل کے اول آخر سات بار درود ابراہیمی پڑھنا ہے۔ اور اوپر درج طریقے کے مطابق تصور میں دم کریں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ شوہر کا نام اور ان کی والدہ کا نام لینا ہے۔ اگر بیٹی نہ کر سکے اور آپ کریں تو فلاں بن فلاں بحق فلاں بنت فلاں پڑھنا ہے۔ پہلے داماد اور اس کی والدہ کا نام پھر بیٹی اور اپنا نام۔

°بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سخرلی فلان ابن فلان

°الحمدللہ رب العالمین یا رقیب سخرلی قلبہ فلان ابن فلان

°الرحمان الرحیم یاودود سخرلی فلان ابن فلان

°مالک یوم الدین یارقیب سخرلی قلبہ فلان ابن فلان

°ایاک نعبد و ایاک نستعین یاودود سخرلی فلان بن فلان

°اھدنا الصراط المستقیم یارقیب سخرلی فلان بن فلان

°صراط الذین انعمت علیھم یاودود سخرلی فلان بن فلان

°غیر المغضوب علیھم یارقیب سخرلی فلان بن فلان

°ولا الضالین یاودود سخرلی فلان بن فلان

یہ تسخیر کا بہت خاص عمل ہے اور ہماری روحانی علاج گاہ کے خاص مجربات میں سے ہے۔ آپ کو اس کی خاص اجازت ہے۔

ان دونوں اعمال کو کرنے سے یہ فائدہ ہوگا کہ جب آپ کی بیٹی اپنے شوہر سے کوئی بات کرے گی، کوئی ڈیمانڈ کرے گی تو وہ اس کا بھرپور ساتھ دے گا۔ جیسے AC والی بات ہے تو بیٹی اپنے شوہر سے کہے کہ میری طبیعت کچن میں کام کر کے خراب ہوتی ہے، کیا میں AC چلا لیا کروں دوپہر کو؟ اسی طرح اپنی طبیعت کی خرابی کا بتایا کرے کہ کام کی زیادتی کی وجہ سے کافی طبیعت خراب ہو رہی ہے، میں کام سے انکار نہیں کر رہی مگر مجھ سے کام نہیں ہو رہا۔ وقتی طور پر کچھ دنوں کے لیے کسی ملازمہ کا انتظام کر دیں۔ اس طرح کی باتیں کریں۔ شکایت بالکل نہ کریں کہ ساس کا رویہ کیسا ہے، نندیں کام کو ہاتھ نہیں لگاتیں۔ یہ ایک مثبت طریقہ ہے بات کرنے کا اور جب عمل بھی ساتھ ہوگا تو ان شاء اللہ، نتیجہ بھی آپ ہی کے حق میں آئے گا۔

ساس کے لیے لائحہ عمل

زیادہ تر گھرانوں میں ساس کا معاملہ شوہر کی بنسبت زیادہ خراب ہوتا ہے۔ اس لیے ساس پر محنت بھی زیادہ کرنی پڑتی ہے۔ آپ کے کیس میں درج ذیل کام کرنا ہوں گے:

ا)......سب سے پہلے ساس کی زبان بندی کا عمل کرنا ہوگا۔ زبان بندی کے لیے دو عمل کرنے ہیں۔ ایک آپ نے اور ایک آپ کی بیٹی نے۔

ا) روحانی علاج گاہ سے زبان بندی کے لیے جوتے والے سات تعویذات منگوا لیں۔ تین دن کا ایک تعویذ ہوتا ہے۔ کل اکیس (۲۱) دن کا عمل ہے۔ یہ آپ نے کرنا ہے۔

۲) روحانی علاج گاہ سے زبان بندی کے تعویذات کا ایک سیٹ منگوا لیں۔ اکیس دن کے لیے ایک سیٹ کافی ہے۔ اس کے ساتھ جو وظیفہ کرنا ہوتا ہے، وہ بھی اسی میں لکھا ہے۔ یہ بیٹی نے کرنا ہے۔ تعویذ پلانا ہے، وظیفہ نمک پر پڑھ کر دم کرنا ہے اور اس نمک کو کھانے میں استعمال کرنا ہے۔ ایک تعویذ گھر میں وزن کے نیچے رکھنا ہے۔ اگر وہ نہ رکھ سکے تو پھر آپ اپنے گھر میں رکھ لیجیے گا۔

۲)......ساس کے لیے حب کے عمل کے طور پر ''حب کی بتیوں کا کورس'' روحانی علاج گاہ سے منگوائیں۔ ساس کے لیے بتیوں کے ساتھ وظیفہ بھی کرنا ہے۔ جب وظیفہ ختم ہو تو روز کا چراغ بھی ختم ہونا چاہیے۔ طریقہ فون پر روحانی علاج گاہ والوں سے سمجھ لیجیے گا۔

وظیفہ یہ کرنا ہے: جب چراغ جلے تو شمع کی طرف منہ کر کے پہلے و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک تسبیح (۱۰۰ بار) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالَہٗ...... پڑھیں۔ جب ایک تسبیح پوری ہو جائے تو تصور میں بیٹی کی ساس کو دم کریں، پھر دعا کر لیں۔ وظیفہ بہت جلدی جلدی نہیں پڑھنا، آہستہ آہستہ پڑھنا ہے۔

۳)......ساس کی تسخیر جائز بھی ہے اور بعض جگہ بہت ضروری بھی ہو جاتی ہے۔ اور آپ کے کیس میں تو بہت ہی زیادہ ضروری ہے کیونکہ بیٹی حاملہ بھی ہے۔ اس کے لیے آپ یہ وظیفہ کریں:

اول و آخر گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں ایک سو (۱۰۰) بار یہ آیات پڑھیں۔ ان شاء اللہ چند دن میں حالات تبدیل ہوجائیں گے۔ عمل کے آخر میں تصور میں بیٹی کی ساس کو دم کرنا ہے اور تصور یہ کرنا ہے کہ وہ بیٹی سے بہت اچھی ہوگئی ہیں اور اس کا بہت خیال رکھ رہی ہیں۔ آیات یہ ہیں:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۚ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (ال عمران: ۲۶-۲۷)

اگر مزید کام کو اچھا کرنا ہو تو روحانی علاج گاہ سے "محبت کا نمک" اور "محبت کی چینی" بیٹی کی ساس اور شوہر کے نام سے روحانی علاج گاہ سے تیار کروالیں اور بیٹی کھانے پینے میں اپنی ساس اور شوہر کو استعمال کروائے۔

تمام وظائف و علاج کے بعد اللہ ﷻ سے نتیجہ کی کامیابی کی دعا مانگنا لازم ہے۔ جو بھی تدبیر کریں، جب تدبیر مکمل ہوجائے تو لازمی دعا مانگیں۔ بہت لوگ اس میں غلطی کرتے ہیں۔

وکیل بہو اور طلاق کا کیس

سوال میری بہو وکیل ہے۔ وہ میرے بیٹے کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی۔ بہت تنگ کر کے رکھا ہوا ہے۔ آخر کار مجبور ہو کر میرے بیٹے نے علیحدگی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ میری بہو اپنے میکے چلی گئی ہے اور وہ لوگ سامان بھی لے گئے ہیں۔ اب انہوں نے الٹا کیس کر دیا ہے اور ایک جھوٹی سامان کی فہرست پر دعویٰ کیا ہے کہ ہم نے ان کا دینا ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنا سارا سامان لے کر جاچکی ہے جس کے گواہ محلے والے بھی ہیں۔

میری بہو خود وکیل ہے اور ان کے ساتھ کئی وکلاء ہیں۔ وہ مسلسل ہمیں دھمکا بھی رہی ہے۔ غنڈے لے کر ہمارے گھر آجاتی ہے۔ میں بہت پریشان ہوں۔ بیٹا الگ پریشان ہے۔ میں بیوہ ہوں۔ ایک ہی بیٹا ہے۔ بہت زیادہ پریشان ہوگئی ہوں۔ خدارا! میری مدد فرمائیں۔ (پوشیدہ)

جواب محترمہ! اللہ ﷻ پر بھروسہ رکھیں۔ غنڈے اور وکیل آپ کا کچھ نہیں کر سکتے، اگر اللہ ﷻ کو منظور نہ ہو تو۔ آپ کو دو عمل دے رہا ہوں۔ اس کو پابندی سے کریں۔ ان شاء اللہ، آپ خود نتیجہ دیکھ لیں گی۔

۱)...... یہ عمل میرے استاذ محترم حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب رحمہ اللہ کا عطیہ ہے۔ دشمنوں کے لیے ایک تیر بے خطا ہے۔ جب بھی کسی کو دیا، اللہ ﷻ نے عزت رکھی۔ آپ کو بھی دے رہا ہوں۔ صرف گیارہ دن کرنا ہے۔ عمل یہ ہے کہ روزانہ دن بارہ بجے گیارہ سو دو (۱۱۰۲) مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

اس سے آپ کے تمام دشمن مغلوب ہوجائیں گی۔

۲)...... اس عمل سے آپ کی بہو آپ کی مسخر ہوجائے گی اور بات مانے گی۔ مزید کیس نہیں کرے گی۔ پانچ (۵۰۰) مرتبہ ان چار اسماء الحسنیٰ کا ورد کرنا ہے، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ یہ عمل بھی مسلسل گیارہ یوم کریں۔ اسماء یہ ہیں: یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ۔ عمل کے اختتام پر تصور کریں کہ بہو آپ کے پاس آگئی ہے اور جیسے آپ کہہ رہی ہیں، وہ کر رہی ہے۔ مزید تاثیر چاہتی ہیں تو ان چاروں اسماء کا کھلا ورد بھی کرتی رہیں۔

ان شاء اللہ، کیس بھی آپ کے حق میں ہوگا اور بغیر کسی نقصان کے آپ کی اپنی بہو سے جان بھی چھوٹ جائے گی۔

وکیل بہو سے جان چھوٹ گئی

سوال میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں۔ آپ نے جو وظائف دیے تھے، وہ میں نے پابندی سے کیے۔ اللہ کا شکر ہے کہ میری بہو نے ہماری دی ہوئی سامان کی فہرست کو مان لیا اور تھوڑا بہت جو سامان رہ گیا تھا، وہ اٹھوا لیا ہے۔ کوئی جھگڑا ابھی نہیں کیا۔ البتہ کیس ابھی تک عدالت میں چل رہا ہے۔ مجھے بتائیں کہ مزید مجھے کیا کرنا ہے۔ آپ نے گیارہ دن پڑھنے کا فرمایا تھا۔

گیارہ دن بعد آپ سے دوبارہ پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ مزید گیارہ دن کا وظیفہ دوبارہ کریں۔ دوسرے وظیفے کے ختم ہوتے ہی ہمارا کام ہوگیا۔ میں آپ کی بہت شکر گذار ہوں۔ (پوشیدہ)

جواب: محترمہ! شکر صرف اللہ جلّ جلالہٗ کا ادا کریں جس نے آپ کی فریاد سنی اور میری عزت رکھی۔ اس میں میرا کوئی کمال نہیں۔ واللہ، میں نے پیچھے سے کوئی عمل نہیں کیا۔ پہلا وظیفہ دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ دوسرے وظیفے کو مزید اکیس یوم تک تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھتی رہیں۔ ان شاء اللہ، اسی دوران کیس بھی ختم ہوجائیں گے۔ تصور میں بہو کو دم کریں اور جو چاہتی ہیں، اس کا وظیفے کے اختتام پر تصور کیا کریں۔ اللہ جلّ جلالہٗ آپ کا حامی وناصر ہو۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔

گھر میں لڑائی جھگڑا

سوال: میرا مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے والدین میں زیادہ تر نااتفاقی رہتی ہے۔ ابو جان کا غصہ بہت ہے۔ وہ ہم سے باپ والا پیار بھی نہیں کرتے۔ میں چاہتی ہوں کہ ہمارے گھر کا ماحول خوشگوار ہوجائے۔ کوئی ایسا عمل بتائیں کہ جس کو پڑھ کر میں اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں میں خوشگواری کا ماحول پیدا کرنے میں کامیاب ہوجاؤں۔ (پوشیدہ، راولپنڈی)

جواب: روزانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم 786 مرتبہ پڑھ کر پانی اور چینی پر دم کریں۔ یہ پانی اور چینی سب گھر والے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ 21 دن کے بعد حالات بہتر ہونے شروع ہوجائیں گے۔

سسرالی رشتہ دار زمین پر قبضہ کررہے ہیں

سوال: میری بیوی کی مشترکہ زمین ہے۔ ان کی ایک بہن بیوہ ہے۔ اس بیوہ سالی نے اپنے دیور کے ساتھ مل کر زمین کا اپنا حصہ بیچ دیا لیکن ظلم یہ کیا کہ فرنٹ کا حصہ لے لیا جب کہ زمین مشترکہ تھی اور ابھی یہ فیصلہ نہیں ہوا تھا کہ کون سا حصہ کس بہن کا ہے۔

اب بڑی سالی کا دیور دیگر حصوں پر بھی قبضے کے چکر میں ہے۔ مہربانی فرما کر کچھ بتائیں کہ اس بدمعاش سے جان چھوٹ جائے اور وہ دوسروں کا حق قبضہ نہ کرے۔ (س، لاہور)

جواب: کوئی وقت مقرر کر کے روزانہ اکتالیس (۴۱) بار سورۂ کوثر پڑھیں۔ جب "ھو الابتر" پر پہنچیں تو ان کلمات پر زور دیں اور ایک چھری سے سامنے اوپر سے نیچے لکیر کھینچیں جیسے کسی چیز کو کاٹتے ہیں۔ تصور میں اس بدمعاش کا چہرہ لائیں۔ اکتالیس (۴۱) مرتبہ یہ کام کرنا ہے۔ کم از کم اکیس (۲۱) یوم اس پر عمل کریں۔ ان شاء اللہ، وہ شخص پیچھے ہٹ جائے گا۔

بہن راضی ہوجائے

سوال: میری چھوٹی بہن مجھ سے نفرت کرتی ہے۔ وجہ میری ہی غلط حرکتیں ہیں۔ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں کہ وہ مجھ سے راضی ہوجائے۔

(پوشیدہ، فیصل آباد)

جواب: اس کے لئے آپ 111 بار "یالطیف" پڑھ کر بہن کی طرف دم کردیا کریں۔ 21 دن یہ عمل کر کے اطلاع کریں۔ کوئی ایک وقت مقرر کرلیں۔ اور جو غلط حرکتوں کی وجہ سے ناراضگی ہے، وہ آئندہ نہ کرنے کا عہد کریں۔ اور بہن سے معافی بھی مانگیں۔

ساس کی شکایتیں

سوال: میری ساس کا رویہ مجھ سے بہت برا ہے۔ وہ ہر وقت کچھ نہ کچھ میرے خلاف سازش کرتی رہتی ہیں۔ کچھ ایسا کریں کہ میرے شوہر مجھے علیحدہ گھر لے کر دے دیں۔ (رمشا کنول، اسلام آباد)

جواب: آپ نے اپنی ساس کا تو لکھ دیا مگر اپنا کچھ نہ لکھا۔ غور کریں کہ وہ کون سی باتیں ہیں جو ساس کو بری لگتی ہیں اور آپ ان کو چھوڑتی نہیں۔ اپنی غلطیوں کی اصلاح کرنا ہی اصل کام ہے۔ دوسروں کی غلطیوں کی نشاندہی کا کیا فائدہ؟ امید ہے آپ میرا مطلب سمجھ گئی ہوں گی۔ جہاں تک علیحدہ گھر لینے کی بات ہے تو اگر آپ کی ساس اکیلی ہیں اور آپ کے شوہر ہی ان کا سہارا ہیں تو اس خیال کو دل سے نکال دیں۔

ساس کا دل نرم کرنے کے لئے سلٰم قولا من رب رحیم گیارہ سو مرتبہ

رات کو پڑھ کر تصور میں دم کر دیا کریں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ اکیس یوم عمل کر کے اطلاع کریں۔

ظالم رشتہ دار (جیٹھ)

سوال میں اپنے جیٹھ کے ہاتھوں بہت تنگ ہوں۔ ان لوگوں نے ہم سے بہت زیادتی کی ہے۔ آپ کچھ پڑھنے کو بتائیں کہ ان میں ہمت ہی نہ رہے تنگ کرنے کی۔ گھر میں ایک شادی بھی آ رہی ہے۔ وہ بھی آرام سے ہو جائے اور کوئی مسئلہ ان لوگوں کی طرف سے نہ ہے۔ (پوشیدہ)

جواب نماز فجر سے قبل یعنی سنت پڑھنے کے بعد فرضوں سے قبل گیارہ دفعہ یہ دعا پڑھیں: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ اَعْدَائِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ بن داؤد علیہ السلام وَلَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِداؤد علیہ السلام وَذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی علیہ السلام بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ صم بکم عمی فھم لا یرجعون صم بکم عمی فھم لا یعقلون صم بکم عمی فھم لا یبصرون اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ والحمد للہ رب العلمین۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے دشمن آپ کے خلاف ہونا چھوڑ دیں گے ورنہ ذلیل ہوں گے۔

رویہ ٹھیک ہو جائے

سوال میرے گھر والوں کا مجھ سے رویہ ٹھیک نہیں۔ بات بات پر جھڑکتے ہیں۔ کوئی نہ کوئی الزام لگاتے رہتے ہیں۔ کوئی ایسا عمل بتا دیں کہ میرا مسئلہ حل ہو جائے۔ (پوشیدہ، لاہور)

جواب گیارہ مرتبہ یہ آیت کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر روز مطلوبہ افراد کو کھلائیں۔ اور ساتھ ہی لکھ کر اپنے بائیں بازو پر باندھ لیں۔ آیت یہ ہے:

صم بکم عمی فھم لا یرجعون

بچے ماں کو اس کا مقام دیں

سوال میری بہن کے تین بیٹے ہیں۔ ایک کی شادی ہو گئی ہے۔ تینوں بیٹے لاہور میں رہتے ہیں۔ وہ خود گاؤں میں رہتی ہیں۔ وہ آپ کے پاس نہیں آ سکتیں، اس لیے میں ان کا مسئلہ لے کر آئی ہوں۔ ان کے تینوں بیٹے نافرمان تو نہیں ہیں لیکن فرمانبردار بھی نہیں ہیں۔ اپنی والدہ کا کوئی خیال نہیں کرتا۔ تینوں ماشاء اللہ کھاتے پیتے ہیں۔ پیسے کی کوئی کمی نہیں لیکن والدہ کو کوئی نہیں پوچھتا۔ بڑا بیٹا تو شادی کے بعد بہت ہی بدل گیا ہے۔ باقی دو بیٹے بھی شاید بڑے بھائی کی بیوی کی باتوں میں آ کر ماں سے دور ہو گئے ہیں یا کوئی اور وجہ ہے، یہ آپ خود دیکھ لیں۔ میں چاہتی ہوں کہ تینوں بیٹے ماں کو اس کا مقام دیں اور فرمانبردار بنیں اور اس کا خیال رکھیں۔ اس کو اپنے پاس لاہور بلائیں۔ اس کے لیے جو عمل کرنا ہے، میں تیار ہوں۔ آپ مہربانی فرما کر مدد فرمائیں۔ (امت اللہ، لاہور)

جواب روحانی علاج گاہ سے تینوں بیٹوں کے لیے بندش والا عمل کروائیں۔ خود درج ذیل وظیفہ تینوں بیٹوں کے لیے بچوں کی والدہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں 66 مرتبہ یہ پڑھیں:

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ

قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ

اس عمل کو نئے چاند کی شب جمعرات یا جمعہ سے شروع کریں۔ گیارہ دن کرنے کے بعد بچوں سے کسی طرح بات کریں۔ اگر ان کا مطلب حل ہو جائے تو پڑھنا چھوڑ دیں۔ اگر کسی ایک بیٹے کا رویہ درست ہو جائے اور باقی کا نہ ہو تو مزید عمل جاری رکھیں۔ گیارہ دن پڑھ کر بات کریں۔ زیادہ سے زیادہ تین بار اس عمل کو کریں۔ ان شاء اللہ، بیٹے بہتر ہو جائیں گے۔ مزید راہنمائی عمل کی تکمیل کے بعد دی جائے گی۔

چہل کاف (۳) کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: چہل کاف حضرت غوث صمدانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ایک خاص کلام ہے جو ہر جائز مقصد اور حاجت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر پریشانی دور کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ مشائخِ عظام، بزرگانِ دین، علمائے کرام اور عاملین و روحانی معالجین کثرت سے اس عمل کو کرتے آئیں ہیں اور کر رہے ہیں۔ روحانی علاج میں اس عمل کو بہت زیادہ دخل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ غیر مسنون اعمال میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا اور مجرب عمل چہل کاف ہے تو غلط نہ ہوگا۔ چہل کاف کے پیچھے کثیر تعداد میں غیبی مخلوق ہے جو عامل کی معاونت کرتی ہے۔

عامل بننے کے فائدے: چہل کاف کے عامل بننے کے بہت سے فائدے ہیں۔ چند ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں:

...... دشمن کے ہر قسم کے معاملات	...... مخالفین کی زبان بندی	...... ناجائز محبت ختم
...... حصول اولادِ نرینہ	...... ہر طرح کے جادو کے اثرات کا علاج	...... ہر طرح کے جناتی اثرات کا علاج
...... ہر طرح کے آسیب کے اثرات کا علاج	...... ہر طرح کے شیطانی کے اثرات کا علاج	...... ہر قسم کی نظرِ بد کا علاج
...... ہر مشکل کا حل	...... زہر کا اثر ختم کرنا	اور بہت کچھ

عمل کے کُل درجے: اس عمل کے کل دو (۲) درجے ہیں۔ ایک ہی فیس میں دونوں درجوں کا عمل کروایا جاتا ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والا چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جا سکتی ہے۔

فیس 3100 روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

متفرق مسائل/حاجات اور ان کا روحانی حل

زیارت نبی کریم ﷺ

سوال مجھے کوئی ایسا وظیفہ ارشاد فرما دیں جس سے مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت ہو سکے۔ (عمران مسعود، لاہور)

جواب چالیس (۴۰) روز سورۂ یٰسین شریف کو پاک و صاف بستر پر خوشبو گلاب لگا کر مبین در مبین لوٹا کر پڑھیں۔ اول مبین پر پہنچنے کے بعد پھر شروع سے۔ اسی طرح ہر مبین پر سے لوٹ کر شروع سے پڑھنا ہے۔ دوسری مبین تک۔ آخری مبین پر شروع سے آخر ختم سورۃ تک۔ ان شاء اللہ ضرور زیارت سے مشرف ہوں گے۔ یاد رہے کہ کمرے میں کسی قسم کی تصویر نہیں ہونی چاہیئے نہ ہی کوئی بت ہونا چاہئے۔ اور نہ ہی ٹی وی اور گانے وغیرہ اس کمرے میں چلتے ہوں۔ جہاں وظیفہ پڑھیں، وہیں سو جائیں۔ باقی اصل بات تو یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہی ہے اپنے بندے پر کہ سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کروا دیں۔

شیطانی وساوس

سوال مجھے شیطانی وساوس بہت آتے ہیں۔ یہاں تک کہ عبادات میں بھی میرا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ میں بہت تنگ ہوں۔ مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں۔ (ارشاد، گوجرانوالہ)

جواب ہر نماز کے بعد تیرہ مرتبہ سورۂ فلق پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف تین بار پڑھیں۔

شیطانی عامل پیچھے پڑ گیا ہے

سوال میرے پیچھے ایک شیطانی عامل پڑ گیا ہے۔ پہلے میں اس کے پاس جاتا تھا مگر جب مجھے پتہ چلا کہ وہ کالا علم کرتا ہے، اس کے پاس شیطانی چیزیں ہیں تو میں نے اس سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔ اس نے مجھے آیت الکرسی پڑھنے سے منع کیا ہوا تھا۔ جب سے میں علیحدہ ہوا ہوں، مجھے بہت تکلیف اور پریشانیوں کا سامنا ہے۔ جسمانی تکالیف کے ساتھ ساتھ مختلف قسم کی بندشیں بھی لگ گئی ہیں۔ میں نے کئی جگہ علاج کروایا مگر وقتی فائدہ ہوتا ہے۔ کچھ دنوں بعد ویسے ہی اثرات شروع ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی وظیفہ پڑھوں تو ایک دو دن سے زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔ مہربانی کر کے میری مدد کریں اور مجھے اس عذاب سے چھٹکارا دلائیں۔ میری زندگی اجیرن ہو گئی ہے۔ (م، لاہور)

جواب سب سے پہلے تو یہ کام کریں کہ اس عامل کی دی ہوئی تمام چیزیں اپنے گھر سے نکال دیں۔ سب کو اکٹھا کر کے بہتے پانی میں بہا دیں۔ پھر سورۂ بقرہ ایک بار پڑھوا کر کافی زیادہ پانی پر دم کریں اور پورے گھر میں چھڑکیں۔ ہفتہ میں ایک بار پڑھوا لیا کریں اور سات ہفتے مستقل اس عمل کو کریں۔ اگر پہلے ہفتے روز پڑھوا لیں تو بہت ہی اچھا ہوگا۔

جس دن سورۂ بقرہ پڑھی جائے، اسی دن تمام گھر والے یا وہ افراد، جو متاثر ہیں، اس دم شدہ پانی کو اپنے اوپر بہائیں۔ بہانا ایسے ہے کہ پانی ناپاک اور گندی جگہ نہ جائے۔ کپڑے پہن کر بھی اپنے اوپر بہایا جا سکتا ہے۔ طریقہ روحانی علاج گاہ فون کر کے سمجھ لیں۔

تمام گھر والے ایک وقت مقرر کر کے تین دن تک درج ذیل عمل کریں۔ پانی، چینی، نمک، آٹے اور خوشبو پر دم کرنا ہے۔

۱)......گیارہ بار درود ابراھیمی

۲)......گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اس دعا کو پڑھیں:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

۳)......تین سو تیرہ (۳۱۳) بار آیت الکرسی۔

۴)......گیارہ بار درود ابراہیمی

تمام کلام پڑھ کر درج بالا چیزوں پر دم کریں اور ان چیزوں کو استعمال کریں۔ پانی پینا ہے، پورے گھر کے پاک کونوں اور دیواروں پر چھڑکنا ہے۔ آٹا، چینی اور نمک کھانے میں استعمال کریں۔ خوشبو کوئی بھی لے لیں، اگربتیاں یا بخور، ان کی دھونی عصر کے بعد مغرب سے کچھ پہلے پورے گھر میں دیں۔ پہلے پانی چھڑکیں، پھر دھونی دیں۔

یہ عمل گیارہ دن تک کریں۔ پھر گیارہ دن بعد یہی عمل دہرائیں۔ تین بار یہ عمل کریں اور حالات کی اطلاع کرتے رہیں۔ مزید ہدایات بعد میں دی جائیں گی۔

مغرب کی اذان ہوتے ہی گھر کے تمام کمروں میں قبلہ رو ہو کر اذان پڑھیں اور اس کمرے کے تمام کونوں اور چھت پر دم کر دیں۔

باہر کے ملک جانا

سوال میں نے باہر کے ملک جانے کیلئے دو دفعہ کوشش کی مگر میرا کام نہیں ہوا۔ آپ کچھ بتائیں کہ کس ملک میں جانے کے امکانات ہیں اور میرے لئے کیسا رہے گا؟ (پوشیدہ)

جواب محترم! بندے کے پاس ایسا کوئی علم نہیں کہ قبل از وقت غیب کی خبریں فوری پتہ کر کے بتا سکوں کہ آپ کس ملک میں جائیں گے یا کس کے امکانات ہیں۔ اس کے لئے واحد حل یہی ہے کہ خود آپ اللہ تعالیٰ سے پوچھیں کیونکہ وہی غیب جانتے ہیں اور ان کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ سب حساب یا اندازے ہوتے ہیں اور مستقبل کے بارے میں کسی بھی حساب یا اندازے پر یقین کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ اور حد درجہ یقین سے ایمان زائل ہونے کا خطرہ ہے۔ افسوس کے آج کل یہ بات عام ہے اور لوگ اپنے مستقبل کے بارے میں جاننے کے لئے بہت فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ سونے سے پہلے دو رکعت نمازِ استخارہ پڑھیں اور 812 بار "یَا خَبِیْرُ" پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ آپ کو 3 سے 7 دنوں میں خواب میں اشارہ مل جائے گا۔

استخارہ

سوال میں نے کئی بار استخارہ کیا مگر مجھے پتہ نہیں لگا۔ آپ مجھے کچھ ایسا پڑھنے کو بتائیں جس سے مجھے خواب میں نظر آجائے۔ (مریم، اسلام آباد)

جواب بعد نماز عشاء یکسو ہو کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار اس آیت شریف کو پڑھے اور مطلب کا خیال کر کے سو جائیں۔ جو بہتر ہوگا، ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ "سبحنك لا علم...... العليم الحكيم" (سورۃ بقرہ)

جلدی کا استخارہ

سوال کسی چیز کے متعلق استخارہ کرنا ہو اور فوراً کرنا ہو تو کیا طریقہ ہوگا؟ (چوہدری غلام یسین، لاہور)

جواب اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ۔ سات دفعہ پڑھ کر مراقب ہو کر دل میں غور کریں۔ جواب مل جاتا ہے۔

بزرگوں سے ملاقات

سوال مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ میں اولیاء کرام سے ملاقات کروں۔ خواب میں یا کسی کے مزار کے پاس جا کر ملاقات کروں۔ (شکیل احمد، سیالکوٹ)

جواب آپ نے بہت ہی بڑا سوال کر لیا۔ اس کی تمنا تو بہت لوگ کرتے ہیں مگر کامیابی کسی کسی کو ملتی ہے۔ الحمد للہ ہمارے شاگردوں میں کئی ایسے ہیں جو کہ مزار پر جا کر بات چیت کرتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے اور یہ اسی کا کرم ہے۔ بندہ تو بہت گناہ گار ہے۔ خواب میں ملاقات اختیاری نہیں ہوتی۔ مزار پر ملاقات کے سلسلے میں میں آپ کی مدد نہیں کر سکتا کیونکہ اس کے لئے بہت شرائط ہوتی ہیں اور یہ وہ باتیں ہیں کہ نہ ہی خط میں بیان کی جاتی ہیں اور نہ ہی اخبار میں شائع کرنی چاہئیں۔ جن لوگوں کو طلب ہوتی

ہے، وہ آ کر لے جاتے ہیں۔ خواب میں ملاقات کے لئے ایک اپنا تجربہ شدہ عمل لکھ رہا ہوں۔ آپ کریں اور دعا کریں کیونکہ باطن کی صفائی ایسے معاملات میں جتنی ہوتی ہے اتنی ہی جلد کامیابی بھی ملتی ہے۔

عمل یہ ہے: سونے سے پہلے ایک تسبیح ''سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم'' اور ایک تسبیح سورۂ اخلاص کی پڑھ کر سو جائیں۔ کسی بھی صورت میں کوئی بات عمل کے بعد نہیں کرنی ہے ورنہ عمل ضائع ہو جائے گا۔

رکاوٹیں دور ہوں

سوال میرے بہت سے کام اٹکے ہوئے ہیں۔ مجھے کچھ پڑھنے کو بتا دیں تاکہ میری رکاوٹیں دور ہو جائیں۔ (فوزیہ، پشاور)

جواب روزانہ ایک ہزار چار سو انہتر (۱۴۶۹) بار سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ﴿۵۸﴾ (یس: ۵۸) پڑھ کر دعا کریں۔

بیرون ملک پڑھنے جانا

سوال میرے دیور باہر پڑھنے گئے ہوئے ہیں۔ میری دیورانی چاہتی ہیں کہ وہ بھی وہیں چلی جائیں۔ انہوں نے apply کیا ہوا ہے۔ کوئی ایسا عمل بتا دیں کہ ان کا یہ کام ہو جائے۔ (سعدیہ، فیصل آباد)

جواب اول و آخر تین تین بار درود شریف اور ایک بار سورۂ یٰس مبین در مبین اس طرح پڑھیں کہ جب پہلے مبین پر پہنچیں تو دعا کریں اور پھر دوبارہ شروع کریں۔ اسی طرح ہر مبین پر دعا کریں۔ یہ عمل گیارہ، اکیس یا چالیس یوم تک جاری رکھیں۔

زمینوں کا کیس حق میں ہو جائے

سوال ہمارا زمینوں کا کیس سرگودھا میں DCO کے پاس لگا ہوا ہے۔ ہم لوگ حق پر ہیں مگر مخالف پارٹی سیاسی اور پولیس کے اثر و رسوخ والی ہے۔ مہربانی فرما کر مدد فرمائیں تاکہ یہ کیس ہمارے حق میں ہو جائے اور مخالف پارٹی کچھ نہ کر سکے۔ اپنی خاص دعاؤں میں شامل رکھیں۔ (ع، لاہور)

جواب محترم، دعاؤں میں بالکل شامل رکھا ہوا ہے۔ جس دن پیشی ہو، اس دن صبح چار سو پچاس (۴۵۰) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر DCO کے سامنے جائیں۔ یہ احتیاط رہے کہ پڑھنے کے بعد DCO پر دم کرنا ہے۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ لیں۔ آیت یہ ہے:

حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ ﴿سورۃ آلِ عمران: ۱۷۳﴾

مخالف پارٹی کا تصور کرتے ہوئے مسلسل ''ھُوَ الۡاَبۡتَرُ'' پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ، مخالف کی ہر سازش ناکام ہوگی اور فیصلہ آپ ہی کے حق میں ہوگا۔ پیچھے پیغام لگا دیا ہے۔ غیبی مدد بھی آپ کے ساتھ ہوگی۔ باقی اللہ ﷻ جو فیصلہ فرمائیں، نتیجہ تو وہی نکلتا ہے۔ اس لیے خوب دعاؤں کا اہتمام بھی کریں۔

موٹر سائیکل کی ضرورت ہے

سوال میں ایک مدرسہ کا طالب علم ہوں۔ گھر مدرسہ سے کافی دور ہے۔ میرے پاس موٹر سائیکل نہیں ہے، اس کے لیے کوئی وظیفہ عنایت فرما دیں تاکہ میری یہ مشکل دور ہو جائے۔ (م، عارف والا)

جواب آپ یَا مُغۡنِیُ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روز پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ، چالیس دن کے اندر کوئی نہ کوئی انتظام ہو جائے گا۔ دنیاوی اعتبار سے بھی کوشش کرتے رہیں۔

مشکلات کا حل

سوال مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں کہ میری مشکلیں حل ہو جائیں۔ (صادق تنولی، مانسہرہ)

جواب ان آیات کو ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ اور عشاء کے بعد 313 مرتبہ پڑھ کر اپنی مشکلات حل ہونے کی دعا مانگیں۔ آیات یہ ہیں:

لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ

حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿١٢٨﴾ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿١٢٩﴾ (توبہ: ۱۲۸-۱۲۹)

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے عجیب وغریب تاثیر رکھی ہے۔ جن لوگوں نے اس وظیفہ کو پڑھا ہے، وہی اس کا اثر جانتے ہیں۔

زمین نہیں بک رہی

سوال: ہماری کچھ زمین شیخوپورہ میں ہے، وہ نہیں بک رہی۔ اس کے لیے کچھ بتادیں۔ (م۔ لاہور)

جواب: سورۂ یٰسین روزانہ ایک بار پڑھیں۔ جب مبین پر پہنچیں تو سات (۷) بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ، اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ ان شاء اللہ، جلد ہی کوئی نہ کوئی سبب بن جائے گا۔

اپنے گھر کا کوئی بندوبست ہو جائے

سوال: ہمارا اپنا گھر نہیں ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ دے دیں کہ اپنے گھر کا بندوبست ہوجائے۔ کوشش کر رہے ہیں مگر کامیابی نہیں ہو رہی۔ (ع۔ لاہور)

جواب: فجر کی نماز کے بعد ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ سورۂ فاتحہ، اول و آخر نو بار درود شریف پڑھ کر اللہ جل جلالہٗ سے دعا کریں۔ ان شاء اللہ، گھر کے اسباب شروع ہو جائیں گے۔ دنیاوی تدابیر جاری رکھیں، صرف وظیفے پر اکتفا نہ کریں۔

ہندو لڑکی نوکری چھڑوانا چاہتی ہے

سوال: میں انڈیا سے ہوں۔ میں یہاں ایک کمپنی میں ٹیم لیڈر کے طور پر کام کر رہی ہوں۔ میری ایک ساتھی ورکر (جو کہ ہندو ہے)، میرے لئے بہت مشکلات پیدا کر رہی ہے۔ وہ میرے اور میرے مینجر کے درمیان اختلافات پیدا کر رہی ہے۔ وہ میری دشمن بن گئی ہے۔ میں نے بہت وظائف کئے ہیں مگر میرا کام نہیں ہوا۔ میں نوکری نہیں چھوڑ سکتی کیونکہ مجھے اس نوکری کی بہت ضرورت ہے۔ مجھے کوئی ایسا وظیفہ دیں جس کے پڑھنے سے وہ لڑکی کمپنی چھوڑ کر چلی جائے۔ (ام سلمٰی۔ انڈیا)

جواب: کوئی وقت مقرر کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ یہ دعا پڑھیں

اللّٰھم انا نجعلک فی نحورھم و نعوذبک من شرورھم

اور لڑکی کا تصور کر کے اس پر دم کریں اور وہ منظر تصور کریں، جو آپ چاہتی ہیں کہ ہو جائے۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) دن میں وہ دفتر چھوڑ جائے گی یا آپ کی مخالفت چھوڑ دے گی۔ وظیفہ کے آغاز میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنا۔ وظیفہ پڑھ کر دعا کریں اور اس کے اول و آخر درود شریف پڑھیں۔

کام میں برکت

سوال: میرے کام میں بالکل برکت نہیں ہے۔ مسلسل نقصان پر نقصان ہو رہا ہے۔ کاروبار میں برکت کا کوئی عمل ارشاد فرمادیں۔

جواب: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ ۝ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ۝

پابندی سے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے۔ ان شاء اللہ بہت جلد کاروبار ترقی کرے گا۔

زمین جلد بک جائے

سوال: ہماری سرگودھا میں کچھ زمین ہے، ہم چاہتے ہیں کہ وہ جلد بک جائے اور کوئی رکاوٹیں نہ آئیں۔ اس سلسلے میں کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ ہم آپ کے بہت ممنون ہوں گے۔ (ع۔ لاہور)

جواب: یہ وظیفہ اکیس (۲۱) یوم پابندی سے کریں۔ سب سے بہتر وقت نماز عصر کے بعد کا ہے۔ گھر والے بھی مل کر پڑھ سکتے ہیں۔

کوئی بھی درود شریف تین سو پینسٹھ (۳۶۵) بار اور مندرجہ ذیل کلمات

تین سو پینسٹھ (۳۶۵) بار پڑھیں اور دعا مانگیں۔ اگر زیادہ افراد مل کر پڑھیں تو اختتام تک سب بیٹھے رہیں اور کوئی ایک دعا کروائے۔ کلمات یہ ہیں: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللهِ اِلَّا اِلَى اللهِ۔ ان شاء اللہ زمین بکنے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اگر گاہک لگ جائیں اور ڈیل مکمل نہ ہو تو اکیس یوم کے بعد بھی وظیفہ کو جاری رکھیں، جب تک ڈیل نہ ہو۔ چالیس یوم سے زیادہ نہیں پڑھنا۔ ان شاء اللہ، زمین بک جائے گی۔

اپیل منظور کروانا

سوال میں نے UK پڑھائی کے لئے ویزہ apply کیا تھا۔ مگر میرا کیس refuse ہو گیا۔ میں نے اپیل کی ہوئی ہے۔ مہربانی فرما کر کچھ وظیفہ بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہو جائے۔ (پوشیدہ)

جواب جمعہ کے روز بعد نماز عصر ستر (۷۰) بار آیت الکرسی پڑھ کر عاجزی سے اللہ کے حضور اپنی حاجت پیش کریں۔ اور پابندی سے ہر جمعہ کو یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ اپیل منظور ہو جائے گی۔ دنیاوی تدابیر کی اپنی اہمیت ہوتی ہے۔ ان تدابیر کو ہرگز فراموش نہیں کرنا چاہئے۔ صحیح فائدہ تب ہی ہوتا ہے جب دنیاوی تدابیر میں کمی نہ رہے۔

گھر بک جائے

سوال میرا ایک گھر نہیں بک رہا۔ اس کے لئے کوئی روحانی مشورہ دیں۔ (صفدر، حافظ آباد)

جواب ایک وقت مقرر کر کے ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یَا مُجِيْبَ الدَّعْوَةِ کا ورد کم از کم چالیس (۴۰) روز کریں۔ گھر کے تمام افراد چلتے پھرتے یَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ کا ورد کریں۔

حق واپس لینا

سوال میرا بڑا بھائی مجھے ہمارے والد کے مکان میں سے حصہ نہیں دے رہا ہے۔ بڑی کوشش کی اور بہت لوگوں کو بیچ میں ڈالا مگر معاملہ حل نہ ہوا۔ میں جھگڑا کرنے کے قابل نہیں ہوں۔ میں سوچتا ہوں کہ روحانی طریقہ سے کچھ مسئلہ حل ہو جائے تو اچھا ہے۔ مہربانی فرما کر میری اس سلسلے میں مدد فرمائیں۔ (پوشیدہ)

جواب اس کے لئے آپ کو ایک وظیفہ دیتا ہوں۔ مدت عمل کم از کم 41 دن ہے۔ اور زیادہ سے زیادہ مدت تین چلے ہیں یعنی 41 دنوں کے تین چلے۔ بعد تین چلوں کے 41 دن تک مزید انتظار کریں۔ کوئی عمل نہ کریں۔ بعد نماز عشاء 313 بار یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

قید سے رہائی

سوال میرے شوہر کو ایجنسی والے اٹھا کر لے گئے ہیں۔ کچھ پتہ نہیں لگ رہا۔ مہربانی فرما کر کوئی وظیفہ بتائیں۔ (پوشیدہ، کراچی)

جواب صبح و شام پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (آل عمران: ۱۷۳)، اول و آخر پچاس بار کوئی بھی درود شریف۔ ساتھ ہی ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (الانبیاء: ۸۷)، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ اس عمل کو پابندی سے کم از کم اکیس (۲۱) یوم اور زیادہ سے زیادہ چالیس (۴۰) یوم کریں۔ ان شاء اللہ، اگر آپ کے شوہر بے گناہ ہیں تو ضرور رہا ہو جائیں گے، چاہے کتنے بھی خطرناک الزامات کے تحت گرفتار ہوئے ہوں۔

غلط عورت سے جدائی

سوال میرا بھائی کا ایک مسئلہ ہے۔ وہ کسی غلط عورت کے چکر میں پڑ گیا ہے۔ اس عورت کی کئی مردوں سے دوستی ہے۔ بھائی بہت بے وقوف ہے۔ اسی لیے اس عورت کے چکر میں آسانی سے آ گیا۔ رات کو دیر تک اس سے

باتیں کرتا ہے۔ اس کو تحفے تحائف دیتا ہے۔ بھائی کی آمدنی ابھی زیادہ نہیں لیکن جب سے اس عورت کا چکر ہوا ہے، گھر میں پیسے بھی نہ ہونے کے برابر دیتا ہے۔ پتہ نہیں کہ اس عورت نے میرے بھائی پر کیا جادو کر دیا ہے؟ میں چاہتی ہوں کہ بھائی اس عورت کو چھوڑ دے۔ (ز، لاہور)

جواب محترمہ! ایک بات یاد رکھیں کہ جب کسی مرد کو خواتین سے اس طرح کی دوستی کی عادت پڑ جائے، جس طرح کی آپ نے لکھی ہے تو اس کی جھجک ختم ہو جاتی ہے۔ اگر ایک سے دوستی ٹوٹ بھی گئی تو دوسری سے ہو سکتی ہے۔ اس لیے سب سے پہلے ضروری ہے کہ آپ اپنے بھائی سے کھل کر بات کریں کہ اس نے دوستی کی کیوں ہے؟ تا کہ آپ کو پتہ لگ سکے کہ وہ شادی کرنا چاہتا ہے، ٹائم پاس کرنا چاہتا ہے یا اور کوئی مقصد ہے۔ بھائی جو بھی جواب دیں، اس سے مطلع فرمائیں۔

جہاں تک اس خاتون کا تعلق ہے، میرے حساب میں وہ ایک ایسی عورت ہے، جس کو کسی طور بھی بیوی بنانا مناسب نہیں۔ اگر نسل ہی خراب کرنی ہے تو اپنی مرضی۔ اس سے جدائی کے لیے آپ کو تعویذ ارسال کر رہا ہوں۔ اس کو منگل کے روز، زوال کے وقت، دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دیں۔ پھر پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ جو بھی دفن کر کے آئے، واپس آ کر غسل کر کے دوسرے کپڑے پہن لے۔ اتارے ہوئے کپڑے دھو کر استعمال کر سکتے ہیں۔

مقدمہ جیتنے کا وظیفہ

سوال مجھے کوئی مقدمہ جیتنے کا مجرب وظیفہ عنایت فرمائیں۔ میرے کچھ مقدمات ہیں اور ان کے سلسلے میں میں بہت پریشان ہوں۔ میں حق پر ہوں مگر رکاوٹیں بہت ہیں۔ دوسری پارٹی اثر و رسوخ والی ہے۔ (ع، پشاور)

جواب آپ نے لکھا کہ آپ حق پر ہیں تو اللہ ﷻ ضرور مدد فرمائیں گے۔ پابندی سے اس وظیفہ کو پڑھیں اور فرائض و واجبات کی ادائیگی اور گناہوں سے اجتناب لازم کریں۔

ایک وقت مقرر کر لیں اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود تنجینا اور درمیان میں پانچ سو (۵۰۰) بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھیں اور پھر اپنے مقصد کی دعا کریں۔ اس وظیفہ کی کوئی مدت مقرر نہیں۔ بہت مجرب وظیفہ ہے۔

جس دن پیشی ہو، اس سے پچھلی رات کوشش کریں کہ سات یا گیارہ افراد آپ کے لیے یہی وظیفہ پڑھ لیں۔ ان شاء اللہ، مقدمہ آپ کے حق میں ہی ہوگا۔

ہر طرح کی حفاظت

سوال مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں جن سے ہر طرح کی حفاظت رہے۔ (رخشندہ، لاہور)

جواب یہ آیتیں رات کو پڑھ کر سو جائیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ چور اور ہر شے سے محفوظ رہیں گی۔ آیات یہ ہیں:

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرۃ: ۲۸۵-۲۸۶)

دوست بن جائیں

سوال میرا مسئلہ کچھ یوں ہے کہ ہم کافی دوست مل کر فٹ بال کھیلتے ہیں،

اتوار کو دو نئے لڑکے آئے۔ جن سے آہستہ آہستہ میری دوستی بڑھنے لگی جس وجہ سے میری دوسرے دوستوں سے لڑائی ہونے لگی۔ کوئی حل بتائیں کہ ہم سب دوست بن جائیں اور کبھی نہ لڑیں۔ برائے مہربانی کوئی وظیفہ بتائیں۔

جواب: روزانہ سلم قولا من رب رحیم (۸۸۰) مرتبہ پڑھیں۔ چالیس دن پڑھنا ہے۔ ان شاء اللہ آپ کا مقصد حل ہو جائے گا۔

چوری کا سامان واپس ہو

سوال: میرے گھر میں چند روز قبل چوری ہوگئی۔ کیا آپ کوئی پڑھنے کا عمل بتا سکتے ہیں جس سے ہمارا سامان واپس مل جائے؟

جواب: اگر سامان چوروں کے پاس ہوگا تو ان شاء اللہ ضرور مل جائے گا۔ جس دروازہ سے مال نکلا ہے اس میں کھڑے ہو کر سورۂ طارق پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ سامان واپس آئے گا یا پڑھنے والے کو خواب میں دکھا دیا جائے گا۔

سود کا نقصان

سوال: میرے اوپر بینکوں کا بہت قرضہ ہے اور کاروبار میں بہت رکاوٹیں ہیں۔ مجھے کچھ ایسا بتائیں کہ میرے گھر پر اور کاروبار میں برکتیں اور رحمتیں نازل ہوں۔ ساتھ ہی یہ بھی بتائیں کہ کیا کسی نے میرے اوپر کچھ کیا تو نہیں؟ (پوشیدہ)

جواب: آپ نے جو صورتحال لکھی ہے کہ آپ پر بینکوں کے قرضے ہیں اور کاروبار میں بہت رکاوٹیں ہیں۔ بھائی! میں نے اپنی مختصر سی زندگی میں کوئی بھی ایسا فرد نہیں دیکھا جو سودی قرضے میں مبتلا ہو اور پریشانیاں اس کے گھر ڈیرہ نہ ڈال کر بیٹھی ہوئی ہوں۔ یہ وہ واحد گناہ ہے جس میں مبتلا شخص کے خلاف اللہ جل شانہ اور اس کے رسول ﷺ نے اعلانِ جنگ کیا ہے۔ آپ مجھے صرف اتنا بتا دیں کہ اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کسی شخص کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیں تو کیا اس شخص کے گھر برکتیں اور رحمتیں نازل ہو سکتی ہیں؟ جس نے برکتیں اور رحمتیں بھیجنی ہیں، اس کو تو آپ نے سخت ناراض کیا ہوا ہے۔ اس وقت تو سب سے بہتر عمل یہ ہے کہ کثرت سے رو رو کر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی جائے اور سودی معاملات سے ہمیشہ کے لئے توبہ کر لی جائے اور رو رو کر سود سے نجات کی دعا مانگی جائے۔ کوئی بھی وظیفہ ہو یا تعویذ یا عمل، اثر تو اللہ تعالیٰ ہی ڈالتے ہیں۔ روزانہ دو رکعت صلوٰۃ التوبہ پڑھیں اور دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر آپ کو خواب آئے گا۔ وہ مجھے آپ فون پر بتائیں۔ مگر یاد رکھیں کہ سچی توبہ اور رو رو کر، خوب گڑگڑا کر دعا مانگنی ہے اور توبہ کرنی ہے۔ اس خواب میں آپ کو نجات کے راستے کا پتہ چلے گا۔ دوسری بات کہ آپ کے اوپر کسی نے کچھ کیا ہے یا نہیں تو اس کے لئے آپ کو اپنی پاسپورٹ سائز تصویر اور پہنا ہوا کپڑا بھجوانا پڑے گا۔ بھجوانے سے قبل فون پر بات کر کے اچھی طرح سمجھ لیں تو بہتر ہوگا۔ اگر تصویر نہ بھی بھیجنا چاہیں تو نہ بھیجیں مگر کپڑا بھیجنا لازمی ہے۔ میری باتوں کا برا نہ منایئے گا۔

والدہ کی برزخی حالت معلوم کرنا چاہتا ہوں

سوال: میری والدہ کا حال ہی میں انتقال ہوا ہے۔ میں اپنی والدہ سے بہت ہی محبت کرتا ہوں۔ ان کے انتقال کے بعد بے حد بے چینی ہے کہ وہ قبر میں یا برزخ میں کس حال میں ہوں گی؟ میں نے سنا ہے کہ جو لوگ کشفِ قبور جانتے ہیں، وہ بتا سکتے ہیں۔ کیا اس سلسلے میں آپ میری کوئی مدد کر سکتے ہیں؟ (ا، کوہاٹ)

جواب: کشفِ قبور کے سلسلے میں تو معذرت چاہتا ہوں۔ آپ اپنے قریب ہی کسی بزرگ کو تلاش کریں۔ ویسے یہ مشکل کام ہے کیونکہ اگر کسی کو یہ نعمت حاصل ہوگی تو وہ اس کا اظہار نہیں کرے گا۔

ایک اور طریقہ ہے کہ آپ خواب میں حالات نظر آنے کا عمل کر لیں۔ ان شاء اللہ، آپ کے سوال کا جواب مل جائے گا اور یقینی بھی ہوگا کیونکہ کشفِ قبور کے عمل میں یہ بات یقینی نہیں کہی جا سکتی کہ صحیح کشف ہوا ہے یا

نہیں۔ دوسری صورت میں آپ سوالی ہیں اور اللہ ﷻ کی طرف سے جواب آئے گا۔ عمل یہ ہے:

سونے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر گیارہ (۱۱) بار درود ابراہیمی پڑھیں اور درمیان میں "یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ" پڑھیں۔ پڑھنے کی تعداد کا اصول یہ ہے کہ ان دونوں اسماء الحسنیٰ کے اعداد (۹۶۲) اور اپنی والدہ کے نام اور ان کی والدہ کے نام کے اعداد کو جمع کریں اور جتنے حروف بنتے ہیں، اتنے دن تک یہ عمل کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ، آپ کو اپنی والدہ کی برزخی حالت پتہ لگ جائے گی۔ اس کا ذکر کسی سے نہ کریں اور اگر کسی ابتر حالت میں دیکھیں تو ان کے لیے کثرت سے صدقہ اور استغفار کریں۔

اس عمل کو کھیل نہ بنائیں۔ یہ ایک روحانی راز ہے جو آپ کو دیا ہے۔ اگر آپ کی والدہ کا معاملہ نہ ہوتا تو شاید میں کبھی نہ بتاتا۔

بہت عامل پیچھے پڑے ہوئے ہیں

سوال میرا ایک مسئلہ ہے۔ بیمار رہوں، خوف آتا رہتا ہے، ذہنی ٹینشن ہے۔ بہت عامل میرے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔ مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (نوید)

جواب آپ قصیدہ طوبیٰ روزانہ ایک بار پڑھیں۔ اول و آخر ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ پانی پر دم کریں۔ پئیں اور چھڑکیں۔ اکیس (۲۱) دن بعد حالات کی اطلاع کریں۔ یاد رکھیں کہ قصیدہ طوبیٰ کوئی معمولی عمل نہیں ہے۔ یقین سے کریں۔ جتنے بھی جادوگر پیچھے ہوں گے، سب پیچھا چھوڑ دیں گے۔

شوہر کے باس بہت غصہ کرتے ہیں

سوال میرے شوہر کے باس پاکستان سے باہر ہوتے ہیں۔ الحمدللہ، میرے شوہر کو باس کی طرف سے جتنا بھی sale کا target دیا جاتا ہے، وہ پورا کر لیتے ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ اس پر میرے شوہر کے باس کو خوش ہونا چاہئے، الٹا وہ ناراض ہوتے رہتے ہیں۔ بات بات پر غصہ ہوتے رہتے ہیں۔ میرے شوہر کو ہفتہ اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔ وہ ہفتہ والے دن کوئی کام کہہ دیتے ہیں۔ اگر جواب نہ دو تو پھر غصہ ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب "میں ہفتہ کو کام کر رہا ہوں تو تم کیوں نہیں کر رہے؟" ان کو بھی ہفتہ کو چھٹی ہوتی ہے۔ پھر بھی میرے شوہر کو تنگ کرتے رہتے ہیں۔ مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں تاکہ میرے شوہر کے باس ان کے کام سے خوش ہوں اور بے جا غصہ کرنا چھوڑ دیں۔ (ر، لاہور)

جواب محترمہ! آپ کے باس دراصل آپ کے شوہر سے حسد کرتے ہیں۔ اور اسی حسد میں ان سے ایسی حرکتیں ہوتی رہتی ہیں۔ آپ اپنے شوہر سے کہیں کہ ایک بار سورہ یٰسین روزانہ اپنے باس کی نیت کرکے پڑھ لیا کریں اور دعا کریں کہ ان کا باس ان کے حق میں نرم ہو، کام سے خوش ہو اور ان کو ترقی بھی دے۔ اس عمل کو کم از کم چالیس یوم پابندی سے کریں۔ پھر اطلاع کریں۔ جس دن وہ نہ پڑھ پائیں، آپ پڑھ دیا کریں۔

عورت سے دوستی کرنا ہے

سوال سلام۔ میرا ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے۔ مجھے ایک عورت سے دوستی کرنی ہے۔ (وقار احمد، نامعلوم)

جواب وعلیکم السلام۔ سوال جس انداز میں کیا گیا ہے، اس سے معاملہ جائز معلوم نہیں ہوتا۔ اس لیے معذرت۔ ہم ناجائز کام بالکل نہیں کرتے۔ اور آپ سے بھی یہی عرض کرتے ہیں کہ حرام کام سے بچیں، ایسے معاملات میں عاملین بہت لوٹتے ہیں۔ کسی بھی عورت سے دوستی، کسی بھی صورت میں جائز نہیں۔ بہتر ہے کہ آپ کسی قریبی مفتی صاحب سے جا کر ملیں۔

چوری کا سراغ ملے

سوال میرے گھر میں چند روز قبل چوری ہوگئی۔ کیا آپ کوئی پڑھنے کا عمل بتا سکتے ہیں جس سے ہمارا سامان واپس مل جائے؟ (اسلم، قصور)

جواب اگر سامان چوروں کے پاس ہوگا تو ان شاء اللہ ضرور مل جائے گا۔ جس دروازہ سے مال نکلا ہے اس میں کھڑے ہوکر سورۂ طارق پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ سامان واپس آئے گا یا اس کو خواب میں دکھا دیا جائے گا۔ اس کا ایک خاص طریقہ ہے کہ صبح اور مغرب کے وقت دروازہ میں کھڑے ہو کر اکیس یا اکتالیس بار اس سورت کو پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔ یہ عمل گھر کے دوسرے افراد بھی کر سکتے ہیں۔ کم از کم گیارہ، پھر اکیس اور حد اکتالیس روز عمل کو پڑھیں۔

رکشہ اور قبرستان پھینکنے والا صدقہ

سوال میں رکشہ چلاتا ہوں۔ میرے رکشے میں ایک خاتون بیٹھی۔ اس نے قبرستان چلنے کو کہا۔ اس نے ایک لفافہ پکڑا ہوا تھا۔ راستے میں ایک جھٹکے سے لفافہ رکشہ میں گر گیا اور اس میں کالے رنگ کی دال رکشہ میں گر گئی۔ میں نے جب اس سے پوچھا تو اس نے کہا کہ یہ صدقہ ہے اور قبرستان میں پھینکنا ہے۔ میں نے اس کو قبرستان اتارا اور جلدی سے گھر جا کر رکشہ کھڑا کر دیا۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں کوئی نقصان نہ ہو جائے کیونکہ اکثر میرے رکشے کے نقصان ہوتے رہتے ہیں۔ مجھے بتائیں کہ میں کیا کروں؟ (علی، لاہور)

جواب آپ بے فکر رہیں۔ یہ عمل نہیں تھا، صرف صدقہ تھا۔ اس لیے آپ کے رکشہ پر اس صدقہ کے گرنے سے کوئی اثرات نہیں آئے۔ البتہ آپ کے رکشہ پر اثرات ہیں۔ اس کے لیے آپ کو ایک تعویذ دے رہا ہوں۔ اس کو پانی میں گھول کر صبح اور رات کے وقت رکشہ پر چھڑک دیا کریں۔ باقی دن میں مرضی ہے۔ عصر اور مغرب کے درمیان ایک بار اور چھڑک دیا کریں۔ ان شاء اللہ، نقصان ہونا بھی بند ہو جائیں گے۔

مدرسے والے گھر نہیں دے رہے

سوال میں کراچی میں رہتا ہوں۔ میری فیملی بہت دور شہر میں رہتی ہے۔ میں مدرسہ میں پڑھاتا ہوں۔ میں نے کئی بار درخواست دی کہ مجھے گھر دیا جائے مگر میری درخواست منظور نہیں ہو رہی۔ فیملی سے ملنے بہت دور جانا پڑتا ہے جس کی وجہ سے خرچہ بھی ہوتا ہے اور ہمت بھی نہیں ہے۔ میں گھر کا حقدار بھی ہوں اور مدرسہ والوں کے پاس گھر بھی دینے کو ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں کہ مہتمم صاحب میری بات مان جائیں۔ (پوشیدہ)

جواب محترم! ایسے تو بہت سے عمل ہیں کہ کسی پر کوئی مخلوق مسلط کر کے اس سے اپنی مرضی کا کام لیا جا سکے مگر اس میں ''جبر'' پایا جاتا ہے جو جائز نہیں۔ جیسا مسئلہ آپ کا ہے، ایسے مسائل میں ایسے وظیفے کرنے چاہئیں جس سے مطلوب کا دل نرم ہو اور آپ کی بات توجہ سے سنے مگر فیصلہ بلا جبر کرے۔ اگر وہ ناجائز کسی کو فیور دے رہا ہے تو الگ بات ہے۔ اس کے لیے مفتیانِ کرام سے پوچھ کر سخت عمل بھی کیا جا سکتا ہے۔

آپ کو گیارہ دن کا عمل بتا رہا ہوں۔ کوئی ایک وقت مقرر کر کے گیارہ سو (۱۱۰۰) بار سَلٰمٌ ۜ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿سُوْرَۃُ یٰسٓ: ۵۸﴾ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ جب وظیفہ پڑھ چکیں تو مہتمم کو تصور میں لا کر ان کے دل و دماغ پر دم کریں اور آہستہ سے اپنا مطلب بیان کریں۔ ان گیارہ دنوں میں مہتمم سے گھر کے سلسلے میں کوئی بات نہ کریں۔ گیارہ روز ختم کر کے بارہویں روز لازمی بات کریں۔ ان شاء اللہ وہ مان جائیں گے۔

دلی مقصد میں کامیابی کے لیے

سوال مجھے ایسا کوئی خاص وظیفہ بتائیں کہ میرے دلی مقاصد میں مجھے کامیابی مل جائے۔ میں بہت پریشانیوں میں گھرا ہوا ہوں۔ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔ (عدیل خان، پشاور)

جواب دلی مقصد میں کامیابی کے لیے جمعہ کے دن باوضو بعد نماز عصر قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز مغرب تک (یعنی مغرب کی اذان تک) برابر پڑھتے رہیں۔ درمیان میں کسی بھی قسم کا کلام نہ کریں۔ وہ اسماء یہ ہیں:

یَآ اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

چہل کاف کا دس ہزار (10000) خانوں کا خاص نقش

چہل کاف کے تمام خواص کا جامع نقش جو چہل کاف جفر جامع کے اعداد سے وضع کیا گیا ہے۔ یہ نقش چہل کاف کے جمیع حروف کی تکرار، اسماء الٰہیہ، اسماء مؤکلات اور چہل کاف سے عددی مناسبت رکھنے والی سورتوں اور آیات کے اعداد کا مجموعہ ہے۔ یہ نقش نہایت سریع الاثر اور جمیع مقاصد کیلئے مجرب ہے۔ اس نقش کے خواص احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔ جو صاحب استعمال کریں گے وہ خود جان جائیں گے۔

محدود سٹاک | آرٹ پیپر | بڑا سائز

٭ جس مقام پر رکھا جائے گا خوشحالی ہی خوشحالی ہو جائے گی ٭ ترقی پر گامزن ہو جائے گا ٭ تمام نحوستیں ختم ٭ ہر قسم کا جادو ٹونا کا اعلیٰ ترین توڑ ٭ ہر طرح کی نظرِ بد ختم ٭ ہر قسم کی بندشیں ختم ٭ بے برکتی دور ہو گی ٭ اس کی ہیبت سے قومِ جنات لرزتی ہے ٭ اعمالِ سفلی اس کی برکت سے فنا ہو جاتے ہیں ٭ جہاں یہ نقش ہو گا، قومِ جنات اس مقام سے کوسوں دور بھاگ جاتی ہیں ٭ جہاں یہ نقش ہو گا، اس علاقے میں موجود جادوگروں کے اعمال سلب ہو جاتے ہیں ٭ جادو اور جنات سے حفاظت ٭ کبھی فقر و فاقہ اور تنگ دستی کا سامنا نہ ہو ٭ سالوں کے مسائل دنوں حل ہوں گے، ان شاء اللہ ٭ جمیع حاجات کا حصول ٭ جمیع مسائل کا حل۔

شاگرد اور عاملین کے لیے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 700 روپے

٭٭٭ عاملین اعتماد سے یہ خاص نقش منگوائیں اور اپنے مریضوں کو استعمال کروائیں اور اپنی شہرت میں اضافہ کریں۔ **عوام کے لیے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 1100 روپے**

نوٹ اس نقش پر سائل اور اس کے مقصد کے لحاظ سے کئی عاملین چہل کاف کا خاص دم کرتے ہیں۔ جس سے اس کے فوائد میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے۔

شاگرد اور عاملین کے لیے غیر دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 350 روپے (رعائتی قیمت) عاملین کے لیے زیادہ تعویذ منگوانے پر خصوصی ڈسکاؤنٹ ہو گا۔

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

اکتوبر 2019ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ اعمال ____________

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 042-35410586

جواہراتی تسبیحات

کوئی دعویٰ نہیں | کوئی وعدہ نہیں

زندگی کے عمومی مسائل کے حل، روحانی مسائل کے حل، عملیات میں کامیابی، ستاروں کی نحوست خواہ عمومی ہو یا خصوصی...... وہ عملیات میں ہو، چلہ کشی کے دوران ہو یا عام زندگی میں، ناکامی اور پریشانی کو دور کرنے کے واسطے پتھر اور جواہرات انگوٹھی میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ جو فوائد جواہراتی انگوٹھی کے ہیں وہ تمام فوائد جواہراتی تسبیح کے بھی ہیں۔

پتھر	دانے	قیمت
فیروزہ/عقیق (سفید،سرخ)	33 دانے	300
فیروزہ/عقیق (سفید،سرخ)	100 موٹے دانے والی	650
فیروزہ/عقیق (سفید،سرخ)	100 باریک دانے والی	450

نیز اس کے علاوہ کسی بھی پتھر کی تسبیح آرڈر پر بنوائی جا سکتی ہے۔

اجتماع کی شرائط وضوابط

1. دارالعمل چشتیہ کا سالانہ اجتماع ہر سال صفر المظفر کے مہینے میں ۶۔۷۔۸ تاریخ کو منعقد ہوتا ہے۔

2. اپنے آنے کی ادارے کو یکم صفر المظفر تک اطلاع دیں۔ اجتماع میں تشریف لانے والے تمام دوست واحباب بذریعہ خط، میسج یا فون کر کے اپنا نام درج کروالیں۔ چونکہ ایک محدود تعداد مکمل ہوجانے پر کہیں آپ آنے اور چاہنے کے باوجود بھی اس اجتماع سے محروم نہ رہ جائیں۔

3. اجتماع میں آنے والے ہر شخص کو 5 صفر (انگریزی تاریخ اور دن کا حساب لگا کر) عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے۔ چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہوجاتے ہیں۔

4. اجتماع میں تشریف لانے والے تمام نئے اور پرانے شرکاء کو فائدے اور بھرپور روحانی استفادے کیلئے بنائے گئے تمام اصول وضوابط کی پابندی کرنا ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں اجتماع کی انتظامیہ کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ آپ کو اجتماع سے واپس بھیج دیں۔

5. ملکی حالات اور سکیورٹی کے پیش نظر تمام شرکاء اجتماع اپنا اصل شناختی کارڈ اور 2 شناختی کارڈ کی کاپی لانا ہرگز ہرگز نہ بھولیں، بصورت دیگر ہم معذرت چاہیں گے۔ 2 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو لائیں۔ 3 سفید چادر برائے خیمہ (بڑے اعمال کیلئے)۔ مسواک، خوشبو، تسبیح، تسبیح کاؤنٹر وغیرہ ہمراہ لائیں۔

6. تین دن کے اجتماع میں شریک ہونے والے تمام شرکاء سے گذارش ہے کہ وہ اجتماع میں شریک کسی بھی فرد سے مالی یا کوئی بھی معاملہ اپنی ذمہ داری پر کریں۔ ادارہ کسی بھی قسم کے معاملے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

7. اپنے اعمال کا کسی بھی ساتھی سے ذکر نہ کریں۔

ضروری ہدایات

1. اجتماع گاہ دارالعمل سے کافی فاصلے پر ہے۔ لہٰذا دارالعمل آنے کی غلطی نہ کریں، بیدیاں خاص پہنچ کر جامع مسجد اللہ اکبر میں تشریف لائیں۔

2. اجتماع میں دعائے حزب البحر، دعائے حزب النصر اور دیگر بہت سارے باموکل وغیر باموکل اعمال کی ریاضت اپنی نگرانی میں کروائی جاتی ہے۔

3. باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کردیں۔

4. ہماری روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ اپنی تمام اجازت والی کاپیاں ساتھ لائیں چونکہ ان تمام اعمال کی خصوصی کلاسیں ہوں گی۔

5. اسی طرح اگر کسی طالب علم کو کوئی بات پوچھنی ہے یا روحانی علاج میں کوئی رکاوٹ ہے یا مزید کچھ سمجھنا چاہتا ہے تو وہ اپنے سوالات باقاعدہ کاغذ پر تحریر کر کے لائے تاکہ آپ کی مکمل رہنمائی کی جاسکے۔

6. اجتماع کے ان 3 دنوں میں روزہ رکھنا ضروری ہوتا ہے نیز سحری، افطاری کا کھانا ترک حیوانات کے پرہیز کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ 3 دن کے کھانے اور آخری دن بکروں کے صدقے کے تمام اخراجات بذمہ شرکاء اجتماع ہوں گے۔ لہٰذا اجتماع میں پہنچتے ہی انتظامیہ کے پاس اخراجات کی رقم جمع کروانا ضروری ہے۔ 3 دن کے لنگر اور آخری دن بکرا صدقہ کیلئے فی کس اندازاً -/4500 روپے (کمی بیشی بعد میں) ہمراہ لائیں۔

7. مختلف بیانات خاص کر جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے بیان میں تصویر کھینچنا سخت منع ہے۔ (ویڈیو ہر حال میں منع ہے)

8. اجتماع میں تشریف لانے والے نئے دوست واحباب کیلئے ہماری روحانی درسگاہ سے سکھائے جانے والے تمام فری اور فیس والے اعمال کی اجازت، ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبرشپ اور روحانی دکان کی تمام اشیاء اجتماع گاہ سے ہی حاصل کرسکتے ہیں۔ اس کیلئے دارالعمل آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

9. اجتماع میں ریاضتی اعمال کرنے والوں کی دستار بندی بعد نماز مغرب ہو گی۔ اجتماع کی تمام تر تفصیلات جاننے کیلئے ان فون نمبرز پر رابطہ فرمائیں۔